کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

# روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 بدھ 22 جمادی الثانی 1446ھ 25 دسمبر 2024ء صفحات 08 شمارہ 178

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 30 روپے


غیر ضروری چیک پوسٹیں ختم کی جائیں، اراکین اسمبلی

# عام لوگوں کو تنگ نہیں کیا جائیگا ایس بی کے میں پالیسی کے مطابق بھرتیاں ہونگی، وزیراعلیٰ

حکومت گیس پریشر کا مسئلہ بھی حل کرے، نواب رئیسانی، چیک پوسٹوں پر شہریوں کا وقت ضائع کیا جاتا ہے، یونس عزیز زہری، ایس بی کے تحت بھرتی کا مسئلہ پانچ سال سے چل رہا ہے، راحیلہ درانی کا اظہار خیال

محترمہ بینظیر بھٹو تاریخ کی عظیم رہنما، لازوال جدوجہد اور قربانیوں کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا، سرفراز بگٹی، اتفاق رائے سے صوبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کام کریں گے، اراکین سے گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے صوبے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے حوالے سے کیسکو چیف کو طلب کرنے کے ساتھ ساتھ صوبے میں بی ایریا کو ختم کرکے اے ایریا میں تبدیل...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژن صدور اور جنرل سیکرٹریز کا اجلاس منگل کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

## فوجی عدالتوں سے دی گئی سزاؤں پر سخت تشویش ہے، امریکہ

پاکستانی حکام آئین میں درج انصاف کے حق کا احترام کریں، ترجمان امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکہ نے 9 مئی کے مقدمات میں فوجی...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

## سیاست کرنے والے فوجیوں کیخلاف تحقیقات ہونی چاہئیں، عارف علوی

عمران نے کہا ہے مذاکرات کرو، بات چیت مقتدر لوگوں سے ہونی چاہیے، سابق صدر

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق صدر عارف علوی نے کہا ہے سیاست میں...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

## جی ایچ کیو حملہ کیس، آخری 2 ملزموں پر بھی فرد جرم عائد

عمران خان و دیگر کی فوٹیج فراہمی درخواستیں مسترد، تمام ملزموں کو نوٹس

2 مسلسل غیر حاضر ملزموں کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع

اسلام آباد، راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس میں آخری 2 ملزموں پر بھی فرد جرم عائد کردی، دونوں ملزموں نے صحت جرم سے انکار...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

## اسٹیبلشمنٹ کیساتھ مذاکرات کا کچھ نہیں کہہ سکتے، عمر ایوب

ملٹری کورٹ کے فیصلے کو اعلیٰ عدلیہ میں چیلنج کریں گے، پوری دنیا مذمت کررہی ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے مقتدرہ یا خلائی مخلوق کیساتھ مذاکرات کا کچھ نہیں کہہ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

## اسپیکر نے پی ٹی آئی سے چیئرمین پی اے سی کیلئے نام مانگ لیے

نام نہ دیئے گئے تو الیکشن کرالیں گے، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے آگاہ کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی نے پی ٹی آئی سے پی اے سی کی چیئرمین شپ کیلئے نام مانگ لیے، ذرائع کے...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

# سول نافرمانی کی کال واپس نہیں ہوگی، مذاکرات جاری رکھے جائیں، عمران خان

سابق وزیراعظم سے بشریٰ، بیرسٹر گوہر و دیگر کی ملاقاتیں، حامد رضا کو مذاکراتی کمیٹی کا ترجمان مقرر کرنے کی ہدایت کردی

شکر ہے موجودہ حالات کا سپریم کورٹ کو احساس ہوگیا، مذاکرات کو جلد از جلد پایہ تکمیل کی طرف لے کر جائیں، بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان عمران خان نے سول نافرمانی کی کال واپس لینے کا حکومتی مطالبہ مسترد کرتے ہوئے پارٹی کو مذاکرات جاری رکھنے کی ہدایت کردی، سابق خاتون اول بشریٰ خیبر پختونخوا...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایس بی کے یونیورسٹی ٹیسٹ پاس کرنے والے امیدواران نے صوبائی اسمبلی کے سامنے دھرنا دے رکھا ہے

# پیپلزپارٹی، ن لیگ کے درمیان پاور شیئرنگ فارمولہ طے، ٹی او آرز بھی فائنل

رحیم یارخان اور ملتان ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ کمیٹیوں کی سربراہی پیپلز پارٹی کو دی جائیگی، اراکین اسمبلی کو مساوی فنڈز دینے پر بھی اتفاق

وفاق میں حکومت کی قیادت کرنیوالی پارٹی نے اپنی اتحادی جماعت کو پنجاب میں تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرادی، ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی ن لیگ کے درمیان پاور شیئرنگ فارمولا طے پا گیا، گورنر ہاؤس لاہور میں کوآرڈینیشن کمیٹیوں کے اجلاس میں خیر سگالی کمیٹی کے قیام کا اعلان اور معاہدے پر عملدرآمد کے ٹی او آرز بھی طے کیے گئے جبکہ وفاق میں حکومت کی قیادت کرنیوالی پارٹی نے اپنی اتحادی جماعت کو پنجاب میں تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرادی، ذرائع کے مطابق گورنر ہاؤس میں حکمران...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

## ڈیجیٹل اسپیس خطرے میں، نوجوانوں کو مزاحمت کرنا ہوگی، بلاول بھٹو

نوجوانوں نے اپنی تعلیم، آواز اور ہنر سے سارے بندوقوں والوں کو شکست دلوائی، طلبا سے خطاب

سکھر (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے ڈیجیٹل اسپیس خطرے میں ہے، نوجوانوں کو ہائی سپیڈ انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل رائٹس کیلئے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت اجلاس میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی وزرا، راحیلہ درانی، پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار کاکڑ و دیگر اظہار خیال کررہے ہیں

فوجی عدالتوں سے شہریوں کو ملنے والی سزاؤں پر بین الاقوامی ردعمل بلاجواز، پاکستان کی سیکورٹی کے فیصلے قوم کریگی، کسی بیرونی مداخلت کی ضرورت نہیں، دفتر خارجہ

# امریکی پابندیاں مسترد کرتے ہیں، پاکستان کے جوہری پروگرام پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، وزیراعظم کا وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب

جوہری پروگرام سو فیصد دفاعی مقاصد کیلئے، پاکستان کے خلاف کوئی جارحیت کی گئی تو ہم صرف اپنا دفاع کریں گے، قومی مفاد کا تقاضہ ہے کہ ہم اپنے ذاتی مفادات کو قومی مفادات کے تابع کریں، شہباز شریف

پاکستان کے آئین اور عدالتوں میں اندرونی معاملات حل کرنے کی مکمل صلاحیت موجود ہے، امریکا کی جانب سے پاکستانی میزائل پروگرام پر عائد پابندیاں غیرضروری اور ناانصافی پر مبنی ہیں، ممتاز زہرا بلوچ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکی پابندیاں بلاجواز ہیں، پاکستان کا جوہری پروگرام سو فیصد دفاعی مقاصد کیلئے ہے، یہ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

## حکومت کو سپورٹ دینے والوں کو سوچنا چاہیے یہ لوگ لے ڈوبیں گے، شیخ رشید

آئندہ ہفتوں میں بعض اہم فیصلے کرنا ہوں گے ورنہ عالمی دباؤ حکومت کے خلاف زیادہ بڑھ جائے گا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے حکومت کو سپورٹ دینے والوں کو سوچنا چاہیے، یہ لوگ لے ڈوبیں گے، انسداد...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

## وزارتوں میں 30 فیصد آسامیاں کم کرنے کی سفارش

کابینہ کے اراکین نے سفارشات پر اپنی آراء دیں، قومی خزانے کو 42.1 ارب کی بچت متوقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت کی رائٹ سائزنگ کمیٹی نے وزارتوں میں 30 فیصد آسامیاں کم کرنے کی سفارش کردی، سفارشات وزارت سائنس...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

## سریاب میں ریلوے ٹریک کے قریب زوردار دھماکہ

پورا علاقہ گونج اٹھا، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ریلوے ٹریک محفوظ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے سریاب میں نالے میں دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے ریلوے ٹریک محفوظ رہا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس کے مطابق گزشتہ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں مسیحی برادری آج کرسمس کا تہوار منائے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مسیحی برادری کرسمس کا تہوار 25 دسمبر بدھ کو جوش و خروش سے منائے گی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

## بلوچستان اسمبلی، میر علی حسن زہری نے حلف اٹھالیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس منگل کو اسپیکر کیپٹن (ر)...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

## گورنر بلوچستان آج کرسمس اور نواز شریف کی سالگرہ کا کیک کاٹیں گے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں کل صبح 11:30 بجے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں بانی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو مبارکباد

مسیحی برادری ملک وقوم کی تعمیر و ترقی کیلئے پیش پیش ہے، میر سرفراز بگٹی

ترقی و خوشحالی کیلئے بابائے قوم کے زریں اصولوں کو اپنانا ہوگا، یوم قائد پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ کے یوم پیدائش کی مناسبت سے منایا جانے والا یہ دن مسلمانوں کے لئے بھی مبارک ہے اور مسلمان بھی مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، وزیراعلیٰ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

## پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی کو فیصلے کا اختیار نہیں، بیرسٹر علی ظفر

مذاکراتی کمیٹی بات چیت کرے گی لیکن کوئی بھی فیصلہ صرف بانی پی ٹی آئی کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر علی ظفر...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

## اسپیکر کی وزیراعلیٰ کو وزراء کی حاضری یقینی بنانے کی تاکید

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں متعلقہ محکموں کے وزراء کی عدم حاضری کی بناء پر محرکین نے جوابات تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ اسپیکر کی وزیراعلیٰ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

روزنامہ مشرق کی جانب سے مسیحی برادری کو کرسمس کی خوشیاں مبارک ہوں

## مغوی منصور کاکڑ کی عدم بازیابی، آل پارٹیز کا مشترکہ اجلاس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پارٹیز کمیٹی کا اجلاس جمعیت علماء اسلام...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

## جعفر ایکسپریس سیکورٹی وجوہات کی بناء پر منسوخ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو ریلوے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

## عمران خان نے کہا مطالبات کی منظوری کا ٹائم فریم ہونا چاہیے، بیرسٹر گوہر

فارن پالیسی کے معاملات پر چیئرمین، سیکرٹری اور انفارمیشن سیکرٹری کے سوا کوئی بات نہیں کریگا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا عمران خان نے کہا ہے مذاکرات ہوں مگر مطالبات کی منظوری کا ٹائم فریم ہونا چاہیے، اڈیالہ جیل...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

## صالح بھوتانی نے الیکشن کمیشن کا ری کاؤنٹنگ کا فیصلہ چیلنج کردیا

الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق عمل نہیں کیا، درخواست میں موقف

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) باپ پارٹی کے صالح بھوتانی نے الیکشن کمیشن کا صوبائی حلقہ پی بی 21 حب میں ری کاؤنٹنگ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا، الیکشن کمیشن نے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

## وزارت خارجہ کے 4 ملازمین گرفتار، ایجنٹس ہونے کا انکشاف

مقدمہ درج، 3 ملزم عبدالرحمن، طیب اور رستم موقع سے فرار ہوگئے، ترجمان ایف آئی اے

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے)...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

## بلوچستان انسٹیٹیوشن کا ترمیمی مسودہ قانون 2024 منظور

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں دو قوانین متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بلوچستان...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر


25 دِسمبر

25 دسمبر 1876-11 ستمبر 1948

ایک سو اڑتالیسواں یومِ پیدائش




وزارت اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

PID(I)5296-D/24

# قائداعظم محمد علی جناح: عہد ساز شخصیت عظیم قومی راہنما

تحریر: مشتاق سدوزئی

اللہ تعالیٰ جب کسی قوم کو عروج دینا چاہتا ہے، تو اُسے ایسے رہنما عطا کرتا ہے کہ جو وقت کا دھارا بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح بھی ایسے عظیم رہنماؤں میں سے ایک تھے۔ انہوں نے برِعظیم کے مسلمانوں کو نہ صرف خوابِ آزادی دکھایا بلکہ پھر اَن تھک محنت اور غیر متزلزل قیادت کے ذریعے اُسے حقیقت کا روپ بھی دیا۔ درحقیقت، قائدِ اعظم صرف ایک سیاسی رہنما ہی نہیں، اخلاقیات، اصول و ضوابط کا ایک روشن مینار تھے۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح 25 دسمبر 1876ء کو کراچی کے ایک متوسط کاروباری خاندان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے برطانیہ چلے گئے اور وہاں "لنکنز اِن" سے وکالت کی تعلیم حاصل کی۔ چوں کہ ابتدا میں قائدِ اعظم ہندو، مسلم اتحاد کے حامی تھے، لہٰذا اپنے سیاسی سفر کا آغاز "آل انڈیا کانگریس" کے پلیٹ فارم سے کیا۔ تاہم، جلد ہی انہیں اس بات کا احساس ہوگیا کہ کانگریس کی ہندو قیادت مسلمانوں کے تحفظِ حقوق کے ضمن میں کچھ زیادہ سنجیدہ نہیں، تو انہوں نے 1913ء میں "آل انڈیا مسلم لیگ" میں شمولیت اختیار کی اور پھر مسلمانوں کے حقوق کی جدوجہد ہی کو اپنا مقصدِ حیات بنا لیا۔ قائدِ اعظم نے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ ریاست کے حصول کی خاطر سیاسی جدوجہد اور مذاکرات کا راستہ اختیار کیا۔ قائدِ اعظم کی قیادت میں مسلمانوں کی طویل جدوجہد کے نتیجے میں 14 اگست 1947ء کو پاکستان ایک خود مختار اسلامی ریاست کے طور پر دُنیا کے نقشے پر اُبھرا۔ یاد رہے کہ یہ قائدِ اعظم کی استقامت اور اولوالعزمی ہی کا نتیجہ تھا کہ برِعظیم کے مسلمان بالآخر اپنی منزل تک پہنچنے میں کام یاب ہوئے۔ پھر قیامِ پاکستان کے بعد بھی انہوں نے ملک کو درپیش چیلنجز سے نکالنے کے لیے بھرپور رہنمائی فراہم کی۔ بانیٔ پاکستان کے ان الفاظ نے کہ "مسلمان کسی بھی دوسری قوم کے فرد کے برابر ہیں اور اپنی تقدیر خود لکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔" نہ صرف تحریک کے دوران مسلمانوں کو حوصلہ دیا بلکہ بعد از آزادی بھی پاکستانی قوم کی رہنمائی کا باعث بنے۔ آزادی کے بعد مسلمانوں کو بے شمار چیلنجز کا سامنا تھا، جن میں لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری، نئے ریاستی ڈھانچے کی تشکیل، معاشی مسائل اور ہندوستان کا معاندانہ رویّہ شامل ہے۔ اس موقع پر بھی قائدِ اعظم نے اپنی بصیرت اور حکمتِ عملی کے ذریعے قوم کو تمام تر مسائل سے نکالنے کی کوشش کی۔ انہوں نے ریاستی اداروں کی بنیاد رکھی، معیشت کو استحکام دینے کے لیے اُس کی سمت متعین کی اور ساتھ ہی قوم کے اتحاد و یگانگت کے لیے بھی کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح پاکستان کو ایک ایسی ریاست کی شکل میں دیکھنا چاہتے تھے کہ جہاں انصاف و مساوات کی حکم رانی ہو۔ اُن کی جدوجہد محض ایک خطّے کے حصول تک محدود نہیں تھی بلکہ وہ ایک ایسے سماج کی تشکیل کے خواہاں تھے کہ جہاں ہر شہری کو بنیادی حقوق اور انصاف میسّر ہو۔ جب کہ آج پاکستان کی صورتِ حال اُس کے بالکل برعکس ہے۔ آج بانیٔ پاکستان کے یومِ پیدائش کے موقع پر ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ کیا ہم نے اُن اصول و ضوابط پر مکمل پیرا ہونے کی کوئی کوشش کی کہ جن کے لیے قائدِ اعظم نے اپنی پوری زندگی وقف کردی؟ کیا ہم نے پاکستان کو اُن کے نظریات اور مقاصد کے مطابق ڈھالنے کی کوئی سعی کی یا اُن کی بیش بہا قربانیوں کو یک سر فراموش کردیا؟ قائدِ اعظم کی شخصیت کا سب سے روشن پہلو اُن کی اصول پسندی، استقلال اور قومی مفادات سے غیر متزلزل وابستگی تھی۔ اُن کی پوری زندگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ جب ایک رہنما کے عزائم بلند اور مقاصد واضح ہوں، تو دُنیا کی کوئی طاقت اس کے راستے میں رُکاوٹ نہیں بن سکتی۔ انہوں نے اپنی آخری سانس تک پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لیے کام کیا اور اُن کی شخصیت اور کردار آج بھی ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح کی زندگی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ اگر قیادت مخلص اور مقصد عظیم ہو، تو کوئی چیلنج ناقابلِ تسخیر نہیں رہتا۔ آج ہمیں اُن کی تعلیمات اور اصولوں کی روشنی میں اپنے رویّوں کا محاسبہ کرنا ہوگا۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ہم پاکستان کو کس سمت لے جا رہے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اُن کی سوچ کو اپنے قومی اداروں، پالیسیز اور طرزِ حکم رانی میں شامل کریں تاکہ ایک ایسا پاکستان تشکیل دیا جاسکے کہ جو واقعی انصاف، مساوات اور آزادی کا عکّاس ہو۔ تاہم، بانیٔ پاکستان کے خوابوں کی تعبیر کے لیے ہمیں اُن کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنی ذاتی خواہشات کو قومی مفادات پر قربان کرنا ہوگا اور یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں منزل تک لے جائے گا۔

## اوستہ محمد پولیس تھانہ گنداخہ کی کارروائی اشتہاری ملزم گرفتار

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد پولیس تھانہ گنداخہ کی کارروائی۔ اشتہاری ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد گل حسن بہرانی کی زیرنگرانی انسپکٹر پنھل خان جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ گنداخہ نے چوری کے مقدمہ میں اشتہاری ملزم صفر ولد شاہ ولی عرف شاہی قوم بلیدی ساکن سوڈاوہ کو گرفتار کرلیا مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے

## وزیر دفاع کا سلطان محمود غزنوی سے متعلق بیان قابل مذمت ہے، ستار چشتی

کوئٹہ (پ ر) مرکزی جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی ترجمان عبدالستار شاہ چشتی نے پاکستان کے وزیردفاع خواجہ آصف کیا اسلامی دنیا، کیا مشہور ہیرو سلطان محمود غزنوی سے متعلق توہین آمیز ریمارکس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہو کہا کہ سلطان محمود غزنوی لوٹ مار کرنیوالے نہیں اسلامی دنیا، کے عظیم مجاہد قائد رہنما ہیرو تھے جنھوں نے ہندوستان پر سترہ حملے کیے ایک یتیم مسلمان بچے کا ہندوستان سے بدلہ لیا تھا، لیکن افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ عمران خان کے واقعات کو و عالم اسلام کے ہیرو محمود غزنوی سے جوڑنا خواجہ آصف کے دیوانہ پن کے مترادف ہے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈپٹی میئر پشین عبداللہ کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

## میر عثمان پرکانی کی جیت یقینی ہے، عوام گھروں سے نکل کر ووٹ دیں، قاری مہر اللہ

### میر ہنگل خان ہنگلزئی کی شمولیت سے جمعیت کی پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی ہے، عثمان پرکانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام حلقہ پی بی 45 کے نامزد امیدوار میر عثمان پرکانی کے جیت کو روکنے کی تمام سازشیں ناکام ہوں گی۔ چور راستے سے دوبارہ آنیکا خواب دیکھنے والے کی بھاگ دوڑ عوام کی بجائے اسلام آباد تک ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ سرپرست مولانا قاری مہر اللہ میر عثمان پرکانی سردار احمد خان شاہوانی حاجی ولی محمد بڑیچ میر حفیظ الملک مینگل نے میر ہنگل خان ہنگلزئی کی گرینڈ شمولیتی جرگے سے خطاب کے دوران کیا۔ جس میں جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں اور کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مقررین نے کہا کہ میر ہنگل خان ہنگلزئی کی شمولیت سے جمعیت کی پوزیشن مزید مستحکم ہوگی۔ ان کا فیصلہ علاقے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے ایک مثبت قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوامی خدمت اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، اور 5 جنوری کو کامیابی کا دن ہوگا۔ مقررین نے کہا کہ یہ اتحاد اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ عوام جمعیت علماء اسلام کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہیں۔ انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ انتخابات کی مہم کو مزید موثر بنائیں اور عوام تک جماعت کا پیغام پہنچائیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کا فیصلہ عوامی مفاد اور جمعیت علماء اسلام کی جدوجہد کی حمایت میں ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جماعت کی کامیابی علاقے کے لیے ایک نئی امید لے کر آئے گی۔

## بجلی کھمبوں کی تنصیب اور شفٹنگ کیلئے 26 دسمبر کو بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں پر ترقیاتی کام کیے جارہے ہیں اس سلسلے میں بجلی کھمبوں کی تنصیب اور شفٹنگ کیلئے 26 دسمبر کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سمنگلی، ملک پلانٹ، بی ٹی وی، شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن، بی اے ایف، نواں کلی، عالم خان، دیبہ انٹرکنیکٹر مالک، کسٹم اور نواں کلی فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز گرڈ اسٹیشن پر مرمتی کام کے سلسلے میں کانک اور صحبت پور گرڈ سے دن 12 بجے تا شام 4 بجے بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں 132Kv ژوب گرڈ اسٹیشن کے 10/13 ایم وی اے کا پاور ٹرانسفارمر تبدیل کرکے اس کی جگہ دوگنی استعداد کا 20/26 ایم وی اے کا پاور ٹرانسفارمر نصب کیا جارہا ہے اور اس سلسلے میں 26 دسمبر کو صبح 10 بجے تا 29 دسمبر رات 10 بجے مذکورہ پاور ٹرانسفارمر کی تبدیلی وتنصیب کا کام کیا جائے گا تاہم اس دورانیہ میں متاثرہ ٹرانسفارمر سے منسلک فیڈروں کو متبادل انتظام کے ذریعے لوڈمینجمنٹ کے تحت بجلی فراہم کی جائے گی۔ بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ کیسکو اس دورانیہ میں بجلی بندش پر متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کرتی ہے۔

سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ منعقدہ ترقیاتی منصوبوں کے سالانہ آڈٹ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## مال مویشی اور نامیاتی گوشت کی پیداوار بلوچستان کا اثاثہ ہے، بلال خان کاکڑ

### گلہ بانی ایک اہم پیشہ ہے جو دیہی علاقوں کے عوام کا سب سے بڑا ذریعہ معاش ہے، وائس چیئرمین

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لائیو اسٹاک اور فشریز کے شعبے میں بہت صلاحیت موجود ہے، یہ صوبہ بہترین مال مویشی اور نامیاتی گوشت کی پیداوار میں ملک میں پہلے نمبر پر ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس سندھ میں منعقدہ پاکستان کے سب سے بڑے کیٹل شو کے سیزن۔ 4 میں نیٹ ورکنگ ڈنر کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے بلوچستان میں لائیو اسٹاک کے شعبے میں سرمایہ کاری کی نمایاں صلاحیت پر روشنی ڈالی جو پاکستان کی قومی پیداوار کا 20 فیصد ہے اور گوشت، دودھ، اون اور چمڑے کی صنعتوں میں امید افزا مواقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گلہ بانی ایک اہم پیشہ ہے جو دیہی علاقوں کے عوام کا سب سے بڑا ذریعہ معاش ہے، بلوچستان کے علاقوں موسیٰ خیل، بارکھان، جنہیں بڑی تعداد میں جانور پائے جاتے ہیں جبکہ بھاگ ناڑی نسل کے جانور صوبے کی پہچان ہیں۔ ملکی لائیو اسٹاک اور فشریز میں بلوچستان کا حصہ سب سے زیادہ ہے مگر بدقسمتی سے اسے اس طرح اجاگر نہیں کیا جاتا جس طرح ہونا چاہئے، انہوں نے کہا کہ دنیا بلیو اکانومی پر چل رہی ہے اور بلوچستان کا وسیع ساحل سمندری حیات کے حوالے سے مالا مال ہے مگر ہمارے ان سمندری وسائل کا 34 فیصد اب تک دریافت ہو چکا ہے باقی 74 فیصد پر ابھی کام ہونا ہے

پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق ضلعی انفارمیشن سیکرٹری شکور نورزئی حلقہ پی بی 45 کے محمد اخلاص خلجی، محمد جان خلجی و دیگر میر علی مدد زہری سے ری پولنگ کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

جمعیت علماء اسلام حلقہ پی بی 45 میں منعقدہ انتخابی اجتماع سے مولانا قاری مہر اللہ حاجی بشیر احمد کاکڑ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

## اے این پی کے وکلاء ونگ کی تنظیم ملگری وکیلان کے تعارفی اجلاس کا انعقاد

### تنظیمی، سیاسی امور زیر بحث اور قانونی شعبے میں فعال ہم فکر ساتھیوں تک رسائی پر غور کیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی بلوچستان کے وکلاء ونگ کی تنظیم ملگری وکیلان کا تعارفی اجلاس آرگنائزنگ کمیٹی کے چیئرمین ایڈوکیٹ نور اللہ شاہ احساس کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں آرگنائزنگ کمیٹی کے جنرل سیکرٹری ایڈوکیٹ نجیب اللہ آغا انفارمیشن سیکرٹری ایڈوکیٹ خان میر ناصر وممبران ایڈوکیٹ حمید اللہ کاکڑ اور ایڈوکیٹ عزت اللہ اچکزئی شریک ہوئے۔ اجلاس میں مختلف تنظیمی، سیاسی و قانونی امور زیر بحث لائے گئے جن میں صوبہ بھر میں تنظیمی فعالیت اور قانونی شعبے میں فعال ہمفکر ساتھیوں تک رسائی اور انہیں فخر افغان باچاخان کا پیغام پہنچانا شامل تھا۔ اجلاس میں اس امر کا بھی اعادہ کیا گیا کہ سیاسی و تنظیمی تحفظات رکھنے والے ساتھیوں کو فعال کرنے کیلئے اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لائی جائینگی اجلاس میں اس بات پر اکتفا کیا گیا کہ فروری کے مہینے میں عدالتیں کھلتے ہی ممبرشپ کا آغاز ایک افتتاحی پروگرام سے کیا جائے گا۔ جس کے بعد باقاعدہ ملگری وکیلان تنظیم کی ممبرسازی کا مرحلہ شروع کیا جائے گا

## بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک ابر آلود رہنے کی توقع ہے، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (خ ن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق پہاڑی علاقوں میں رات کے اوقات میں مطلع ابر آلود رہے گا۔ بدھ کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں صبح اور رات کے اوقات میں بہت زیادہ ابر آلود رہنے کی توقع ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قلات میں کم از کم درجہ حرارت 5- ریکارڈ کیا گیا

## کرسمس کے دن پاکستان کیلئے خصوصی دعائیں کی جائیں، عادل آکاش

### عالمی تہوار کے موقع پر ہمیں بھائی چارے کو فروغ دینا ہوگا، ممبر اقلیتی کمیشن بلوچستان

### کرسمس کی خوشیوں میں سفید پوش افراد کو شامل کیا جائے، سلامتی کیلئے دعاؤں کا اہتمام کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) ممبر اقلیتی کمیشن بلوچستان عادل آکاش نے کرسمس کے موقع پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر سال کرسمس کا تہوار خوشیاں بکھرتا ہے، پوری دنیا میں اربوں انسان اس تہوار کا اس سے حاصل ہونیوالی خوشیوں میں شریک ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ کرسمس صرف ایک تہوار ہی نہیں بلکہ اس تہوار کے اصل پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاحب حیثیت افراد کو چاہئے کہ وہ کرسمس کے عالمی تہوار کے موقع پر چھوٹی چھوٹی خوشیوں میں اپنے اردگرد کے کم صاحب حیثیت اور سفید پوش افراد کو شامل کرنا چاہئے، جو خداوند کریم ہدایت اور مذہبی حوالے سے اعلیٰ روایت مانی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ آج پوری دنیا میں کرسمس کے تہوار کے حوالے سے دعاؤں کے حوالے سے تقاریب منعقد کی جارہی ہیں ہمیں چاہئے کہ ہم کرسمس کے موقع پر اس تہوار کو خوشیوں کیساتھ منائیں اور ملک و قوم کی سلامتی ارض وطن پاکستان کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی جائیں

## شمسی توانائی پر منتقلی والے زرعی صارفین کے کنکشنز کاٹے جارہے ہیں، کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی جانب سے صوبے کے ان تمام زرعی صارفین کے برقی کنکشنز اور ٹرانسفارمرز اتارنے کا عمل جاری ہے جن کو صوبائی حکومت نے شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبہ میں شامل کیے ہیں۔ اس سلسلے میں پہلے فیز میں ضلع کوئٹہ اور ضلع پشین کے 2699 زرعی صارفین کو 5398 ملین روپے سولرائزیشن کی مد میں حکومت کی جانب سے رقم فراہم کیے جاچکے ہیں۔ زرعی صارفین کو رقوم کی منتقلی کے بعد ان کے ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور دیگر برقی آلات ہٹائے جارہے ہیں تاکہ زرعی کنکشن دوبارہ کیسکو نیٹ ورک سے منسلک نہ ہوسکیں۔ زرعی صارفین کے ٹرانسفارمرز، ایچ ٹی کھمبے اور دیگر برقی آلات اٹھانے کا کام 20 دسمبر 2024 سے شروع کردیا گیا ہے جو کہ 24 جنوری 2025 تک 2699 زرعی صارفین کے کنکشنز ہٹانے کا کام مکمل ہوگا۔ اس سلسلے میں ضلع کوئٹہ اور ضلع پشین میں کیسکو کی متعلقہ ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے اب تک مجموعی طور پر 194 ایچ ٹی کھمبے اور 68 ٹرانسفارمرز اور دیگر برقی آلات اتار دیئے ہیں اور یہ کارروائی جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے صوبہ بلوچستان کے تمام زرعی ٹیوب ویل کنکشنز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبہ پر کام جاری ہے۔ لہذا وہ تمام زرعی صارفین جن کو حکومت کی جانب سے سولرائزیشن کی مد میں رقم دیئے جاچکے ہیں وہ شمسی توانائی پر منتقل ہونے کے بعد اپنے بجلی کے کنکشنز اور دیگر برقی آلات ہٹانے میں کیسکو ٹیموں سے تعاون کریں۔

کوئٹہ، ایس بی کے ٹیسٹ پاس امیدواروں کی احتجاجی ریلی انسکمب روڈ سے گزر رہی ہے

## بانی پاکستان قائداعظم کے یوم ولادت پر قوم شرمندہ ہے، عبدالمجید بادینی

کوئٹہ (اے این این) بانی پاکستان کے یوم ولادت پر قوم شرمندہ ہے، رہنما جماعت اسلامی بلوچستان کی روایتی سیاست کو شکست دینے میں جماعت اسلامی نے ہمیشہ جدوجہد کی ہے مگر انہیں وہ خاطرخواہ کامیابی نہیں مل سکی جس کی وہ حقدار تھی بلوچستان اسمبلی میں عوام کے حقیقی نمائندوں کی عدم موجودگی کے سبب آج بلوچستان کے سلگتے مسائل جوں کے توں برقرار ہیں بلوچستان کی سیاسی تاریخ میں پہلی بار جماعت اسلامی کے دو ایم پی اے منتخب ہوکر بلوچستان اسمبلی میں پہنچے ان کی توانا آواز جب ایوان میں گونجتی ہے تو پتہ چلتا ہے کہ حقیقی عوامی نمائندے اسمبلی میں بول رہے ہیں جعفرآباد سے جماعت اسلامی کے منتخب ایم پی اے انجینئر عبدالمجید بادینی جبکہ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ گوادر سے رکن صوبائی اسمبلی و جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی امیر گوادر کو حق دو تحریک کے سربراہ نے عوام کی طاقت سے روایتی سیاست دانوں کو شکست فاش دے کر یہ ثابت کردکھایا کہ اگر ہمت دلوانہ ہو تو کامیابی قدم ضرور چومتی ہے۔

## عوامی شکایات کے ازالے کے لیے کھلی کچہری 26 دسمبر کو ہوگی

### صوبائی محکموں کے افسران کچہری میں شکایات کا موقع پر ازالہ کریں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے آفس سے جاری ہونے والے ایک سرکلر کے مطابق عوامی مسائل کے حل کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد 26 دسمبر 2024، بروز جمعرات میٹروپولیٹن کارپوریشن کے لان میں ہوگا جس میں تمام صوبائی محکموں کے افسران کے علاوہ دیگر اداروں کے نمائندگان بھی موجود ہونگے۔ عوام الناس براہ راست پیش ہوکر اپنے مسائل اور مشکلات سے آگاہ کریں گے اور افسران موقع پر فوری اقدامات اٹھائیں گے۔

## ٹی ایل پی ضمنی الیکشن پی بی 45 کوئٹہ میں حصہ لے گی، محمد اسحاق نیچاری

کوئٹہ (این این آئی) تحریک لبیک پاکستان کوئٹہ ڈویژن کے امیر طارق محمود عباسی کی ہدایت پر کوئٹہ ڈویژن کا مشاورتی اجلاس حاجی محمد ظریف رضوی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں کوئٹہ پی بی 45 ہونے والی ضمنی الیکشن کے حوالے سے غور و خوض کیا گیا، اجلاس میں ضمنی الیکشن میں حصہ لینے والے امیدوار پی بی 45 اسحاق نیچاری، حافظ شاہجہان ہنگلزئی، نعیم احمد سلطانی و دیگر کارکن شریک تھے۔ محمد اسحاق نیچاری نے کہا کہ تحریک لبیک پاکستان قوم کی امید کی آخری کرن ہے تحریک لبیک پاکستان ضمنی الیکشن میں بھرپور حصہ لے گی، قوم اس فرسودہ نظام سے تنگ آ چکی ہے، تحریک لبیک پاکستان ضمنی الیکشن میں قوم کو سرپرائز دے گی۔ حاجی محمد ظریف رضوی نے کہا کہ تحریک لبیک پاکستان کا منشور ہر ظالم کا ہاتھ روکیں گے اور ہر مظلوم کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور جب دین تخت پر ہوگا تو کوئی بھوکے پیٹ نہیں سوئے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں جوق در جوق تحریک لبیک پاکستان میں شامل کر رہے ہیں بہت جلد اسلام کا غلبہ آنے والا ہے بہت جلد پاکستان میں دین تخت پر ہوگا اور پوری قوم سکون سے سوئے گی۔

انٹرانسٹیٹیوٹ آف آرگینگ فوڈ کا چیمبر آف کامرس کے عہدیداروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

## مسیحی کمیونٹی کو کرسمس کی مبارکباد پیش کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

### مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، مرکزی سیکرٹریٹ کا بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں تمام دنیا، ملک اور خصوصاً پشتونخوا وطن میں مسیحی کمیونٹی کو کرسمس تہوار کے موقع پر انہیں مبارکباد پیش کرتی ہے اور ان کے خوشیوں میں برابر کی شریک ہیں اور کرسمس کے دن پر یہ پیغام دیتی ہے کہ ہم سب کا فرض ہے کہ امن، اخوت، بھائی چارہ، رواداری کے فروغ میں اپنا مثبت کردار ادا کرکے انسانی معاشروں کو سنوارنے کے خدمات میں پیش پیش ہو۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی عالم انسانیت کے تمام مذہبی، معاشرتی، قومی اور ملکی تہواروں اور خوشیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور عالم انسانیت اور دنیا کے تمام جمہوری ملکوں، جمہوری قوتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ دنیا کے مختلف مذاہب کے لوگوں کی تہواروں کو قدر کی نگاہ سے دیکھے اور عالم انسانیت کو ایک دوسرے کا بھائی سمجھ کر عالمی معاشرت قائم کرنے کی تگ و دو میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عالمی امن، بھائی چارہ قائم کرنا تمام دنیا کے جمہوری ملکوں اور ریاستوں کی ذمہ داری ہے اور خصوصاً ہمارے ملک اور خطے کے ملکوں میں بدامنی زور زبردستی کا راستہ روکنا خطے کے ریاستوں اور عوام کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں اور پارٹی بجا طور پر توقع کرتی ہے کہ اس میں مثبت کردار سب کی ذمہ داری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوامیپ مسیحی کمیونٹی سمیت تمام اقلیتوں کے لیے بلاتفریق مذہب، زبان، رنگ، نسل ان کی تحفظ وحقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی اور عملی طور پر ان کے لیے جدوجہد کررہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن کی ترقی وخوشحالی، امن کے لیے ہماری اقلیتیں ہمارے ساتھ ہوگی۔ پشتونخوا وطن، ملک اور دنیا بھر میں کرسمس کا تہوار منانے والوں کو مبارکباد اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں اور بجا طور پر امید کرتے ہیں کہ مسیحی کمیونٹی امن، محبت، بھائی چارے کی رواداری کو فروغ دیتی رہیگی۔

## ہزار گنجی کردونواں کے عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، محمد ابراہیم حنفی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام حضرت غیلان بن اسلمہ یونٹ بس ترک اڈہ ہزارگنجی کے مجلس عاملہ کا اہم اجلاس امیر مولانا محمد ابراہیم حنفی کے زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ اسد اللہ نے حاصل کی اجلاس میں مجلس عاملہ کے تمام اراکین نے شرکت اجلاس میں دو ایجنڈے پر غور کیا گیا اجلاس میں جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی کمیٹی کے سربراہ حافظ دوست محمد نے یونٹ کے مجلس عاملہ کے اراکین کے سامنے ہدایات دی گئی۔ اجلاس سے جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ غیلان بن اسلمہ یونٹ ترک بس اڈہ ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد ابراہیم حنفی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہزارگنجی میں عوام کو سب سے بڑا مسئلہ تاجروں اور عوام کے تحفظ کا ہے پچھلے تین مہینے میں 4 ڈکیتی واقعات ہوئے ہیں جس میں 4 بندے شہید ہو چکے ہیں ہزار گنجی کے گیس اور بجلی کا مسئلہ ہے گیس کا پریشر بالکل نہیں ہے اور بجلی 24 گھنٹوں میں 8 گھنٹے ہوتا ہے گزشتہ دنوں ایک معصوم بچے علی محمد جنگ کی بازیابی کیلئے آواز اٹھائے۔

کوئٹہ، چیمبر آف کامرس انڈسٹری کے صدر محمد ایوب مریانی ڈی ایچ اے منہاس ایس ایس پیلے کمرشل پلازہ کے افتتاحی تقریب میں ثناء اللہ آغا بریفنگ دے رہے ہیں

## غریب اقلیتی برادری کی خوشیوں کے لیے تعاون کیا جائے، رحیم کاکڑ

### مسیحی برادری کو کرسمس کی مبارکباد پیش کرتے ہیں، سابق میئر کوئٹہ کا بیان

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے کارکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ میر وائس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ عمر فاروق ایڈووکیٹ توقیر بھٹی ضیاالحق امین آغا ارشد اچکزئی نعمت اللہ نے تمام عیسائی بھائیوں کو کرسمس مبارکباد پیش کرتے دیئے تمام اہل ثروت حضرات سے اپیل کی ہے کہ غریب اقلیتی برادری کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کریں تاکہ یہ لوگ اپنے خوشی کا تہوار مناسکیں 25 دسمبر بانی پاکستان محمد علی جناح کی یوم پیدائش کے موقع پر ہمیں بحیثیت ایک قوم کے ملک سے دہشتگردی مہنگائی بے روزگاری کی مخالفت کی اشد ضرورت ہے خاص کر نسلی لسانی مذہبی نفرتوں کے خلاف کام کرنے کی اشد ضرورت ہے ملک کے تعمیر ترقی میں دن رات کام کرنے کی جتنی ضرورت ہے اس سے قبل نہیں تھی نام نہاد پارٹیوں کو سرجوڑ کر کام کرنے کی ضرورت ہے تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے اور عوام کو کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑے گی

## میر لشکری خان رئیسانی نے حاجی مینگل خان کی وفات پر تعزیت کی

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے حاجی مینگل خان کرد کی وفات پر گزشتہ روز دشت گونڈین میں واقع ان کی رہائش گاہ جاکر پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

کوئٹہ، مظلوم اولسی تحریک پاکستان کے چیئرمین صادق اچکزئی شمولیت کرنے والے مقصود خان اچکزئی و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## خواتین کی معاشی سماجی ترقی مسلم لیگ نواز کی ترجیحات میں شامل ہے

### خواتین کی مخصوص نشستوں پر پسماندہ علاقوں کی خواتین کو اسمبلی میں نمائندگی دی گئی ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ نون نے ہمیشہ پارٹی میں خواتین کی بھرپور نمائندگی کے لیے کردار ادا کیا ہے بلوچستان کے قبائلی سسٹم میں خواتین کو پارلیمانی سیاست میں لاکر مسلم لیگ نون نے یہ ثابت کردکھایا کہ وہ خواتین کی فلاح و بہبود کو نہ صرف فوقیت دیتی ہے بلکہ خواتین کو مشاورت سازی اور انتظامی امور کی انجام دہی میں بھی آگے آگے رکھتی ہے، بلوچستان میں گو کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی نواز لیگ سے اتحادی حکومت قائم ہے پیپلز پارٹی کا وزیراعلیٰ ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ مسلم لیگ نون اتحاد پر یقین رکھتی ہے ملک وقوم اور صوبے کے وسیع تر مفاد میں نواز لیگ نے بلوچستان میں پیپلز پارٹی کا ساتھ دیتے ہوئے ان کا وزیراعلیٰ نامزد کروایا اگر نواز لیگ چاہتی تو وہ اپنا وزیراعلیٰ بھی نامزد کرا سکتی تھی بلوچستان اسمبلی میں نواز لیگ کو بھرپور نمائندگی حاصل ہے نواز لیگ نے خواتین کی مخصوص نشستوں پر پسماندہ علاقوں کو اہمیت دیتے ہوئے وہاں کی خواتین کو بلوچستان اسمبلی میں نمائندگی دی جعفرآباد ضلع سے نواز لیگ نے مخصوص نشستوں پر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کے ڈپٹی میئر راجہ رب نواز بہرانی کی اہلیہ بادیہ نواز بہرانی کو مسلم لیگ نون میں ان کی خدمات کے پیش نظر انہیں ٹکٹ دے کر کامیاب کرایا گیا پہلی بار پارلیمانی سیاست میں آنے کے باوجود انہوں نے اپنے مختصر عرصے میں پارٹی کے لیے نہ صرف نمایاں خدمات انجام دیں بلکہ خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے دن رات ایک کردیا ان کی انہی خدمات کے پیش نظر انہیں بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی سیکرٹری برائے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بنایا گیا انہوں نے پارلیمانی سیکرٹری کا عہدہ سنبھالنے کے بعد صوبے کے پسماندہ علاقوں میں خواتین کی فلاح و بہبود بالخصوص زچہ بچہ کو بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے کئی انقلابی اقدامات اٹھا کر یہ ثابت کردیا کہ قیادت نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا تھا اس پر وہ کامیابی سے ہمکنار رہیں

بریکنگ بیریئرز کے کرامت اللہ الائنس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## صوبائی محتسب کی ہدایت پر چوتھی منزل پر تعمیراتی کام بند کردیا گیا

### محلے کے مکینوں نے صوبائی محتسب نذر بلوچ سے شکایت کی تھی جس پر کارروائی کی گئی

کوئٹہ (پ ر) صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ کو اختر محمد روڈ، کڈنی آغا کے مکینوں نے درخواست دی جس میں انہوں نے شکایت کی تھی کہ ایک شخص علاقے میں اپنے گھر کی چوتھی منزل تعمیر کر رہا ہے اور اس کی وجہ سے محلے کے باقی مکینوں کو مشکلات اور خدشات کا سامنا ہے لہذا علاقے کی شکایت کا ازالہ کرنے کیلئے مناسب کارروائی کی جائیں جس پر صوبائی محتسب نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کورپوریشن سے رپورٹ طلب کی۔ بعد ازاں انچارج انسداد تجاوزات سیل نے رپورٹ پیش کی کہ معائنہ کے بعد، چوتھی منزل پر تعمیراتی کام جاری تھا جس کو مکینوں کی شکایت پر پہلے بھی بند کیا گیا تھا اور اب مالک جائیداد کو کام بند کرنے کا کہا گیا اور مزید تعمیر پر انتباہ کی کہ آئندہ سخت کارروائی کی جائیں گی۔ شکایت کنندہ گان کو کارروائی سے آگاہ کر دیا گیا۔

## سابق وفاقی سیکرٹری میر اسرار خان جمالی انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وفاقی سیکرٹری میر اسرار خان جمالی طویل علالت کے بعد کراچی کے نجی اسپتال میں وفات پاگئے۔ وہ رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی۔ صوبائی سیکریٹری میر بلال خان جمالی۔ میر زیب جمالی کے بھائی تھے۔ ان کی میت گوٹھ خان گڑھ لایا جارہا ہے روجھان جمالی میں تدفین ہوگی۔

## سروس ٹریبونل سے 233 پولیس اہلکاروں کی بحالی خوش آئند ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی نے سروس ٹریبونل کی جانب سے 233 پولیس اہلکاروں کی بحالی پر خوشی کا اظہار کیا اور بحال ہونے والے اہلکاروں کو مبارکباد پیش کی۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ امید ہے کہ بحال ہونے والے پولیس اہلکار صوبے کے امن و امان اور محکمہ پولیس کے لیے اپنی خدمات محنت اور جذبے سے جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں محکمہ پولیس اور دیگر سکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ بابر یوسفزئی نے بحال ہونے والے تمام اہلکاروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت اور ایمانداری صوبے کی ترقی اور عوام کی خدمت میں معاون ثابت ہوگی۔

## مستحق افراد کی مدد کرنا ہی درحقیقت کرسمس کا پیغام ہے، شہزاد کندن

### کرسمس کا تہوار نہ صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جشن ولادت کا دن ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما شہزاد کندن نے کرسمس کے تہوار کے موقع پر دنیا بھر کے تمام مسیحیوں کو کرسمس کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ کرسمس کے موقع پر نادار، غریب اور مستحق افراد کی عملی مدد کرنا ہی درحقیقت کرسمس کا اصل پیغام ہے ہمیں اپنے نادار افراد کو بھی کرسمس کی خوشیوں میں شامل کرنا چاہیے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کرسمس کا تہوار نہ صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جشن ولادت کا دن ہے بلکہ یہ دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی محبت، امن اور برداشت پرمبنی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب بھی دیتا ہے ہمیں خوشی کے موقع پر اپنے اردگرد غریبوں کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ کرسمس کے پرمسرت موقع پر ہمیں تلخیوں کو بھلا کر محبت اور اخوت کے پیغام کو ہر جگہ پھیلانے کا عہد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرسمس خوشیاں منانے کا دن ہے یہ یسوع مسیح کی تعلیمات اور پیغامات کی بھی عکاسی کرتا ہے جو کہ پیار و محبت، امن برداشت اور پوری انسانیت کے ساتھ ہمدردی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یسوع مسیح کے آنے کا پیغام بھی امن اور محبت ہے ہمیں چاہئے کہ ہم انکی تعلیمات کو عام کریں۔

## حکومت روزگار دینے کی بجائے روزگار چھیننے پر تلی ہوئی ہے سلطان خلجی

### کارخانے نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کا روزگار بارڈر اور سرکاری ملازمتوں سے وابستہ ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ حکومت عوام اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کی بجائے انہیں بے روزگار کرنے پر تلی ہوئی ہے بارڈرز کی بندش سے لاکھوں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہوچکے ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومت نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرے اور تاجروں کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے۔ یہ بات انہوں نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ، یاسین مینگل، رشید خان ناصر اور دیگر کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ بلوچستان میں کارخانے نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کا روزگار بارڈر اور سرکاری ملازمت سے وابستہ ہے لیکن حکومت نوجوانوں پر روزگار کے دروازے بند کررہی ہے جس سے وہ بے راہ روی کا شکار ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک افغان اور پاک ایران بارڈر سے لاکھوں کی تعداد میں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے اور تاجر قانونی طریقے سے تجارت کرتے ہیں لیکن حکومت کی جانب سے بارڈر بند کئے جانے کے بعد بڑی تعداد میں لوگ بے روزگار ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کو سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن حکومت تاجروں کو ٹیکسز کے نام پر بلاجواز تنگ کررہی ہیں جس سے تاجر برادری بھی پریشانی کا شکار ہے حکومت تاجروں کو سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے کاروبار کرسکیں۔

دشت، نوابزادہ میر لشکری رئیسانی حاجی مینگل خان کرد کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

## سید حنیف شاہ سید یوسف شاہ و سید شریف شاہ کی والدہ انتقال کر گئیں

خضدار (آن لائن) بی این پی تحصیل باغبانہ کے رہنما سید حنیف شاہ سید یوسف شاہ و سید شریف شاہ کی والدہ ماجدہ انتقال کرگئیں تدفین کلی نوتانی کے قبرستان میں کردی گئی جبکہ فاتحہ خوانی بھی کلی نوتانی میں لیا جائے گا۔

## کامریڈ عبدالصمد تراسانی زہری دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

خضدار (آن لائن) کامریڈ عبدالصمد تراسانی زہری کو دل کا دورہ انتقال کرگئے۔ وہ بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے بانی اراکین میں سے تھے جنھوں نے اپنی جوانی بلوچوں کی اتحاد و یکجہتی میں گزاری۔ وہ کافی عرصے سے سیاست سے کنارہ کش ہوکر سماجی کاموں میں مصروف عمل رہے۔ انہوں نے رشیا یعنی روس سے پوسٹ گریجویشن کی تھی تاہم انہوں نے سرکاری ملازمت نہیں کی۔ عبدالصمد ایک ملنسار، ہنس مکھ اور خوش مزاج شخصیت کے مالک تھے۔ انکی تدفین آبائی قبرستان صادق آباد میونسپل کمیٹی زہری میں کی گئی۔

## کرسمس کا تہوار امن سلامتی بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے، ثنا انتظار

### عبادات میں وطن عزیز میں قیام امن، ترقی خوشحالی کے لیے دعائیں کی جائیں

کوئٹہ (پ ر) مسلم لیگ ن اقلیتی ونگ کی رہنما ثنا انتظار نے کرسمس کے موقع پر تمام مسیحیوں کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ کرسمس کا تہوار ہمیں امن سلامتی اور بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے اس خاص موقع پر ہمیں اپنی کمیونٹی کے غریب نادار بھائی بہنوں کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنا چاہیے ان کی خوشیوں کے لیے ان کی مالی معاونت تمام صاحب حیثیت لوگوں کو کرنا چاہیے، کرسمس کی عبادات میں وطن عزیز میں قیام امن، ترقی خوشحالی کے لیے دعائیں کرنی چاہئیں

## قائداعظم کے اصولوں کو نصب العین بنا کر ملکی مسائل حل ہوسکتے ہیں، چوہدری نعیم کریم

### اتحاد، تنظیم اور یقین محکم پاکستان کو ایک مستحکم ریاست بنانے کی بنیاد فراہم کرتے ہیں، لیگی رہنما

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے آج وطن عزیز کو جن چیلنجوں کا سامنا ہے ان سے نمٹنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنی صفوں میں مکمل اتحاد برقرار رکھیں اور بابائے قوم کے زریں اصولوں کو اپنا نصب العین سمجھتے ہوئے ان پر عمل پیرا ہوں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کے زریں اصول اتحاد، تنظیم اور یقین محکم پاکستان کو ایک مستحکم ریاست بنانے کی بنیاد فراہم کرتے ہیں، ان اصولوں پر عملدرآمد کی جتنی ضرورت آج ہے شاید اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔

## گیس پریشر میں کمی کی شکایات کا ازالہ کیا جائے، شہری

### گیس بندش کا کوئی شیڈول ہے نہ پریشر مکین احتجاج کرنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) گوردت سنگ روڈ سرکی روڈ، میں گیس پریشر میں کمی کے شکایات بڑھ گئے، گیس کا کوئی شیڈول ہے نہ کوئی پریشر مکین احتجاج کرنے پر مجبور ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام نوٹس لیں۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے قبائلی رہنما ثناء اللہ خان اچکزئی، ہارون خان کاکڑ، محسن خان اچکزئی اور دیگر نے کہا کہ گوردت سنگ اور سرکی روڈ پر حسب روایت امسال گیس پریشر میں کمی کے مسئلے نے عوام کو احتجاج کرنے پر مجبور کیا ہوا ہے۔ 12 انچ گیس پائپ لائن منصوبہ بچھانے پر خطیر رقوم خرچ ہونے کے باوجود گیس کی مناسب پریشر سے بھی محروم ہے، سردیاں آتے ہی کوئٹہ کے عوام اکثر و بیشتر لکڑیوں کو بطور ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں، تو ایسے میں گیس کی بھاری بھرکم بلوں کی ادائیگی بھی بوجھ بن گئی ہے، فیصلہ کیا گیا ہے تو اپنے میٹرز کو اتار کر سردیوں کے موقع پر سٹوو لگادینگے۔

بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی کابینہ، عہدیداران اور اراکین مجلس عاملہ کا مشترکہ اجلاس زیر صدارت صدر شاہ علی بگٹی منعقد ہورہا ہے جنرل سیکرٹری گل جان کاکڑ و دیگر عہدیدار شریک ہیں

**TENDER NOTICE**

**Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Executive Engineer Building, CW, PP&H Department District Khuzdar invites sealed tender based on composite schedule of rates, 2023 G.O. B amended up to date from interested contractors/firms for the work listed below.

| S.No | Name of Work/s | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | Repair & Renovation Of Additional Commissioner House At Khuzdar **TSE-242512615293** | 3,962,000 |
| 2. | Repair and Renovation of guard room and establishment of walking track at Commissioner house at Khuzdar **TSE-242512615313** | 1,981,000 |

The bid security is 2% of cost and green challan is Rs,1000.00 Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders**: Eligibility criteria is given in bidding documemts **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **10 January, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **10 January, 2025** till **12:00 PM** .**Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **01:00 PM Address:** executive Engineer Buildings Khuzadr **Phone no:** 0848412808

**EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT KHUZDAR**

PRQ No.2527/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

**TEST / INTERVIEWS**

This is for information of all the concerned who have applied for the contract post of Sub-Engineer, Junior Clerk, Driver and Messenger, advertised vide AB No. 534 that their written tests and interviews will be held on Friday 27th of December, 2024 at 11:00 AM in the Office of the undersigned. **Address: OLD WORKSHOP, NEAR CHAMAN RAILWAY CROSSING, JAFFAR KHAN JAMALI ROAD, QUETTA**

Note:
1. NO TA/DA shall be allowed for appearance in any test or interview
2. Candidates are strictly directed to bring their original Documents on the day of interview

**PROJECT DIRECTOR CHAIRMAN PROCUREMENT COMMITTEE CONSTRUCTION OF 100 DAMS IN BALOCHISTAN**

AB No.629/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

**مکان برائے کرایہ درکار**

محکمہ سماجی بہبود کوئٹہ کو ایک عدد مکان واقع کلی جیو / قمبرانی روڈ و گرد و نواح میں ادارہ و سلائی کڑھائی Offico of the Social Welfare Officer Urban Community Centre No. III, Quetta کے قیام کے لئے کرایہ پر درکار ہے۔ مکان کم از کم (2) ہزار مربع فٹ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ جس میں پانچ عدد کمرے اور (1) عدد گاڑی کی کھڑے ہونے کی گنجائش ہو۔ خواہشمند حضرات تمام ضروری دستاویزات کے ساتھ زیر دستخطی کے دفتر میں اشتہار کی اشاعت کے دس دن کے اندر اندر پہنچ جانی چاہیے۔

ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کوئٹہ ڈویژن
کوئٹہ فون نمبر 081-9201705

PRQ No 2531/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

**مکان برائے کرایہ درکار**

محکمہ سماجی بہبود کوئٹہ کو ایک عدد مکان واقع سمنگلی ائیرپورٹ روڈ و گرد و نواح میں ادارہ بچوں کے نگہداشت Offico of the Administrator Baby Day Care Centre (Gehwara) Jinnah Town, Quetta کے قیام کے لئے کرایہ پر درکار ہے۔ مکان کم از کم تین ہزار مربع فٹ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ جس میں چھ عدد کمرے، دو عدد گاڑیوں کے کھڑے ہونے کی گنجائش ہو۔ خواہشمند حضرات تمام ضروری دستاویزات کے ساتھ زیر دستخطی کے دفتر میں اشتہار کی اشاعت کے دس دن کے اندر اندر پہنچ جانی چاہیے۔

ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کوئٹہ ڈویژن
کوئٹہ فون نمبر 081-9201705

PRQ No 2532/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

# کار سنیچنگ پر مکمل کنٹرول، منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن سے شہریوں کو ریلیف ملا، خالد ہمدانی

روال سال منشیات کے مقدمات میں 200 کے قریب ملزمان کو معزز عدالت سے سزا سنائی گئی، سی پی او راولپنڈی

سیکورٹی اور لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹیوں کے ساتھ ساتھ جرائم کی روک تھام میں بھی بہترین کارکردگی دکھائی، اجلاس سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ایس ایس پی انویسٹی گیشن، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی، سی پی او سید خالد ہمدانی نے تھانہ، سرکل اور ڈویژن وائز کرائم کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں، سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ رواں سال جرائم کی شرح میں کمی پر تمام افسران و اہلکار شاباش کے مستحق ہیں، آپ کی دن رات انتھک محنت سے ہم جرائم میں کمی لانے میں کامیاب ہوئے، ڈکیتی، مرڈر، راہزنی، کار و موٹر سائیکل چوری سمیت تمام نوعیت کے جرائم میں کمی سامنے آئی، ڈکیتی معہ قتل کے تمام مقدمات یکسو کیے گئے جبکہ ملزمان کیفر کردار تک پہنچے، سی پی او نے کہا کہ کار سنیچنگ اور کار چوری میں نمایاں کمی اور منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن سے شہریوں کو ریلیف ملا، رواں سال کے آخری 4 ماہ میں کار سنیچنگ پر مکمل کنٹرول رہا جبکہ کار چوری میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی، جرائم میں اس کمی پر مکمل فوکس کرتے ہوئے کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں، منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن اور ملزمان کی سزایابی میں کارکردگی قابل ستائش ہے تاہم اس کارکردگی کو مزید بہتر بنانا ہے، رواں سال منشیات کے مقدمات میں 200 کے قریب ملزمان کو معزز عدالت سے سزا سنائی گئی، راولپنڈی پولیس نے سیکورٹی اور لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹیوں کے ساتھ ساتھ جرائم کی روک تھام میں بھی بہترین کارکردگی دکھائی، سی پی او کا کہنا تھا کہ ایس سی او کانفرنس، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، بنگلہ دیش کرکٹ سیریز، پی ایس ایل، جنرل الیکشنز، پولیو کمپینز، محرم الحرام، عید میلاد النبی ﷺ سمیت دیگر لاء اینڈ آرڈر ڈیوٹیز کو بہترین طریقے سے سرانجام دیا گیا، سال 2025 کے آغاز پر نئے جذبہ اور محنت و لگن کے ساتھ کرائم کی روک تھام، منشیات کریک ڈاؤن اور جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کو یقینی بنانا ہے

پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ میر زرین مگسی اسمبلی اجلاس میں تحریک پیش کر رہے ہیں

## اسلام آباد، کرسمس کے موقع پر جامع سیکورٹی پروگرام ترتیب

پولیس کے 1500 سے زائد افسران ضلع بھر میں اپنے فرائض سرانجام دیں گے

پولیس کی مختلف ٹیمیں مشکوک اور مشتبہ افراد پر کڑی نظر رکھیں گی، ایس ایس پی آپریشنز

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں کرسمس کے موقع پر جامع سیکورٹی پروگرام ترتیب دے دیا۔ اسلام آباد پولیس کے 1500 سے زائد افسران ضلع بھر میں اپنے فرائض سرانجام دیں گے، مسیحی عبادتگاہوں کے ارد گرد خصوصی ناکہ بندی پوائنٹ قائم کیے گئے ہیں، عوامی تفریحی مقامات پر بھی سیکورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی رضا کی ہدایات پر ایس ایس پی آپریشنز/انوسٹی گیشن محمد ارسلان شاہزیب نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کرسمس کے موقع پر ایک جامع سیکورٹی پروگرام ... کیلئے 1500 سے زائد افسران کرسمس کے موقع پر اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں گے، تمام متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ عبادتگاہوں کے باہر سول پارچات، باوردی مسلح اہلکار اور خواتین پولیس افسران کو تعینات کیا جائے، پولیس کی مختلف ٹیمیں مشکوک اور مشتبہ افراد پر کڑی نظر رکھیں گی جبکہ عوامی مقامات پر اضافی نفری کو تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بم ڈسپوزل سکواڈ مختلف علاقوں کی تلاشی کو یقینی بنائے گا، اسلام آباد پولیس کے تمام تھانہ جات کو اس سلسلہ میں ڈیوٹی روسٹر مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے ...

## نو منتخب رکن صوبائی اسمبلی علی حسن زہری کو حلف اٹھانے پر مبارکباد

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے نو منتخب رکن صوبائی اسمبلی علی حسن زہری کو حلف اٹھانے کے بعد مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے سیاسی تجربے کے مطابق علاقے اور بلوچستان بھر کیلئے کردار ادا کرینگے ہم ایوان اور اپنی جانب سے ان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر ایری گیشن میر صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل و دیگر نے مبارکباد دیتے ہوئے کہی

# تنخواہیں اور پنشن ادا نہ ہوئیں تو ملازمین سخت لائحہ عمل اختیار کرینگے، شاہ علی بگٹی

یونیورسٹی ملازمین کو ماہ نومبر 2024 کی تنخواہ اور بجٹ میں اضافہ شدہ 25 فیصد ایڈہاک الاونس نہیں ملا، صدر

جامعہ کے ملازمین انکے بچے مسائل سے دوچار ہو چکے، حکومت مطلوبہ فنڈز کا فوری اجراء کرے، گل جان کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے کابینہ، عہدیداران اور اراکین مجلس عاملہ کا مشترکہ اجلاس زیر صدارت صدر شاہ علی بگٹی منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری گل جان کاکڑ سمیت کابینہ عہدیداران اور اراکین مجلس عاملہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ... آف ڈیمانڈ کو مرتب کرنے سمیت یونیورسٹی ملازمین کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور وخوص کیا گیا۔ اور اس بابت اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں اس امر پر سخت تشویش کا اظہار کیا کہ جامعہ کے ملازمین کو تاحال ماہ نومبر 2024 کی تنخواہ اور بجٹ میں اضافہ شدہ 25 فیصد ایڈہاک الاونس اور ... نہیں آرہی بلوچستان یونیورسٹی اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہے۔ اس موقع پر صدر شاہ علی بگٹی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ملازمین کو اس ہوشربا مہنگائی میں موجودہ تنخواہیں اگر وقت مقررہ پر مل بھی جائیں تو گزارہ مشکل سے ہوتا۔ ...

## افراد باہمی معذوران الائنس کے اجلاس میں ایڈہاک کمیٹی کی تشکیل

## مسیحی برادری کا ملک کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ہے، ڈاکٹر عائشہ ڈوگر

کوئٹہ (یو این اے) مسیحی برادری کا ملک کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ہے کرسمس کے پرمسرت موقع پر مسیحی برادری کی خوشیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ ڈالنا ہوگا۔ کرسمس محبت امن و بھائی چارے کو فروغ دینے کا تہوار ہے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم ...

## سی پی او راولپنڈی کا خاتون کے ساتھ زیادتی کا نوٹس

سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر تھانہ وارث خان میں مقدمہ درج، ملزم گرفتار

## انسداد پولیو مہمات کے خاطر خواہ نتائج سامنے آنے چاہئیں، علی رضا کھوسہ

## گلیل اللہ صاحبزادہ کرام کے ایام کو سرکاری طور پر منایا جائے، ذوالفقار طارق

# بلوچستان کے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرینگے، غلام رسول عمرانی

محکمہ محنت و افرادی قوت کی نگرانی میں نئے سال کے آغاز پر بیروزگار افراد کی پہلی کھیپ بیرون ملک بھجوائی جائے گی

ہمارا مقصد لوگوں کو باعزت معاش کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے اس لیے نوجوانوں کو ٹریننگ بھی جاری ہے، صوبائی مشیر

# لائیوسٹاک کے شعبے میں جدت لانے کیلئے 44 موبائل یونٹ دیئے جا رہے ہیں، فیصل جمالی

ہسپتالوں اور فارمز کے انفراسٹرکچر اور دیگر حوالوں سے ان کا جائزہ لینے کے لئے بلوچستان کا دورہ کر رہا ہوں

موجودہ حکومت بلوچستان کے مالداروں کو تمام بنیادی سہولیات مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہے، صوبائی وزیر لائیوسٹاک

## نیشنل پارٹی تمام مظلوم طبقات کی جماعت ہے، پروفیسر حلیم صادق

نیشنل پارٹی عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے

# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کو نمایاں تبدیلیاں نظر آئینگی، سیکرٹری بلدیات

2023-2024 کے تحت ترقیاتی منصوبوں کے آڈٹ کے عمل کی تکمیل کو پہنچ گیا ہے جو کہ انتہائی خوش آئند بات ہے

ترقیاتی منصوبوں کو بروقت پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے محکمہ بلدیات کے تمام افسران کو احکامات جاری کر دیئے ہیں، عبدالرؤف بلوچ

# مطالبات پر عملدرآمد نہ ہوا تو قومی شاہراہوں پر احتجاج کرینگے، محمود بادینی

ٹرانسپورٹرز کو کوئٹہ تفتان روٹ پر پوسٹوں پر غیر ضروری کئی گھنٹوں تک کھڑا کیا جاتا ہے، حاجی ملک شاہ

آل تفتان رخشان بس ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں، عبدالمالک محمد حسنی

## تحریک لبیک پاکستان الیکشن میں بھرپور حصہ لے گی، محمد اسحاق بچاری

## ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی کا بھوک ہڑتالی کیمپ ملتوی کرنے کا اعلان

## دیہی خواتین کو تعلیم سے آراستہ اور بااختیار بنانا چاہتے ہیں، ڈاکٹر حیات

## مسیحی برادری کو کرسمس تہوار پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، کاشف حیدری

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری نے پاکستان اور دنیا بھر میں بسنے والے مسیحی برادری کو کرسمس تہوار پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج کا دن مسیحی برادری کے لئے بڑا مقدس دن ہے پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے مسیحی برادری پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے یہ بات انہوں نے کرسمس کے موقع پر بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کے عقائد کو عزت و احترام دینا ہم سب کی بنیادی ذمہ داری ہے اور پرامن بقائے باہمی کے تحت ہی ہم ترقی کی نئی منزلیں طے کر سکتے ہیں پاکستان بین المذاہب ہم آہنگی پر یقین رکھتا ہے

# صنعت و تجارت کی ترقی کے بغیر معاشی خوشحالی کا خواب پورا نہیں ہو سکتا، شہریار تاج

بیرون ملک بھیجے جانے والے کاروباری وفود میں بلوچستان کے ایکسپورٹرز، امپورٹرز اور صنعتکاروں کو نمائندگی دیں گے

راولپنڈی، سی پی او سید خالد ہمدانی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں پولیس افسران سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


## INVITATION OF BID NOTICE

Sealed option bids are invites from well reputed & registered firms/ Distributer of Medicines / Medical Stores registered with DRAP and involved in the business of medicine, disposables and surgical items for the Framework Contract Agreement regarding "Supply of Drug & Medicine and Surgical Consumable items" on Balochistan Health Card Program **(BHCP) for the FY: 2024-25.** The bid process shall carry in accordance with Balochistan Health Card Program Policy Guideline, **2024.**

**Eligibility: - a.** The Bidding documents must be obtained from undersigned office. **b.** The bidder must have (03) years relevant experience in last three years. **c.** Registration with Income Tax department and firm name shall be on active tax payer list of FBR. **d.** The firms/ Distributer of Medicines / Medical Stores shall have Sales Tax registration with FBR. **e.** The firms/Distributer of Medicines/Medical Stores must have financial capacity of **10million** in last 3years by submitting attested original Turn-over certificate from bank. **f.** The Shelf Life must be **70-75%** from the date of supply of medicines for local & imported items. **g.** Firms/ Distributer of Medicines / Medical Stores must have valid drug sale license and Registration DRAP. **h.** The Firm / Distributer of Medicines / Medical Stores must have qualified pharmacist. **I.** The Firm / Distributer of Medicines / Medical Stores must be providing the undertaking certificate of agreed on all term & conditions of bidding documents on Rs. 100/- Judicial Stamp Paper duly verified by Oath Commissioner/Notary Public. **j.** The Firm / Distributer of Medicines / Medical Stores must be providing the non-blacklisting certificate of bidders i.e bidder must not be currently blacklisted by any Government, Semi-Government or any other institutions on Rs. 100/- Judicial Stamp Paper duly verified by Oath Commissioner/Notary Public. **k.** The Signature & Company Seal on every page of bidding documents. **l.** The firm is obligated to provide **DRAP** approved medicines & disposables items. **m. Must read all the documents carefully. n. The undersigned has the right to cancel bidding process or extend the date of bidding process at any time or without giving reasons to bidders. o. Mode of Payment:** within **120 Days** from the date of supply subject to completion of all financial required processes and all codal formalities.

**Bid Security:** The bidder must submit bid security in form of Call deposit of total amount **Rs. 500,000/- (Five Hundred Thousand Rupees)** in the name of Medical Superintendent, Helper Eye hospital, Quetta. **Method of Bid Processing**: - Single-Stage Two-envelope procedure (Technical & Financial separately). **Financial bids offer: -**Must quote maximum discount on MRP **(rate of percentage %) Last date of Bid submission:** The bid must be submitted latest by **09/01/2025** on **11:00 AM** at Office of the Medical Superintendent, Helper Eye Hospital, Quetta. **Technical Bid Opening:** all the bids will be opened on **09/01/2025 at 12.00 PM** before Hospital Procurement Committee in the office of the Medical Superintendent Helper's Eye Hospital Quetta. **Financial Bid Opening:** will be opened after completion of technical evaluation. The date of financial opening will be shared with eligible bidders.

**Address: - Medical Superintendent, Helper's Eye Hospital Sariab Road, Quetta.**
**Phone No: 081-9211087, Fax No. 081-9211089.**

MEDICAL SUPERINTENDENT
Chairman, Procurement Committee/BHCP
**Helper's Eye Hospital Quetta.**

**PRQ No.2520/24-12-2024**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan



## NOTICE INVITING E-TENDER

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on CSR 2023 Govt: of Balochistan are invited from interested Contractors / Firms with detailed terms & conditions are given below. The tender fee Rs.2000/- will be deposited through green challan in the National Bank of Pakistan Ziarat Branch under the head of account **C-02716 (Building CWPP&H Receipt) at the rate shown against each** work as mentioned below:- **EARNEST MONEY 3% of the Bid cost in the shape of a call deposit, RELEVANT CATEGORY C-5 & Above, and Date of Completion 30th June 2026 for each work**

| S.# | NAME OF WORK. | E/ COST |
|---|---|---|
| I. | CONSTRUCTION OF SPORTS GROUNDS IN 8 UNION COUNCILS OF DISTRICT ZIARAT. PACKAGE-I AT 4 UNION COUNCIL (1) U/C BAGHAWO (2) U/C AGHBARGE (3) U/C POI (4) U/C KAZA) TEHSIL SINJAWI TSE-242512612923 | 50.00 M |
| 2. | CONSTRUCTION OF SPORTS GROUNDS IN 8 UNION COUNCILS OF DISTRICT ZIARAT. PACKAGE-II AT 4 UNION COUNCIL (1) U/C MANA (2) U/C SARO (3) U/C SPEZANDI (4) U/C KAWAS) TEHSIL ZIARAT TSE-242512613553 | 50.00 M |

**Eligibility of Bidders** Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Presence in Active Taxpayer List (ATL) is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority (BRA) Registration is required. The bidder must have completed two assignments of a similar nature, each worth 100% of the estimated cost. Turnover of at least PKR 40 million in the past three years, showing financial capacity. PEC Registration: Minimum category: C-5 and above (up to PKR 65 million). Specialized codes: CE10(iv) (Soil Investigation and Stabilization), CE10(ii) (Slope Protection System), CE10(v) (Landscaping & Horticulture), CE10(vii) (General Buildings and Maintenance). **Method of Procurement** Single Stage, Two Envelope Procedure. **Bid Security** The bid must include a Call Deposit Receipt (CDR) in the amount specified, issued in the name of the undersigned, from a scheduled bank under the contractor's title account. Fake Call Deposits will result in blacklisting of the firm. **Tender Documents** Can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Last Date for Bid Submission:** 10th January 2025, by 11:00 AM (electronically via supplier dashboard). **Tender Opening:** 10th January 2025, at 12:00 PM (via EPPS System). Financial bids opening date will be announced later. **Additional Conditions** Bid security (CDR) for technically non-responsive bidders will be returned within 30 days. Bid Validity Period: 90 days. An affidavit on non-judicial stamp paper (PKR 100/-) must declare: The firm has never been blacklisted. All documents and information submitted are true and correct. Documents will be verified from relevant authorities. Contractors who failed to complete previous projects without valid reasons are ineligible to participate. **For any queries, please contact the Executive Engineer, Building Communication Works, PP&H, District Ziarat Office through one of the following: Email:** executiveengineer2.ziarat@gmail.com
**Contact Number: 0334-2610716**

**PRQ No.2537/24-12-2024**

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDING
CW PP&H DISTRICT ZIARAT

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

کوئٹہ، ڈپٹی سپیکر بلوچستان اسمبلی لیفٹیننٹ (ر) عبدالخالق اچکزئی سے صوبائی وزراء نوابزادہ زرین مگسی، میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں


## CORRIGENDUM

With reference to tender notice BPPRA TSE No. 242512607781 published in newspapers on 18th December, 2024 (AB No.608/17-12-2024) regarding ICT Equipment's, PSDP No. 2024-27 Z2024.2585. The case schedule and timeline has been revised and also updated on BPPRA website. The deadline for submission of bids is extended to 2nd January, 2025 10:00 AM, Opening Date & Time: 2nd January, 2025 11:00 AM.

**AB No.630/24-12-2024**

Procurement Officer PMU, School Education Department GoB
Address: H. No 74-A. Chaman Housing Scheme Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

# مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر۔ پرنٹر وپبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

بدھ 25 دسمبر 2024ء


## پچیس دسمبر: قومی یکجہتی اور اتحاد واتفاق کو فروغ دینے کی ضرورت!!

وزیراعظم شہباز شریف نے منگل کے روز وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے قومی یکجہتی اور اتحاد واتفاق کے فروغ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اس ضمن میں پرخلوص اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ بات چیت سے مثبت نتائج سامنے آئیں گے اور مذاکرات کی کامیابی سے ملک میں امن اور معاشی استحکام آئے گا وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وزیراعظم نے رائٹ سائزنگ کی کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ لے کر وفاقی کابینہ میں دوبارہ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے وزیراعظم کا خطاب پر مغز، حالات وواقعات کی بہتر عکاسی اور وقت کی ضرورتوں وحالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ امیدوں واقدامات کی عکاسی کرتا ہے تاہم وزیراعظم شہباز شریف کے اظہار خیال کا تفصیلی جائزہ لینے سے قبل اس بات کا بھی ذکر ضروری ہے کہ آج جب قارئین مشرق یہ سطور پڑھ رہے ہیں پچیس دسمبر ہے اور آج بانی پاکستان وبابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا ایک سو اڑتالیس واں یوم ولادت منایا جا رہا ہے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں نے دن رات جدوجہد کرکے اور لازوال قربانیاں دے کر پاکستان کے قیام کو عملی جامہ پہنایا امسال ہم یہ دن ایک ایسے وقت میں منا رہے ہیں جب وطن عزیز پاکستان کو بیک وقت کئی چیلنجز اور مشکلات کا سامنا ہے آج ہمیں جن مشکلات کا سامنا ہے، ان پر قابو پانے کے لئے پوری قوم کو اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا فہم وادراک کرتے ہوئے ذمہ دار کردار ادا کرنا ہوگا ہر قسم کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر پرامن، ترقی پسندانہ اور جمہوری رویوں کو پروان چڑھاتے ہوئے ملک کو ترقی وخوشحالی کی منزل تک لے کر جانا ہوگا یہی آج کے دن کا تقاضا ہے آج کے دن ہم سب کو یہ عہد کرنا ہوگا کہ جس طرح قائداعظم کے ساتھ مل کر ہمارے بزرگوں نے یہ وطن عزیز بنایا تھا اسی جذبے سے ہم دن رات کام کرتے ہوئے ارض پاک کو ترقی وخوشحالی کی منازل تک لے کر جائیں گے۔ بانی پاکستان کی یوم پیدائش کے اس دن کے موقع پر ہمیں بحیثیت قوم بیٹھ کر اس نکتے پر غور وفکر کرنے کی ضرورت ہے کہ ہمارے اسلاف نے لازوال قربانیاں دے کر جو آزاد مملکت حاصل کی کیا ہم اس کی ترقی کے لئے اپنے حصے کا کردار ادا کر رہے ہیں؟ یا پھر ہم گروہوں اور تعصبات میں بٹ کر اپنے اسلاف کی قربانیوں کو فراموش کر بیٹھے ہیں کہیں ہم ہر چیز میں سیاست تو نہیں کر رہے؟ بحیثیت پاکستانی ہم پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ہم ان کی بجا آوری کر رہے ہیں یا نہیں ان سوالات پر غور وفکر کرنے اور احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے سب سے زیادہ بنیادی ضرورت اسی بات کی ہے کہ ہم ایک قوم ہونے کا عملی ثبوت دیں اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کریں ہم آہنگی اور اخوت کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھیں وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ اجلاس میں ملک وقوم کو درپیش چیلنجز ان سے نمٹنے کے لئے حکومتی اقدامات وترجیحات اور اتحاد واتفاق کی ضرورت اچھی طرح بیان کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ قومی یکجہتی اور اتحاد کے فروغ کے لئے پی ٹی آئی کے ساتھ خلوص سے بات چیت کریں گے وزیراعظم نے نیشنل ڈیفنس کمپلیکس اور دیگر دفاعی پابندیوں کو بلا جواز قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام جارحانہ نہیں ہے، یہ سو فیصد پاکستان کے دفاع کے لئے ہے۔ پاکستان کسی کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا۔ دفتر خارجہ نے اس حوالے سے جامع اور مربوط جواب دیا ہے لیکن یہ بات طے ہے کہ یہ پروگرام چوبیس کروڑ عوام کا ہے اور ہمیں ہر چیز سے بڑھ کر عزیز ہے۔ اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، پوری قوم اس پر یکسو اور متحد ہے۔ وزیراعظم نے پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ سپیکر قومی اسمبلی کی طرف سے بات چیت کے اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اتحادی پارلیمنٹیرینز پر مشتمل کمیٹی کے قیام کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ میں نے مشاورت کے ساتھ کمیٹی بنا دی ہے اب قومی مفاد کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے ذاتی مفادات کو قومی مفادات کے تابع کریں اور ذاتی پسند وناپسند کو قوم کی خاطر قربان کردیں۔ اس مقصد اور ہدف کو سامنے رکھ کر جو گفت وشنید ہوگی اس سے ملک میں قومی یکجہتی اور بہتری آئے گی۔ ہمیں کسی کی نیت پر شک نہیں اور امید ہے کہ مل کر ایسا حل نکالیں گے جو ملک کے بہترین مفاد میں ہو اور ملک وقوم کو اس کا فائدہ ہو اور اس سے ملک میں مزید معاشی استحکام آئے۔ وزیراعظم نے قومی یکجہتی واتحاد کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سپیکر قومی اسمبلی کے احسن اقدام پر حکومت خلوص سے آگے بڑھے گی اور توقع ہے کہ دوسری جانب سے بھی اسی جذبے کا مظاہرہ کیا جائے گا تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، امید کرتے ہیں کہ دونوں اطراف مل کر پاکستان کو امن اور استحکام کی راہ پر گامزن کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کا مل کر خاتمہ کریں گے اور پاکستان درپیش چیلنجز سے سرخرو ہو کر نکلے گا۔ دہشت گردی کے خلاف ہماری فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے معاشی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سٹیٹ بینک نے پالیسی ریٹ کم کر کے تیرہ فیصد کر دیا ہے۔ مہنگائی پانچ فیصد سے کم پر آگئی ہے جو دو ہزار اٹھارہ کے بعد سب سے کم ہے۔ برآمدات میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ ترسیلات زر، آئی ٹی ایکسپورٹس میں بھی اضافہ ہو رہا ہے وزیراعظم نے جن کامیابیوں کا ذکر کیا ہے اس کے سبھی معترف ہیں کہ حکومت نے نامساعد اور مشکل حالات کے باوجود معیشت کی کشتی کو طوفانی تھپیڑوں سے بچایا آج ہماری معیشت بہتری کی راہ پر گامزن ہو چکی ہے معیشت سے متعلق اچھی اور اطمینان بخش خبروں کا سلسلہ جاری ہے اور حکومت کے بدترین سیاسی مخالفین بھی اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ حکومت نے قلیل عرصے میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں سمیٹی ہیں تاہم کامیابیوں کا یہ سلسلہ مزید بھی تیز اور ہمہ گیر وہمہ جہت ہو سکتا ہے بشرطیکہ ملک میں سیاسی استحکام ہو اگر سیاسی استحکام نہیں ہوگا تو معاشی استحکام بھی نہیں آئے گا پس جس طرح حکومت نے تعمیری انداز میں پرخلوص قدم اٹھایا ہے پی ٹی آئی کو بھی اس کا جواب بڑھ چڑھ کر دینا چاہئے اور حکومت واپوزیشن کی تخصیص سے ہٹ کر ملک کی ترقی خوشحالی اور قومی مفاد کو مقدم رکھ کر آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔

## شہید جمہوریت: بینظیر بھٹو کی زندگی، جدوجہد اور شہادت

## منظر نامہ



## "مقتدرہ" کی "حکومتی بندوبست" کی جانب پیش رفت

## برملا

نصرت جاوید

## فیئر ٹرائل ہر شہری کا بنیادی حق ہے

## اظہار خیال

محمد رمضان اچکزئی

Ramzanachakzai59@gmail.com

## شہباز حکومت کیوں ناکام رہے گی؟

## تاثرات

## 25 دسمبر تاریخ یا مورخہ۔ Date or History?

## آواز دوست

## جوش، ہوش اور امکانات

## خیالات



## محمد رفیع کا 100واں یوم پیدائش

## عالمی افق



## عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔اورائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

### تلاش گمشدہ

میری میٹرک کی سند کہیں گم ہوگئی ہے جس کو ملے درج ذیل پتہ پر ارسال کردیں۔ نفیسہ بی بی بنت عبدالمجید سکنہ بابو اصغر بلال اسکول اوستہ محمد موبائل نمبر 0333-53421510

نمائندہ اوستہ محمد........

### گمشدگی مہاجر کارڈ

میرا مہاجر کارڈ AC294836545566 بنام شراف الدین ولد سید الرحمٰن کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03108735294 پر مطلع کریں۔

نمائندہ خانوزئی........

ڈیرہ مراد جمالی، صوبائی وزیر محمد صادق عمرانی کو چیف انجینئر ناصر مجید اریگیشن ریسٹ ہاؤس کی تعمیر و مرمت کے حوالے سے آگاہی دے رہے ہیں

## سبی، جمالی اور اری قبائل کے قتل کا تصفیہ

### 32 لاکھ روپے تاوان عائد، 9 لاکھ روپے بخشنے کا اعلان

سبی (نمائندہ مشرق) جمالی اور اری اقوام کے قتل کا تصفیہ ہوگیا، فیصلے میں 32 لاکھ جمالی برادری کو تاوان ادا کرنا ہوگا اری برادری نے فیصلے میں سردارزادہ میر ہیبرک خان رند کو 5 لاکھ، اور بلوچی میڑھ کو 4 لاکھ روپے بخش دیا۔ جمالی اور اری قتل کا معاملہ بھاگ کے قبائلی شخصیت میر محمد عمر جتوئی، سبی کے سابق تحصیل ناظم میر محمد جان رند اور سابق تحصیل چیئرمین زکوٰۃ وعشر کمیٹی سبی میر سلیم گشکوری کی کوششوں سے حل ہوا تقریباً ڈیڑھ سال قبل جمالی قوم کے ایک نوجوان نے اری قبیلے کے نوجوان کو قتل کروایا تھا قتل کے معاملے کو حل کرانے کے لئے بھاگ کے معتبر شخصیت میر محمد عمر جتوئی سبی تحصیل کے سابق ناظم میر محمد جان رند اور سابق تحصیل چیئرمین زکوٰۃ وعشر کمیٹی سبی میر سلیم گشکوری نے اپنا کردار ادا کیا اور سبی و بھاگ کے سادات کرام، علماء کرام اور معتبرین و معززین پر مشتمل بلوچی میڑھ لے کر اری قبیلے کے پاس گئے اری قبیلے نے بلوچی میڑھ کو عزت دیتے ہوئے اپنے قبیلے کی جانب سے قتل کے فیصلے کا اختیار سردار زادہ میر ہیبرک رند کو دیا۔ سردار زادہ میر ہیبرک خان رند نے جمالی اور اری قبیلے کا فیصلہ کرتے ہوئے جمالی قبیلے پر 32 لاکھ روپے قتل اور جرمانہ عائد کرتے ہوئے اری قبیلے کے مقتول کے ورثاء کو ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس موقع پر اری قبیلے نے 5 لاکھ روپے سردار زادہ میر ہیبرک خان رند کو عزت دیتے ہوئے بخش دیئے اور 23 دسمبر کو فیصلے کے مطابق سادات کرام اور علماء کرام سید نور احمد شاہ، سید ارشد شاہ، صوفی سلیمان نقشبندی، مولانا عطاء اللہ ہنگلزئی کی سربراہی میں سبی اور بھاگ کے معتبرین میر محمد جان رند، وڈیرہ بشیر چھلگری، رئیس سلیمان، بابھی میر سلیم گشکوری، حاجی غلام رسول سیلاچی، میر حبیب الرحمٰن رند، وڈیرہ فدا حسین رند، وڈیرہ لیاقت براہمانی، میر گل محمد مغیری، میر محمد عمر جتوئی میر راشد مغیری، چیئرمین الٰہی بخش ابڑو، میر ریاض گشکوری، حاجی سعید الدین طارق، مولانا عبدالغفار، مولانا تاج محمد، مولانا، میر اسلم چھلگری، میر غفان چھلگری، میر مشتاق مغیری، میر خالد مغیری، قطب خان گشکوری، میر راشد مغیری، میر مشتاق مغیری، میر خالد مغیری پر مشتمل میڑھ ارباب اری ہاؤس بھاگ گئے

## خضدار میں مہنگائی کا ایک نیا طوفان آمڈ آیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں مہنگائی کا ایک نیا طوفان بھی آمڈ آیا ہے مسلسل مہنگائی کی بدولت عوام رل گئی ہیں اشیائی خورد ونوش سمیت چھوٹے بڑے گوشت مرغی کی قیمت بڑھ گئی ہے جس سے شہری سر پکڑ کر بیٹھ گئے ہیں جسکی وجہ سے ضلع بھر کے پرائس کنٹرول مجسٹریس بھی مکمل طور پر ناکام ہو گئے ہیں۔ اس وقت شہر کی اوپن مارکیٹ میں چھوٹا گوشت 2 ہزار بڑا گوشت 13 سو اور مرغی 6 سو اور سفید چنے 450 روپے فی کلو، لال لوبیا 510 روپے، چینی 145 بیسن 320 روپے گھی 580 روپے مٹر 150، بینگن 100، لیموں 200 روپے سبز دھنیا 80 روپے فی گڈی، دال چنا 300 روپے کلو، آلو 150 روپے، پیاز 150 روپے، ٹماٹر 300 روپے فی کلو، گوبھی 150 اور ہری مرچ 400 روپے، دہی 220 روپے چکن زندہ 450 روپے، چکن گوشت 600 روپے، بڑا گوشت 1300، چھوٹا گوشت 2000 روپے کھجور 850 روپے، سیب 200 روپے، خربوزہ 150 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے خضدار کے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی، اسسٹنٹ کمشنر حفیظ کا کرد و دیگر حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ خدارا خضدار کے عوام پر رحم کھا کر مہنگائی مافیا کو لگام دیں اور عوام کو مزید لوٹنے سے نجات دلائی جائے۔

### وڈیرہ محمد فاروق جاموٹ اور میر سعید احمد موسیانی شیر وشکر ہوگئے

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کرخ کے سینئر رہنما، وڈیرہ محمد فاروق جاموٹ میر جمعہ خان شکرانی اور جمعیت علمائے اسلام کے میر سعید احمد موسیانی میر عبدالعزیز موسیانی ودیگر رہنماؤں کے درمیان جنرل الیکشن کے موقع پر کچھ سیاسی رنجشیں اور دوریاں پیدا ہوئی تھی جنھیں علاقائی مفاد میں دونوں جانب کے رہنماؤں نے ختم کر کے شیر وشکر ہوگئے دونوں پارٹیوں کے رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا

## غیر قانونی ٹیوب ویلز اور بور کے خلاف کارروائی کی جائے گی، جمعہ داد

### نشہ آور فصل کی کاشت فوراً ختم کردیں، شناختی کارڈ بلاک کر دیے جائیں گے

موسیٰ خیل (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد مندوخیل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ نارکوٹکس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اختر اچکزئی سمیت دیگر متعلقہ کمیٹی ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں منشیات کے استعمال، خصوصاً پوست کی کاشت کے خاتمے اور اس کی روک تھام کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس میں کہا کہ منشیات ایک بڑی لعنت ہے جو ہماری نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیل رہی ہے، اور اس کا خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غیر قانونی ٹیوب ویلز اور بور کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

## میرٹ کے خلاف ریلی اور مظاہرے سمجھ سے بالاتر ہیں

### سابقہ صوبائی وزیر نے سیاسی جماعتوں کو ورغلا کر مظاہرہ کروایا ہے

کوہلو (نمائندہ مشرق) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماؤں اور اتحادیوں کا ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو (رجسٹرڈ) میں پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہنا تھا کہ میرٹ کے خلاف ریلی اور مظاہرے سمجھ سے بالاتر ہیں، بے روزگار نوجوانوں کو ان کی قابلیت پر بھرتی کیا گیا اس عمل کو سراہنے کے بجائے اس کی مخالفت کی جا رہی ہے، اس موقع پر وڈیرہ رہنواز زنگ کا کہنا تھا کہ سابقہ صوبائی وزیر میر نصیب اللہ نے سیاسی جماعتوں کو ورغلا کر گزشتہ روز مظاہرہ کروایا ہے حالانکہ گزشتہ ادوار میں سابقہ وزیر تعلیم کا اپنا اوتاک نوکریوں کی بندر بانٹ اور خرید و فروخت کا مرکز بنا رہا اس وقت یہ تمام سیاسی جماعتیں کہاں تھی جب میرٹ کے برعکس نوکریاں تقسیم کی جا رہی تھی وڈیرہ رہنواز زنگ نے مزید انکشاف کیا کہ گزشتہ پانچ سالوں کی دوران درجنوں بوگس بھرتیاں کی گئی سابق صوبائی وزیر کے دور میں ایسے لوگوں کو بھی بھرتی کیا گیا جن کے شناختی کارڈ تک نہیں بنے تھے محکمہ صحت، تعلیم، لائیو اسٹاک، پی ایچ ای ودیگر محکموں میں نوکریاں بندر بانٹ کی گئی سابق وزیر کے پاس محکمہ تعلیم کے قلمدان ہونے کے باوجود کوہلو صوبہ بھر میں شرح خواندگی میں آخری نمبر پر رہا دوسری جانب آج بھی سابق صوبائی وزیر کے زیر استعمال محکمہ صحت و تعلیم کی سرکاری گاڑیاں ہیں اپنے داماد کو سابق صوبائی وزیر نے خلاف قانون چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ تعینات کیا

ایف سی نوشکی کی نگرانی میں کیو آر ایف کے جوان سنیپ چیکنگ کر رہے ہیں

## سیدنا صدیق اکبرؓ کا یوم وفات

**تحریر: مولانا محمد رمضان مینگل**

اللہ رب العزت نے نسل انسانی کا آغاز حضرت آدم سے کیا جو قیامت کی صبح تک جاری رہے گا اولاد آدم میں بعض مقدس ہستیوں کو نبوت و رسالت پر فائز کیا۔ پھر ہر نبی کے زمانے میں بعض حضرات کو منصب صحابیت عطا فرمائے جو نبوت کے بعد بلند ترین اعزاز ہے۔ حضرت آدم سے لے کر حضور ﷺ تک تمام امتوں میں افضل ترین وہ لوگ ہیں جنہوں نے چہرہ نبوت کو دیکھا اور منصب صحابیت پر فائز ہوئے مگر سیدنا صدیق اکبرؓ وہ مقدس ہستی ہیں کہ جن کی صحابیت کا ذکر قرآن عظیم الشان میں بھی آیا اور یہ اعزاز صرف سیدنا صدیق اکبرؓ کا ہے کہ آپ کی صحابیت قرآن سے ثابت ہے۔ سیدنا صدیق اکبرؓ 571 عیسوی میں مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے آپ کا نام عبداللہ اور کنیت ابوبکر ہے۔ آپ کی جملہ خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ آپ کے والد بھی صحابی، آپ خود بھی صحابی، آپ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمان بھی صحابی اور آپ کے پوتے محمد بھی صحابی ہیں۔ حضور ﷺ نے آپ کے متعلق فرمایا کہ تو میرا غار کا ساتھی ہے اور حوض کوثر پر بھی میرا رفیق ہوگا۔ سیدنا ابوبکرؓ نے اکیس نمازیں حضور ﷺ کی حیات طیبہ میں پڑھائیں اور ایک نماز حضور ﷺ نے بھی آپؓ کے پیچھے پڑھی۔ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ خدا کے رسول ﷺ نے اپنے مرض الوفات میں ابوبکر کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ کے مال نے مجھے سب سے زیادہ نفع دیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ انبیاء و مرسلین کے بعد ابوبکرؓ سے افضل آدمی پر سورج طلوع نہیں ہوا۔ سید نا علی المرتضیٰؓ ایک مکتوب میں لکھتے ہیں کہ خلیفہ رسول سیدنا صدیق اکبرؓ اسلام میں سب سے افضل ہیں اور اگر ہم ان کو خلافت کے لائق نہ سمجھتے تو انہیں ہرگز اس منصب پر نہ چھوڑتے۔ آپؓ مسند خلافت پر فائز ہوئے تو فتنوں نے سر اٹھایا آپؓ نے سب سے پہلے سات سو افراد پر مشتمل لشکر اسامہؓ روانہ فرمایا جسے خود حضور ﷺ ترتیب دے چکے تھے اکثر صحابہ نے کہا کہ یہ وقت اتنے بڑے لشکر کی روانگی کا نہیں کیونکہ مدینہ کے اردگرد دیہاتی سردار باغی ہو رہے ہیں اور وہ مدینہ پر حملے کی تیاری کر رہے ہیں تو سیدنا ابوبکرؓ نے فرمایا جس لشکر کو رسول اللہ ﷺ نے تیار کیا میں اسے نہیں روک سکتا بھلے اس لشکر کو روانہ کرنے کے بعد میری بوٹی بوٹی ہی کیوں نہ ہو جائے۔ آپؓ نے جھوٹے مدعیان نبوت کا قلع قمع کیا۔ جنگ یمامہ اسلام کا روشن باب ہے۔ آپؓ کے کارناموں میں ایک عظیم کارنامہ جمع قرآن کا ہے کہ آپؓ نے قرآن مقدس کو کتابی شکل میں محفوظ کیا یہ پوری امت پر آپؓ کا احسان عظیم ہے۔ آپؓ کی بصیرت و حکمت سے چند روز ہی میں اسلام اسی آب و تاب سے چمکنے لگا جیسے دور نبوت میں تھا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ 22 جمادی الثانی 13 ہجری کو اس دار فانی سے رخصت ہوئے۔ آپؓ کے جنازے میں اہلبیت کے تمام افراد شامل تھے اور آپؓ کو نبی کریم ﷺ کے پہلو میں ایسے مقام پر دفن کیا گیا جو روئے زمین پر سب سے اعلیٰ و بہتر مقام ہے یعنی روضہ رسول ﷺ۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ خلفائے راشدین حضرت صدیق اکبرؓ کے یوم وفات 22 جمادی الثانی، حضرت عمر فاروقؓ کے یوم شہادت یکم محرم الحرام، حضرت عثمان غنیؓ کے یوم شہادت 18 ذی الحجہ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے یوم شہادت 21 رمضان المبارک کو چھٹی کا اعلان کر کے ان ایام کو سرکاری سطح پر منایا جائے۔

## عوامی مسائل کے حل کے لیے گنداواہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

### ضلعی انتظامیہ، متعلقہ محکموں کے افسران، عمائدین کی بڑی تعداد میں شرکت

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) چیف منسٹر بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے ضلعی صدر مقام گنداواہ میں کھلی کچہری منعقد کی گئی۔ اس اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ اور ایف سی ونگ کمانڈر کرنل سہیل احمد نے مشترکہ طور پر کی۔ کھلی کچہری میں ضلعی انتظامیہ، متعلقہ محکموں کے افسران، عمائدین، مذہبی اور سماجی تنظیموں کے نمائندگان، مقامی زمیندار، سول سوسائٹی، ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ کے نمائندے اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس میں عوام نے اپنے مسائل پیش کیے جن میں تاریخی گنبد جسے کو توڑنے، سرکاری زمین پر ناجائز کاشت کاری، صفائی ستھرائی کے مسائل، واٹر سپلائی اسکیم کی بحالی، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی، اور گنداواہ میں بجلی کی فراہمی جیسے مسائل شامل تھے۔ ڈپٹی کمشنر سید رحمت اللہ شاہ نے عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے کئی احکامات جاری کیے اور یقین دلایا کہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر بلوچستان کے وژن کے تحت عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہریوں کا تسلسل جاری رکھا جائے گا۔ علاقے کے عوام نے کھلی کچہری کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایک مثبت اقدام ہے

### جمعیت علماء اسلام ایک عظیم جماعت ہے، مولانا نجیب اللہ

سرانان (نامہ نگار) تحصیل سرانان کے جنرل سیکرٹری مولانا نجیب اللہ آغا نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک عظیم اور قابل فخر جماعت ہے جو ملک کے اسلامی تشخص اور شریعت کے نفاذ کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جماعت نہ صرف پاکستان بلکہ امت مسلمہ کی آواز ہے اور ہر سطح پر عوام کی خدمت اور رہنمائی میں پیش پیش ہے۔ مولانا نجیب اللہ آغا نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے اور قوم کو متحد کرنے کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جماعت کے قائدین کی بصیرت اور قیادت کی بدولت آج جمعیت علماء اسلام ایک مضبوط اور منظم جماعت بن چکی ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ جمعیت علماء اسلام کا ساتھ دیں

## مسائل کے حل کیلئے دروازے کھلے ہیں، بشیر احمد سدیو

### شہری مین بازار میں گاڑیوں کی پارکنگ سے اجتناب کریں، چیف آفیسر

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) چیف آفیسر ڈیرہ مراد جمالی بشیر احمد سدیو نے کہا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی میونسپل کمیٹی کے رہائشیوں کو چاہئے کہ وہ اپنے شہر کا خاص خیال رکھ کر شہر میں ہر جگہ کوڑا کرکٹ پھیلنے سے گریز کریں مسافروں اور خصوصی طور پر شہریوں اور تاجر برادری کو چاہئے کہ وہ مین بازار میں جگہ جگہ موٹر گاڑیاں اور دیگر گاڑیاں کھڑی کرنے سے گریز کریں یہ ہم سب کا شہر ہے شہر میں مختلف گلی اور اسٹریٹ کی تعمیر و مرمت اور ٹف ٹائل سے شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے ساتھ عوام کو بارشوں کے دوران چلنے پھرنے میں آسانی ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے نمائندہ مشرق سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا چیف آفیسر بشیر احمد سدیو نے کہا میونسپل کمیٹی کا عملہ شہریوں کی مشکلات کو کم کرنے کے لئے صفائی ستھرائی کی غرض سے مین جگہوں پر بڑی بڑی ڈسٹبن رکھے ہیں عوام کو چاہئے کہ وہ انہیں یوز کر کے جگہ جگہ کرکٹ کوڑا پھینکنے سے گریز کریں انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کا تحقیق عملہ شہر کی صفائی ستھرائی خصوصاً نالیوں کی صفائی بڑی مشینوں کے ذریعے روزانہ کی بنیاد پر کام کر رہے ہیں میونسپل کے تاجر برادری اپنے کاروباری مراکز کے سامنے مین شاہراہ پر کسی بھی قسم کی کاروبار کرنے کی اجازت نہ دیں تاکہ ڈیرہ مراد جمالی کی مین شاہراہ پر باہر سے آنے جانے والی ٹرانسپورٹ کو آنے جانے میں پریشانیوں کا سامنا کرنا نہ پڑے انہوں نے مزید کہا کہ میرا دروازہ شہر کے عوام کے لئے ہر وقت کھلا ہے وہ کسی بھی وقت آکر میرے ساتھ اپنے مسائل سے آگاہ کر سکتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی وہ واحد سٹی ہے جہاں ضلعی آفیسران اور ڈویژنل آفیسران بیٹھتے ہیں اسی وجہ سے بھی سائلوں کا یہاں آنا جانا روز کا معمول ہے اسی وجہ سے ہر قسم کی ٹریفک سمیت کاروباری حضرات کی آمد سے بھی شہر پر کافی رش کا دباؤ ہے عوام کو چاہئے کہ وہ بہترین اصولوں پر چل کر حکومت کی جانب سے دی گئی تمام اصولوں کو فالو کر کے اپنے لئے اور دیگر عوام کے لئے مشکلات پیدا نہ کریں

### گورنمنٹ پرائمری گرلز سکول چونا گوٹھ اوتھل کو مڈل کا درجہ دیا جائے

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ پرائمری گرلز سکول چونا گوٹھ اوتھل کو مڈل کا درجہ دیا جائے پرائمری پاس کرنے کے بعد طالبات کو شہر جانے میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جب کہ بعض طالبات تعلیم سے کنارہ کشی اختیار کر لیتی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق چونا گوٹھ اوتھل کے مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے 5 سے 6 کلومیٹر دور گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چونا گوٹھ اوتھل کو مڈل کا درجہ دیا جائے

### پریس کلب کے مین گیٹ اور راستے کو بند کر دیا گیا

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد آزادی صحافت کے دعویداروں نے حد کی انتہا کر دی پریس کلب کے مین گیٹ اور راستے کو بند کر دیا گیا پارک کے نام پر پریس کلب کی وجود کو ختم کرنے کی سازش صحافی برادری سراپا احتجاج میں وسی کے حالات بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان ایم پی اے اوستہ محمد سردارزادہ فیصل خان جمالی سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی سے مین گیٹ اور راستے کی بحالی کی اپیل کرتے ہیں تفصیلات کے مطابق فیصل پارک کی تعمیر اور آرائش کے نام پر پریس کلب رجسٹرڈ اوستہ محمد کی مین گیٹ اور راستے کو بند کیا جا رہا ہے

### آواران کے عوام کی بھرپور خدمت کر رہے ہیں، ذین روانجھو

بیلا (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام آف لسبیلہ نواب جام کمال خان عالیانی ضلع لسبیلہ اور ضلع حب سمیت آواران کے عوام کی بھرپور انداز میں خدمت کر رہے ہیں جام خاندان اقتدار میں رہے یا نہ رہے لیکن الحمدللہ ان کی سرپرستی میں ضلع لسبیلہ میں ہمیشہ ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رہا ہے اور نواب جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی بھی اپنے حلقہ انتخاب لسبیلہ کے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں ضلع لسبیلہ کی عوام کو جام خاندان کی قیادت پر ہمیشہ فخر رہا ہے

اوستہ محمد، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمشنر اکرم ابڑو مشرق سے گفتگو کر رہے ہیں

## سبی: انسانی حقوق پر شراکت داروں کے ڈائیلاگ کا انعقاد

### خواتین، بچوں، معذور افراد کے حقوق پر جامع گفتگو

سبی (نمائندہ مشرق) انڈیوکیل لینڈ پاکستان کے زیر انتظام، سی پی ڈی آئی کے اشتراک سے سبی میں ایک روزہ انسانی حقوق کے شراکت داروں کے ساتھ ڈائیلاگ کا انعقاد کیا گیا پروگرام کی شروعات سمین صدیق اور ساجد مگسی نے تعارفی سیشن کروایا، رحیمہ خان کے پروگرام کے مقاصد سے آگاہ کیا، انسانی حقوق اور اس پر عملدرآمد کو کیسے یقینی بنایا جا سکتا ہے اور بالخصوص معاشرے میں موجود خواتین، بچے، بزرگ، بصارت، قوت گویائی، چلنے پھرنے کی صلاحیت میں کمی کے باعث اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا کرتے ہیں پروگرام میں مقبول احمد پریذیڈنٹ اویسس فاؤنڈیشن، نے سول سوسائٹی کے کردار کو اجاگر کیا اور کیسے مل جل کر تمام درپیش مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لیے اکٹھے ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے اور بالخصوص سماجی رابطوں کی ویب سائٹ کا استعمال بھی ایک پر اثر ہو سکتا ہے محمد اقبال ٹیکنالوجی ڈپٹی رجسٹرار میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی نے قوانین کے حوالے سے آگاہی دی اور آرٹیفیشل انٹیلجنس کے استعمال کے بنیادی قوانین کی آگاہی لینے میں آسانی ہو سکتی ہے، تاریخی اعتبار سے انسانی حقوق کو اجاگر کیا محمد اسلم جتوئی ڈپٹی ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی، نے بلوچستان ہیومن رائٹس کمیشن کے طریقہ کار اور کردار پر آگاہی دی پروگرام میں عبد الحکیم لودھی ریٹائرڈ الیکشن کمشنر، سعید الدین طارق صدر پریس کلب سبی سول سوسائٹی، خواتین، پی ڈبلیو ڈی، میڈیا کے نمائندگان نے شرکت کی رہنواز کھوسو فوکل پرسن اویسس نے پروگرام میں منتظم کے کردار ادا کیا۔

## کیڈٹ کالج خاران کا علاقے میں تعلیم کی فروغ کے لیے اہم اقدام

### کیڈٹ کالجز کے داخلہ ٹیسٹ کی تیاری مختلف اساتذہ کے زیرنگرانی کرائی جارہی ہے

خاران (نمائندہ خصوصی) کیڈٹ کالج خاران کا علاقے میں تعلیم کی فروغ کے لیے اہم اقدام کیڈٹ کالج خاران ضلع واشک اور ضلع خاران کے گورنمنٹ سکولز کے طلباء کو دے رہا ہے ایک سنہری موقع جس میں بلوچستان کے تمام کیڈٹ کالجز کے داخلہ ٹیسٹ کی تیاری کالج کے ہونہار اور مختلف اساتذہ کے زیرنگرانی کرائی جارہی ہے کیڈٹ کالج خاران کے اس سنہری کوشش سے طلباء اور انکے والدین انتہائی مطمئن اور خوش ہیں یاد رہے کہ کیڈٹ کالج خاران اس سے قبل بھی ایسے اقدامات اٹھاتا آرہا ہے جس میں قومی ایام کے حوالے سے تقریری مقابلے مضمون نویسی کیلی گرافی اور سپورٹس ویک کے مقابلے سرفہرست ہیں جس میں علاقے کے سکولز کے طلباء کو مدعو کر کے شمولیت کا موقع دیا جاتا ہے کیڈٹ کالج خاران رخشاں ڈویژن میں علم کے فروغ کے لیے روز اول سے کوشاں ہے اور مستقبل میں بھی ایسے پروگرام منعقد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس سے علاقے کے طلباء مستفید ہوتے رہیں گے

## لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آ گیا

### سبزیاں، پھل، دالیں، گوشت، مرغی، مچھلی شہریوں کی قوت خرید سے باہر

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آ گیا، گراں فروشی عروج پر، سبزیاں، پھل، دالیں، گوشت، مرغی، مچھلی انڈے شہریوں کی قوت خرید سے باہر، انتظامیہ بے بس، نرخ نامہ پر عمل درآمد کرانے سے قاصر تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں مہنگائی عروج پر ہے سبزیاں، پھل، دالیں، گوشت، مرغی، مچھلی، انڈے، مصالحہ جات شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہوگئے۔ مقامی کاشت ہونے والی سبزیاں، سلاد اور ہرے مصالحے بھی دکاندار اپنی من مانی کرتے ہوئے مہنگے داموں فروخت کر رہے ہیں۔ جب کہ بکرے، اونٹ کا گوشت اپنی جگہ غریبوں کے لیے مرغی کا گوشت بھی خریدنا بھی محال ہوگیا۔ غریب اور متوسط طبقے کے لوگ مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور انتظامیہ سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کرانے کے بجائے خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتے ہوئے صرف فوٹو سیشن تک محدود ہو کر رہ گئے ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مہنگائی پر قابو پانے اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے جاری کردہ نرخ نامہ پر سختی سے عمل درآمد کرانے اور گراں فروشی کے مرتکب دکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کرے۔

## TENDER NOTICE

TSE-242512614933 **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The Director Agriculture (Economics & Marketing) Balochistan Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the year 2024 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates, Government of Balochistan amended up-to-date and Time Limit 30.12.2026: Tender Fee Rs.1000/- and Bid Security 2%

| S.No. | Name of Works | E/Cost |
|---|---|---|
| 1 | Development of Marketing Infrastructure Facilities at Dera Allah Yar (Jhatpat) district Jaffarabad | 45,254,415 |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 31,678,090PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Correctness of information (stamp paper of Rs.100/- dully attested by notary public) Complete profile of the firm Rs.1000/- (Non-refundable) for said work deposited in the head of account: C03-Miscellaneous Receipt, C031-Economic Services Receipt-Food & Agriculture, C03199-Agriculture Authority letter for submission of bidding documents or participation (stamp paper of Rs.100/- dully attested by notary public). **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents may be download from BPPRA website. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **09th January, 2025** till **01:00 PM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **02:00 PM Address:** Directorate of Agriculture Economics & Marketing Saryab Road Rani Bagh Quetta

**Phone no:** 0819211504 **Fax no:** 0819211329
**Email:** dir.agric2004@gmail.com

**Director Agriculture Economics and Marketing Balochistan Quetta**

**PRQ No.2534/24-12-2024**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

The Administrator Metropolitan Corporation Quetta invites sealed tender based on the composite schedule of rates 2023 Government of Baluchistan, amended up-to-date and Market rate, from interested contractors/firms for the works listed below:

| S.No. | Scheme Name. | Amount |
|---|---|---|
| 1 | Construction of PCC Street and Drain At PB-41 Quetta. TSE-242512607313 | 15 Million |
| 2 | Development of Solar Bore Front Haji Abdul Khaliq House Sirki Road and local Bore with solar system Hameed Street Quetta. TSE-242512607473 | 16 Million |
| 3 | Supply and Fixing Of Tuff Tile, S/F Solar lights 10 nos at Madrassa Colony Naseerabad road Satelite Town Quetta. TSE-242512607563 | 06 Million |
| 4 | Construction of Drain, PCC at Ayesha Majid Street muno Jan Road Quetta TSE-242512607613 | 02 Million |

The procurement shall be carried out under Baluchistan Public Procurement Rules, 2014. amended up-to-date **BASIC ELIGIBILITY**: Registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and Sales Tax Department), where applicable. Registration with PEC for the current year in the relevant category. Registration with BRA & BPPRA. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single-stage – two envelopes Bidding Procedure. **TERMS & CONDITIONS:** All bids must be accompanied by a Bid Security of Rs 2% of the estimated amount in the form of a Deposit at a Call from a scheduled Bank. Qualified Contractor has to submit 10 % of the estimated amount as performance security only in the form of a Deposit at Call from a scheduled Bank (BPPRA rule-44). It will be released within sixty days after completion of the contract subject to clearance of everything else. The Completion period will be 120 days. Further Terms & Conditions and evaluation criteria are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. Submitting a bid means, the firm agrees with all mentioned terms & conditions. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** Tender Fee deposit of an amount of Rs: 1600/= in A/C No 4405-4 NBP Manan Chowk Branch (nonrefundable), Document will be issued from Office of Metropolitan Engineer Inscomb road Quetta, from the date of advertisement on BPPRA web site till one day before Opening date or can be downloaded from the website of BPPRA (www.bppra.org.pk ), documents by downloading them from BPPRA website will also be required to deposit above-mentioned fee. **Submission:** The last date of submission will be *13th January 2025* at 10:00 Hrs. **Opening:** The tender document will be opened on *13th January 2025* at 11:00 Hrs. **Place:** Submission, inquiries and openings will be the Office of the Chief Metropolitan Engineer.

**ADMINISTRATOR METROPOLITAN CORPORATION QUETTA**

**AB No.632/24-12-2024**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

The Deputy Director (OFWM) Chagai invites bids from eligible bidders for execution of following works for the Year 2024 based on Composite Schedule Rates 2018 **Tender Fee Rs. 1,000/- in shape of Green Challan form deposited in head of account (C03136) E/Money 2% of estimated cost in shape of Call Deposit and time limit 30-06-2025 for the work**

| S# | Name of Work/s | Tender Cost |
|---|---|---|
| 1 | Const: of Farm Pond, Inst: of Solar System for Farm Pond, Deve: of Dug Well, Inst: of Solar System for Dug Well, Provision of Low Delta Fruit Plants, Oil Seeds & Fodder /Forage Seeds Under National Progamme for Enhancing Command Area of Small &Mini Dams in Barani Areas of Pakistan Balochistan Component **TSE NO. 242512614313** | 30,754,905 |

**Procurements shall be made under BPPRA Rules 2014. Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List, the bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan, Balochistan Revenue Authority Registration is required, the bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work, Turnover of at least 21,528,433 PKR Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm, Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE04(i) (Dams/WaterRetaining Structures), CE09(ii) (Water Supply), CE10(i) (General Civil Engineering Works), EE11(vi) (Solar Installation). Valid income Tax Registration certificate, Tax Return of Taxation Year FY 2021-22, 2022-23 & 2023-24, Audit Report/Audit Balance Sheet of FY 2021-22, 2022-23 & 2023-24, Bank Credit Line Facility Certificate (The issuance date of statement by the Banker's shall not be older than December 2024). **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed or can be downloaded from www.bppra.gob.pk under above mentioned TSE No. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 09 January, 2025 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 09 January, 2025 till 11:15AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:15 PM **Address:** Office of Deputy Director Agriculture OFWM Chagi **Phone No:** 0300-3806167
Email:Reki.baloch90@gmail.com

**Deputy Director Agriculture On Farm Water Management Chagai**

**PRQ No.2511/24-12-2024**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

The Assistant director Police invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242512614181 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Rs.1000/-

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) **(Total Item(s) Count: 27)** | 2% |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 2,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Provision of Samples **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 22 January, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System Address: Central Police Office, Gulistan Road Quetta Cantt
Phone no: 0819203479 Email: aiggen123@gmail.com

**ASSISTANT DIRECTOR GENERAL BRANCH CPO QUETTA**

**PRQ No.2514/24-12-2024**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## TENDER NOTICE

The Administrator Metropolitan Corporation Quetta invites sealed tender based on the composite schedule of rates 2023 Government of Baluchistan, amended up-to-date and Market rate, from interested contractors/firms for the works listed below:

| S.No. | Scheme Name. | Amount |
|---|---|---|
| 1 | Drilling and Development Of Local Bore at Arbab Rasheed Muno Jan Road Quetta.TSE-242512607663 | 4 Million |

The procurement shall be carried out under Baluchistan Public Procurement Rules, 2014. amended up-to-date **BASIC ELIGIBILITY**: Registration with tax authorities i.e. (NTN, BRA and Sales Tax Department), where applicable. Registration with PEC for the current year in the relevant category. Registration with BRA & BPPRA. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single-stage – two envelopes Bidding Procedure. **TERMS & CONDITIONS:** All bids must be accompanied by a Bid Security of Rs 2% of the estimated amount in the form of a Deposit at a Call from a scheduled Bank. Qualified Contractor has to submit 10 % of the estimated amount as performance security only in the form of a Deposit at Call from a scheduled Bank (BPPRA rule-44). It will be released within sixty days after completion of the contract subject to clearance of everything else. The Completion period will be 120 days. Further Terms & Conditions and evaluation criteria are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. Submitting a bid means, the firm agrees with all mentioned terms & conditions. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** Tender Fee deposit of an amount of Rs: 1600/= in A/C No 4405-4 NBP Manan Chowk Branch (nonrefundable), Document will be issued from Office of Metropolitan Engineer Inscomb road Quetta, from the date of advertisement on BPPRA web site till one day before Opening date or can be downloaded from the website of BPPRA (www.bppra.org.pk ), documents by downloading them from BPPRA website will also be required to deposit above-mentioned fee. **Submission:** The last date of submission will be 14th *January 2025* at 10:00 Hrs **Opening:** The tender document will be opened on 14th *January 2025* at 11:00 Hrs. **Place:** Submission, inquiries and openings will be the Office of the Chief Metropolitan Engineer.

**ADMINISTRATOR METROPOLITAN CORPORATION QUETTA**

**AB No.631/24-12-2024**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

## نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

### بمقام نیب دفتر شکایات واقع ڈپٹی کمشنر آفس انسکمب روڈ کوئٹہ

صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ شکایات کنندگان کی آسان رسائی کیلئے اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 26 دسمبر 2024 بوقت صبح 11:00 تا 01:00 بجے سہ پہر کو نیب کے دفتر شکایات واقع ڈپٹی کمشنر آفس انسکمب روڈ کوئٹہ میں کیا جائے گا

درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔

1۔ نام بمعہ ولدیت
2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ
3۔ مکمل پتہ / ایڈریس
4۔ نشان انگوٹھا / دستخط
5۔ رابطہ نمبر موبائل اگر / ای میل

واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گمنام / فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جا سکتی ہیں۔

1۔ بذریعہ ڈاک / بذات خود اندر نیب دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ
2۔ بذریعہ ای میل (balochistan@nab.gov.pk)
3۔ بذریعہ ڈاک / بذات خود اندر نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس انسکمب روڈ کوئٹہ
4۔ بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعہ (ہر ماہ کی آخری جمعرات)

مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبر: 081 9203614- 081-9203468 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## بعدالت نائب تحصیلدار اردکی

اشتہار برائے عوام الناس

ہرگاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد قاسم ولد عبدالعزیز قوم لونی کند خیل نے ایک قطعہ تحریری درخواست و شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد عبدالعزیز ولد سید محمد قوم لونی کند خیل بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ اسکی میراث کے وارثان (محمد قاسم) (محمد عاصم) (محمد ہاشم) (محمد افضل) (محمد طیب) (عطاالرحمٰن) پسران عبدالعزیز ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع جہانگیر شہرکی میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر دفتر زیر دستخطی حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 11.11.24 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا

نمائندہ لورالائی......

## بعدالت جناب عبدالرحمان لانگو صاحب سول جج قلعہ سیف اللہ

جانشینی نمبر 40/2024 تاریخ پیشی 7/2/2025 تاریخ متدائرہ 23/12/2024

1۔ حبیب اللہ ولد نظام الدین 2۔ کلثوم بی بی ولد حبیب اللہ 3۔ آمنہ بی بی زوجہ فیض محمد 4۔ تاج محمد 5۔ ولی محمد 6۔ گل محمد 7۔ رخسانہ بی بی 8۔ سلطانہ بی بی 9۔ ریحانہ بی بی 10۔ بلوشہ بی بی 11۔ شبانہ بی بی دختران وپسران مرحوم فیض محمد ساکن بازار ضلع قلعہ سیف اللہ **بنام**: عوام الناس

**درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 سکسیشن ایکٹ 1925**

**اشتہار بنام عوام الناس**:۔ ہرگاہ عنوان بالا درخواست بابت حصول جانشینی سرٹیفکیٹ درخواست گزاران حبیب اللہ وغیرہ نے عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ پیشی 7/2/2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست ہذا عنوان بالا کی بابت کوئی عذر یا اعتراض ہو تو مقررہ بالا پیشی تک عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی درخواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 23/12/2024 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

R No........ 60701

## اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پلاٹ نمبر BS / 255، رقبہ 300 مربع فٹ، واقع بس اڈا ہزار گنجی کوئٹہ، جو "مسمی جانان ولد شیر محمد" کی ملکیت ہے۔ کو "مسمی عبدالحق ولد خدائے نظر" کو فروخت کر دیا ہے۔ مذکورہ پلاٹ کی منتقلی کے تمام قانونی تقاضے بشمول ٹرانسفر فیس اور دیگر ٹیکس دونوں فریقین کی ذمہ داری ہوگی۔ اگر کسی فرد یا ادارے کو اس پلاٹ کی منتقلی پر کوئی اعتراض ہو تو وہ اس نوٹس کی اشاعت کے 15 دن کے اندر اندر "ڈائریکٹر اسٹیٹ کمرشل" سے رابطہ کرے۔ مقررہ مدت کے بعد کسی بھی قسم کا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

ڈائریکٹر اسٹیٹ کمرشل (کیو ڈی اے) فون نمبر 081-9211490

## بعدالت ایڈیشنل سیشن جج IX کوئٹہ

مثل نمبر 16/23 محمد غنی بنام خلیل احمد

دعویٰ ریکوری 37

اشتہار بنام ریسپانڈنٹ خلیل احمد ولد علی جان ساکن ارباب غلام علی روڈ نزد مسجد ابراہیم کلی دیبہ روڈ کوئٹہ

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 27-12-2024 کو مقرر ہو چکی ہے جس میں ریسپانڈنٹ دیدہ و دانستہ طور پر نوٹس وصول کرنے سے گریز کر رہا ہے جس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت غیر حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 19-12-2024 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

R No...... 60697

روزنامہ مشرق کوئٹہ

# اسپورٹس

# آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول کا اعلان کر دیا

چیمپئنز ٹرافی 2025 کے میچز کا انعقاد پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں ہوگا، ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے ہوگا، اختتام 9 مارچ کو ہوگا

**افتتاحی میچ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 19 فروری کو کراچی میں ہوگا، روایتی حریف پاکستان اور بھارت کی کرکٹ ٹیمیں 23 فروری کو دبئی میں آمنے سامنے ہوں گی**

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا جس کے مطابق چیمپئنز ٹرافی 2025 کے میچز کا انعقاد پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں ہوگا، ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے ہوگا جب کہ اختتام 9 مارچ کو ہوگا۔ آئی سی سی کے شیڈول کے مطابق افتتاحی میچ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 19 فروری کو کراچی میں ہوگا، روایتی حریف پاکستان اور بھارت کی کرکٹ ٹیمیں 23 فروری کو دبئی میں آمنے سامنے ہوں گی۔ اس کے مطابق پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ 27 فروری کو راولپنڈی میں کھیلا جائے گا، اس کے علاوہ بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ 20 فروری کو یو اے ای میں شیڈول ہے۔ آئی سی سی نے بتایا کہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی 21 فروری کو افغانستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ہونے والے میچ کی میزبانی کرے گا، چیمپئنز ٹرافی کے بڑے مقابلے میں 22 فروری کو انگلینڈ اور آسٹریلیا کی ٹیمیں لاہور میں ٹکرائیں گی اور بنگلہ دیش اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیمیں 24 فروری کو راولپنڈی میں مد مقابل ہوں گی۔ ... راولپنڈی میں ہوگا، افغانستان اور انگلینڈ کے درمیان ہونے والے مقابلے کا انعقاد 26 فروری کو لاہور ہوگا، 28 فروری کو آسٹریلیا اور افغانستان لاہور میں جبکہ یکم مارچ کو انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کراچی میں مد مقابل ہوں گے۔ آئی سی سی کے شیڈول کے مطابق انڈیا کا نیوزی لینڈ کے مقابلہ 2 مارچ کو یو اے ای میں ہوگا۔

ویسٹ انڈیز اور انڈیا ویمنز ٹیموں کے درمیان دوسرے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز کی بلے باز شاٹ کھیل رہی ہے

## بیکل کرکٹ کلب بیکل زئی پشین (رجسٹرڈ) کا اہم سالانہ اجلاس

**اجلاس میں کلب کے ایگزیکٹو ممبرز نے شرکت کی، بیکل کلب 2024 کی رپورٹ پیش کی گئی**

پشین (نامہ نگار) بیکل کرکٹ کلب بیکل زئی پشین (رجسٹرڈ) کا ایک اہم سالانہ اجلاس کلب کے صدر رفیع اللہ کی صدارت میں گزشتہ روز بیکل زئی میں ہوا۔ اجلاس میں کلب کے ایگزیکٹو ممبرز میں قیام الدین، زبیر احمد، منیر احمد، فرمان اللہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں بیکل کلب 2024 کا رپورٹ پیش کیا گیا۔ بیکل کلب نے سال 2024 کے دوران پشین ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن کے دو فائنلز، ٹونٹی ٹونٹی میں شرکت کی ساتھ علاقائی اتحاد کرکٹ ایسوسی ایشن کے چار ایونٹس اور علاقائی چیمپئن شپ ٹورنامنٹ میں شرکت کی۔

# جنوبی افریقہ کیخلاف پہلا ٹیسٹ، بابر اعظم کو ٹیم میں شامل کرنیکا فیصلہ

مسلسل خراب کارکردگی کے باعث بابر اعظم کو انگلینڈ کیخلاف دو ٹیسٹ کی ٹیم کا حصہ نہیں بنایا تھا، بابر اعظم کو ٹیسٹ کرکٹ میں اپنے 4 ہزار رنز مکمل کرنے کیلئے محض 3 رنز درکار

**عبداللہ شفیق جو جنوبی افریقہ کے خلاف 3 ون ڈے میچوں میں مسلسل 3 مرتبہ صفر پر آؤٹ ہوئے، اب انہیں ٹیسٹ ٹیم سے ڈراپ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے**

سنچورین (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم کے متعلق ٹیم مینجمنٹ اور سلیکشن کمیٹی کی خواہش ہے کہ وہ 26 دسمبر سے سپر اسپورٹس پارک سنچورین میں کھیلے جانے والے پہلے ٹیسٹ کی ٹیم کا حصہ ہوں۔ تفصیلات کے مطابق دائیں ہاتھ کے بیٹر ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی مسلسل خراب کارکردگی کے سبب اس سال اکتوبر میں ملتان میں انگلینڈ کے مقابلے پر پہلے ٹیسٹ کے بعد اگلے دو ٹیسٹ کی ٹیم کا حصہ نہیں تھے، تاہم اب ٹیم مینجمنٹ نے بابر اعظم جنہیں ٹیسٹ کرکٹ میں اپنے 4 ہزار رنز مکمل کرنے کے لیے محض 3 رنز درکار ہیں، انہیں جنوبی افریقہ کے خلاف پہلے ٹیسٹ کی ٹیم کا حصہ بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کیلئے آؤٹ آف فارم اوپنر عبداللہ شفیق جو جنوبی افریقہ کے خلاف 3 ون ڈے میچز میں مسلسل 3 مرتبہ صفر پر آؤٹ ہوئے ... کی جگہ کپتان شان مسعود صائم ایوب کے ساتھ پاکستان ٹیم کی اننگز کا آغاز کریں گے۔ 38 ٹیسٹ کھیلنے والے بائیں ہاتھ کے اوپنر شان مسعود اس وقت ٹیسٹ ٹیم میں نمبر 3 پوزیشن پر بیٹنگ کرتے ہیں، البتہ اوپنر کھیلنا ان کے لیے نیا تجربہ نہیں ہوگا، اکتوبر 2013 میں جنوبی افریقہ کے خلاف ابوظہبی میں ٹیسٹ ڈیبیو کرنے والے شان مسعود نے بطور اوپنر ہی اپنا کیریئر شروع کیا تھا۔ شان مسعود نے 72 اننگز میں 46 بار اپنے کیریئر میں اننگز کا آغاز کیا ہے اور ٹیسٹ کرکٹ میں انہوں نے 5 سے 4 سنچریاں بطور اوپنر ہی اسکور کر رکھی ہیں۔

لاہور: پولو کپ کے دوران کھلاڑی ایکشن میں

## صائم کا انڈر-15 ٹیم کی نمائندگی کے وقت دیا گیا انٹرویو وائرل

**اوپنر نے میزبان جویریہ سعود اور اداکار اعزاز اسلم کی پیشگوئی کو درست ثابت کر دیا**

لاہور (این این آئی) دورہ جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا میں اپنی شاندار پرفارمنس سے دھاک بٹھانے والے نوجوان اوپنر صائم ایوب کا بھارت میں منعقدہ انڈر 15 کرکٹ ٹورنامنٹ میں جیت کے بعد دیا گیا پہلا انٹرویو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔

## جنوبی افریقہ اور پاکستان کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ کل سے شروع ہوگا

**پاکستان کی ٹیم نے تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں میزبان پروٹیز ٹیم کو 0-3 سے کلین سویپ کیا**

سنچورین (این این آئی) جنوبی افریقہ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 26 سے 30 دسمبر تک (جمعرات تا پیر) سپر سپورٹ پارک، سنچورین میں کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی اور تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلی جا چکی ہے، جنوبی افریقہ کی ٹیم نے تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز میں گرین شرٹس کو 0-2 سے شکست دی تھی جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ بارش کی نذر ہو گیا تھا، پاکستان کی ٹیم نے تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں میزبان پروٹیز ٹیم کو 0-3 سے کلین سویپ کیا۔ ٹیسٹ سیریز میں پاکستان ٹیم کی قیادت مایہ ناز بلے باز شان مسعود کریں گے جبکہ پروٹیز ٹیم کو ٹمبا بووما لیڈ کریں گے۔

## ویسٹ انڈیز کے دور پاکستان کی تفصیلات کا اعلان ہوگیا

**شاہینز کیخلاف سہ روزہ میچ راولپنڈی، دونوں ٹیسٹ میچز ملتان میں ہونگے**

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ویسٹ انڈیز کی مینز کرکٹ ٹیم کے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے دو میچوں کے لیے پاکستان کے دورے کی تفصیلات کا اعلان کر دیا۔ ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیم 6 جنوری کو اسلام آباد پہنچے گی اور پاکستان شاہینز کے خلاف 10 سے 12 جنوری تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں تین روزہ میچ کھیلنے کے بعد ملتان میں پاکستان کے خلاف سیریز کے دونوں ٹیسٹ کھیلے گی۔ پہلا ٹیسٹ 17 سے 21 جنوری تک کھیلا جائے گا۔

اوتھل، اے سی نجیب الرحمن اوتھل میں ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن یوتھ سپورٹس گالا کے بیڈمنٹن مقابلے کا افتتاحی میچ دیکھ رہے ہیں اس موقع پر عبدالواحد سومرو، محمد اطہر قریشی اور ہیڈ مسٹریس رخسانہ کوثر بھی موجود ہیں

## کھیلوں کے میدان سجیں گے تو ہسپتال ویران ہونگے، ایم پی اے عبدالمجید بادینی

**ہماری کوشش ہے کہ یہاں اسپورٹس کمپلیکس بنائیں تاکہ ہمارا ڈسٹرکٹ مزید ترقی کرسکے، کھلاڑیوں سے خطاب**

جعفر آباد (اے این این) ڈیرہ اللہ یار میں شہید فخر الدین کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز کر دیا گیا جس کی افتتاح ایم پی اے جعفر آباد و صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان انجینئر عبدالمجید بادینی نے بیٹنگ کرکے کی ہے۔ افتتاحی میچ شہید محی الدین لہڑی اور نیو بلوچ کرکٹ کلب کے کھلاڑیوں کے مابین کھیلا گیا جس میں ٹاس جیت کر شہید محی الدین کلب کے کھلاڑیوں نے پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا مقررہ 10 اوور میں شہید محی الدین کلب کے کھلاڑیوں نے 112 رنز بنائے۔

## ویسٹ انڈیز کلب چمن نے الخدمت کلب پشین کو 10 وکٹوں سے شکست دیدی

**الخدمت کلب کا 115 رنز کا ہدف ویسٹ انڈیز کلب چمن نے باآسانی حاصل کر لیا**

چمن (نامہ نگار) چمن پولیو فری پاکستان آل بلوچستان ٹاپ 32 چیلنج کپ کرکٹ ٹورنامنٹ صادق کرکٹ گراؤنڈ ویسٹ انڈیز کلب چمن نے الخدمت کلب پشین کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا، الخدمت کلب پشین نے ٹاس جیت کر پہلے خود بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا اور مقررہ 18 اوورز میں ویسٹ انڈیز کلب چمن کو 115 رنز کا ہدف دیا مطلوبہ ہدف ویسٹ انڈیز کلب چمن نے باآسانی حاصل کرکے 10 وکٹوں سے میچ جیت لیا میچ کے بہترین کھلاڑی ویسٹ انڈیز کلب کے لائق خان قرار دیے گئے جنہوں نے برق رفتار 95 رنز کی اننگز کھیلی میچ کے مہمان خاص چمن پریس کلب کے سابق صدر حاجی محمد اصغر اچکزئی تھے جن کے ساتھ ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر سید عبدالرازق آغا، نجیب اللہ کمنٹیٹر، صفت اللہ، نعمت اللہ گراؤنڈ مین اور اعجاز احمد تھے جن کا دونوں ٹیموں کے ساتھ تعارف کرایا گیا

# کرکٹ میں اجارہ داری، برطانوی اخبار بھارتیوں پر پھٹ پڑا

چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کو فائدہ پہنچانے کیلئے کھیل کی ساکھ کو بری طرح متاثر کیا جارہا ہے، بھارت اپنی طاقت سے پاکستان کو فائنل کی میزبانی سے روک رہا ہے، برطانوی اخبار

**چیمپئنز ٹرافی فائنل کے وینیو کا 4 مارچ تک یعنی 5 روز پہلے تک علم ہی نہیں ہوگا کہ ایونٹ کہاں منعقد ہوگا، جو کسی کھیل میں نہیں ہوتا، اخبار کا آئی سی سی سے سوال**

لندن (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے بھارت کے مفادات کا خیال رکھنے پر برطانوی اخبار نے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کا پول کھول کر رکھ دیا۔ برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کو فائدہ پہنچانے کیلئے کھیل کی ساکھ کو بری طرح متاثر کیا جارہا ہے، بھارت اپنی طاقت سے پاکستان کو فائنل کی میزبانی سے روک رہا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ کرکٹ کے کھیل میں بھارتی اثر و رسوخ کی مثال دنیا کے کسی کھیل میں نہیں ملتی، ایک ملک اپنے بے جا طاقت کا مظاہرہ کر کے دوسرے ملک کو ایونٹ کی میزبانی سے روک رہا ہے۔ اخبار نے سوال اٹھایا کہ چیمپئنز ٹرافی فائنل کے وینیو کا 4 مارچ تک یعنی 5 روز پہلے تک علم ہی نہیں ہوگا کہ ایونٹ کہاں منعقد ہوگا، جو کسی کھیل میں نہیں ہوتا۔ لاہور 1996 کے ورلڈ کپ کے فائنل کی میزبانی کے بعد پھر تیار ہے، شائقین اور منتظمین کو یہ نہیں علم کہ فائنل لاہور میں ہوگا بھی یا نہیں۔

## گوادر میں DFA انڈر 14 فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد

**ٹورنامنٹ فائنل کیپٹن سلیمان یونائیٹڈ اکیڈمی اور M5 فٹبال اکیڈمی کے درمیان کھیلا گیا**

گوادر (آن لائن) گوادر میں DFA انڈر 14 فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد، ٹورنامنٹ فائنل کیپٹن سلیمان یونائیٹڈ اکیڈمی اور M5 فٹبال اکیڈمی کے درمیان کھیلا گیا، سنسنی خیز مقابلے کے بعد پینلٹی ککس میں کیپٹن سلیمان یونائیٹڈ اکیڈمی نے ٹورنامنٹ اپنے نام کیا۔ گوادر میں منعقدہ انڈر 14 فٹبال ٹورنامنٹ اختتام پذیر، ٹورنامنٹ 27 نومبر سے 20 دسمبر تک جاری رہا جس میں 14 فٹبال ٹیموں نے شرکت کی، ٹورنامنٹ فائنل کیپٹن سلیمان یونائیٹڈ اکیڈمی اور M5 فٹبال اکیڈمی کے درمیان کھیلا گیا، سنسنی خیز مقابلے کے بعد پینلٹی کک میں کیپٹن سلیمان یونائیٹڈ اکیڈمی نے ٹورنامنٹ اپنے نام کیا، مقامی عوام اس ایونٹ سے بھرپور لطف اندوز ہوئے، ٹورنامنٹ کا انعقاد سول انتظامیہ، پاک فوج اور ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن کے تعاون سے ممکن ہوا۔

## دورہ جنوبی افریقہ، ون ڈے اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کی وطن واپسی

**پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 26 دسمبر سے شروع ہوگا**

لاہور (این این آئی) دورہ جنوبی افریقہ کیلئے ون ڈے اسکواڈ میں شامل کھلاڑی وطن واپس پہنچ گئے۔ ... آنے والے کھلاڑیوں میں شاہین شاہ آفریدی، ... کھلاڑیوں نے ٹیسٹ اسکواڈ کو جوائن کر لیا۔

# خوشی ہے کہ برابری اور عزت کی بنیاد پر چیمپئنز ٹرافی کا معاہدہ طے پایا، محسن نقوی

معاہدہ اس بات کا ثبوت ہے کہ باہمی تعاون کے ساتھ معاملات طے پائے، باہمی حل کے لیے آئی سی سی بورڈ ممبرز کے شکر گزار ہیں

**چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، یہ ٹورنامنٹ کھلاڑیوں، آفیشلز اور شائقین کے لیے ایک یادگار تجربہ ہوگا، چیئرمین پی سی بی**

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہمیں خوشی ہے کہ برابری اور عزت کی بنیاد پر چیمپئنز ٹرافی کا معاہدہ طے پایا ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے شیڈول پر برابری اور عزت کی بنیاد پر میگا ایونٹ کا معاہدہ طے پایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاہدہ اس بات کا ثبوت ہے کہ باہمی تعاون کے ساتھ معاملات طے پائے، باہمی حل کے لیے آئی سی سی بورڈ ممبرز کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اپنا بہترین کردار ادا کیا۔ محسن نقوی نے مزید کہا کہ پاکستان کے لیے چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، یہ ٹورنامنٹ کھلاڑیوں، آفیشلز اور شائقین کے لیے ایک یادگار تجربہ ہوگا۔

## بابر اعظم نے پچھلے دو میچز میں جو کردار ادا کیا دیکھ کر جاوید میانداد کی یاد آگئی، باسط علی

**دوسرے میچ میں صائم کو اپنے ساتھ کھلایا، اس کے بعد بابر نے اپنے ساتھ رضوان کو کھلایا اور اب وہ کھلا رہا ہے**

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر باسط علی نے کہا ہے کہ بابر اعظم نے پچھلے دو میچز میں جو کردار ادا کیا اسے دیکھ کر مجھے جاوید میانداد کی یاد آگئی۔ باسط علی نے کہا کہ دوسرے میچ میں اس نے صائم کو اپنے ساتھ کھلایا، اس کے بعد بابر نے اپنے ساتھ رضوان کو کھلایا اور اب وہ کھلا رہا ہے۔ ...

## بابر اعظم کے لیے ٹوئٹ کیوں کی؟ فخر زمان نے مہینوں بعد خاموشی توڑ دی

لاہور (آن لائن) پاکستان کے جارح مزاج اوپنر فخر زمان نے بالآخر بابر اعظم کے لیے ٹوئٹ کرنے پر خاموشی توڑ دی اور یہ بھی بتا دیا کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا۔ حالیہ انٹرویو کے دوران قومی بیٹر فخر زمان نے حالیہ بابر اعظم کے حق میں ٹوئٹ کرنے کے حوالے سے گفتگو کی اور اس کی وجوہات بتائیں۔

## سابق بھارتی کرکٹر ونود کامبلی کی طبیعت ناساز، اسپتال میں داخل

**52 سالہ ونود کامبلی کو ٹھانے کے ایک مقامی (حاجی پتال) کالک ہے) نے اسپتال میں داخل کرایا**

چمن، پولیو فری پاکستان آل بلوچستان ٹاپ 32 کرکٹ ٹورنامنٹ میں الخدمت کلب پشین اور ویسٹ انڈیز کلب چمن ٹیموں کے درمیان کھیلے جانے والے میچ کے مہمان خصوصی حاجی اصغر اچکزئی کا گروپ فوٹو جبکہ میچ کے بہترین کھلاڑی کو مین آف دی میچ کا انعام دے رہے ہیں

## عبدالشکور کا ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ، مختلف سڑکوں کا دورہ

**منصوبے کے تحت لگائے گئے پودوں کو بروقت پانی فراہم کیا جائے**

گوادر (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور نے نیو ٹاؤن کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے مختلف سڑکوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے پودوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منصوبے کے تحت لگائے گئے پودوں کو بروقت پانی فراہم کیا جائے تاکہ وہ بہتر انداز میں نشوونما پا سکیں۔ انہوں نے باڑ کی مرمت کے حوالے سے بھی فوری اقدامات کی ہدایت کی تاکہ منصوبے کی خوبصورتی اور تحفظ یقینی بنایا جا سکے

## گندم کے بعد چاول کی بھی فصل موسمی حالات کا مقابلہ نہ کرسکی

استا محمد (نامہ نگار) بلوچستان کی زراعت کو شدید چیلنجز کا سامنا، گندم کے بعد چاول کی فصل بھی موسمی حالات کا مقابلہ نہ کرسکی فی ایکڑ پیداوار میں نمایاں کمی کسان پریشان زمینداروں کو جان کے لالے پڑ گئے چاول کی فصل مارکیٹ میں آتے ہی قیمتوں میں کمی سے پیداواری لاگت بھی کا حصول مشکل ہو گیا، مقامی رائس ملوں میں کام سست پڑ گیا بیوپاریوں نے بڑے پیمانے پر مال ذخیرہ کرنا شروع کر دیا۔ دیا بڑے زمیندار شدید مالی بحران کا شکار، کلائمیٹ چینج سے فصلوں کی پیداواری صلاحیت بری طرح متاثر ہونے لگی ہے زمیندار ایسوسی ایشن کے بانی سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر حیدر علی خان جمالی اور ترجمان حاکم علی جمالی نے مشرق کو بتایا کہ گذشتہ دو سالوں سے بلوچستان کا گرین بیلٹ شدید مشکلات کی لپیٹ میں ہے بدلتے موسمی حالات زرعی پیداوار پر اثر انداز ہو رہے ہیں

## پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کیا جارہا ہے، ارشد جمالی

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد ارشد حسین جمالی کی زیر صدارت مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس جو ہر سال خوشی کے دن کے طور پر مناتے ہیں اس دن امن وامان و دیگر اقدامات کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں عیسائی کمیونٹی کے رہنما پولیس ایس ٹی ڈی اسپیشل برانچ سمیت دیگر لائن فورس ڈیپارٹمنٹس کے نمائندگان موجود تھے اجلاس سے کرسمس کے موقع پر ضلع بھر کے تمام چرچ میں فول پروف سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دے دی جائے

## ٹرالر مافیا نے سمندری حیات کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، عبدالصمد زہری

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری میر عبدالصمد زہری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان ... جانداروں کی کئی نایاب اقسام ختم ہو سکتی ہیں، جس کے نتیجے میں نہ صرف ماحولیاتی نظام بلکہ ساحلی معیشت بھی ناقابل تلافی نقصان کا شکار ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ٹرالنگ کی وجہ سے مچھلیوں، جھینگوں اور دیگر سمندری جانداروں کی افزائش خطرناک حد تک کم ہو رہی ہے۔

# شہدائے پٹ فیڈر کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، کمیونسٹ پارٹی

کسان تحریک کے رہنماؤں نے مزاحمت کرتے ہوئے جان کا نذرانہ دیکر زرعی اصلاحات کا حصول ممکن بنایا، کامریڈ اسلم

**شہدائے پٹ فیڈر کی قربانیوں کو مشعل راہ بنا کر نئی صبح کی تشکیل کو ممکن بنائیں گے، صوفی عبدالخالق، گل مستوئی و دیگر کا خطاب**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) شہدائے پٹ فیڈر کسان تحریک کے رہنماؤں نے 22 دسمبر 1978 میں مزاحمت کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ دیکر نصیر آباد میں زرعی اصلاحات کے حصول ممکن بنا دیا ان خیالات کا اظہار کمیونسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ڈیرہ مراد جمالی میں منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کمیونسٹ پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رہنما کامریڈ اسلم ہنگورجو، عوامی ورکرز پارٹی کے رہنما کامریڈ صوفی عبدالخالق بلوچ، کمیونسٹ پارٹی کے صوبائی رہنما کامریڈ گل مستوئی، معروف کسان رہنما غلام حیدر چھلگری، کامریڈ ڈاکٹر فضل کھوسہ، کامریڈ عبدالرحمن چندرانی، کامریڈ نذیر مستوئی، جاگن مغیری و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے پٹ فیڈر کے رہنماؤں کا بہنے والا خون رائیگاں نہیں جائے گی اور وہ ضرور رنگ لائے گی جب بلوچستان کے سرزمین کو زرخیز بنا کر رنگ لائے گی انہوں نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی کی تاریخ رہی ہے کہ دنیا میں جہاں بھی ظلم ہوگی وہاں پارٹی اپنی رہنما نہ مثبت رول ادا کرنے سے ہرگز گریز نہیں کرے گی کیوں کہ کمیونسٹ خود کو تاریخ کے سامنے جوابدہ سمجھتی ہے اور یہ صرف دعویٰ نہیں بلکہ یہ اس کا خلاصہ ثبوت ہے کہ شہدائے پٹ فیڈر کی ڈیرہ مراد جمالی میں مزاحمت جہد و جہد میں کمیونسٹ پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رہنما کامریڈ نذیر عباسی کی قیادت میں شامل ...

## قومیں تعلیم ہی کی بدولت ترقی کی راہ پر گامزن ہوتی ہیں، سعید دمڑ

**شعبہ تعلیم کے افسران کی ہم آہنگی تعلیم کی فروغ کے لیے ناگزیر ہے**

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر سعید احمد دمڑ ... سعد کلیم ظفر آر ٹی ایس ایم ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر عبدالباری کاکڑ ڈی او ای (میل) خان محمد کاکڑ ڈسٹرکٹ منیجر پائٹ انجینئر کلیم اللہ موسیٰ زئی و دیگر تعلیمی افسران نے بھرپور انداز میں شرکت اختیار کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تعلیم زیور ہے۔ قومیں تعلیم ہی کی بدولت ترقی کی راہ پر گامزن ... ہوئے مزید فرمایا کہ عارضی بنیادوں پر بھرتی کیے جانے والے اساتذہ کو میرٹ پر بھرتی کیا جائیگا۔ علاوہ ازیں محکمہ تعلیم میں میرٹ کی بحالی و شفافیت پر کسی قربانی سے دریغ نہیں کرونگا۔ تاکہ قابل اساتذہ بھرتی ہو کے طلباء، طالبات کو بنیادی و معیاری تعلیم میسر کی جاسکیں۔

## اسسٹنٹ کمشنر نوشکی ظہور کی لیویز فورس ٹیم کے ساتھ سنیپ چیکنگ

**داخلی و خارجی راستوں پر سنیپ چیکنگ ناکے لگانے کا سلسلہ جاری رہے گا**

نوشکی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نوشکی ظہور احمد بلوچ میجر لیویز فورس بہرام خان مینگل نے کیو آر ایف لیویز فورس کے ساتھ مل احمد وال پھاٹک و دیگر داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ لگا کر سنیپ چیکنگ کی اسسٹنٹ کمشنر نوشکی نے بذات خود گاڑیوں کی تلاشی لی ... کے مطابق سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر نوشکی امجد حسین سومرو کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نوشکی ظہور کے دوران متعدد گاڑیوں سے ڈارک پیپر اتار لیے گئے

## پانی فراہمی کا منصوبہ کا تعطل کا شکار، پانی کی فراہمی خواب بن گیا

بھاگ (یو این اے) پی ایچ ای حکام کی عدم توجہی سابق دور حکومت میں کروڑوں روپے کی لاگت سے بھاگ شہر میں نلکوں کے ذریعے گھر گھر پانی فراہمی کا منصوبہ کا تعطل کا شکار گھر گھر پانی کی فراہمی خواب بن گیا چار سال سے کروڑوں روپے کی خطیر رقم سے بچھائی گئی واٹر پائپ لائن استعمال ہونے سے قبل ناکارہ ہونے کا خدشہ ڈیرہ مراد جمالی سے آنے والی پچھی واٹر سپلائی اسکیم پر پی ایچ ای افسران کی ملی بھگت سے غیر قانونی کنکشن کی بھرمار افسران مالا مال ہو گئے جبکہ بھاگ شہر شہریت تحصیل بھاگ کے دیہاتوں کی عوام دور جدید میں بھی گدھے ٹینکر مافیا کے ہاتھوں مہنگے داموں کھلے تالابوں کا پانی خریدنے پر مجبور ٹینکر مافیا کی چاندی ہو گئی

نصیر آباد، صوبائی وزیر محمد صادق عمرانی ایریگیشن ریسٹ ہاؤس کا دورہ کر رہے ہیں

**TENDER NOTICE**

The Assistant director Police invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242512614231 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Rs.1000/-

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Aviation & Marine Spare & Accessories **(Total Item(s) Count: 2)** | 2% |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignment/s of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 500,000 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.1,000,000 Million in 3 Subsequent Previous Year/s Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee JV is not permissible Provision of Samples **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 21 January, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 21 January, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM Address: Central Police Office, Gulistan Road Quetta Cantt
Phone no: 0819203479 Email: aiggen123@gmail.com

**ASSISTANT DIRECTOR GENERAL BRANCH CPO QUETTA**

PRQ No.2518/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

**TENDER NOTICE**

The Assistant director Police invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242512614221 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Rs.1000/-

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Electrical & Electronic items (Total Item(s) Count: 9) | 2 % |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 5,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Provision of Samples **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 22 January, 2025till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System Address: Central Police Office, Gulistan Road Quetta Cantt
Phone no: 0819203479 Email: aiggen123@gmail.com

**ASSISTANT DIRECTOR GENERAL BRANCH CPO QUETTA**

PRQ No.2516/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

**TENDER NOTICE**

The Assistant director Police invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242512614001 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Rs.1000/-

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Stationary (Total Item(s) Count: 20) | 2 % |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 2,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee A certificate on letter head shall be submitted indicating that bidder must agree with all terms & conditions of bidding documents. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure Bid Security: The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 15 January, 2025till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System **Address:** Central Police Office, Gulistan Road Quetta Cantt Phone no: 0819203479 Email: aiggen123@gmail.com

**ASSISTANT DIRECTOR GENERAL BRANCH CPO QUETTA**

PRQ No.2513/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

**TENDER NOTICE**

The Assiatant director Police invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242512614961 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Rs.1000/-

| S.No | Class of Object | Bid Security |
|---|---|---|
| 1 | Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 18) | 2 % |

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee 60-days from the date of issuance of Acceptance Letter Provision of Samples Warranty Certificate for future being termite free for at least from the date of delivery **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 21 January, 2025till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:30 PM on EPPS System Address: Central Police Office, Gulistan Road Quetta Cantt
Phone no: 0819203479 Email: aiggen123@gmail.com

**ASSISTANT DIRECTOR GENERAL BRANCH CPO QUETTA**

PRQ No.2515/24-12-2024

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

### بقیہ 1 — بلوچستان اسمبلی

کرنے کے لئے اراکین کو وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کر کے مسائل کے حل کیلئے رولنگ دے دی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹے کی تاخیر سے تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد ریکی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایس بی کے کے تحت ٹیسٹ دینے والے امیدوار اسمبلی کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں، یہ بار بار احتجاج کر رہے ہیں مگر انہیں بھرتی نہیں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 سالہ مغوی بچے مصور کاکڑ کو ابھی تک بازیاب نہیں کیا گیا آئی جی پولیس کو یہاں بلایا جائے۔ سابق وزیراعلیٰ چیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ لک پاس پر چیک پوسٹ عوام کیلئے مشکلات کا باعث بن گئی ہے میں وزیراعلیٰ سے کہوں گا کہ وہ اس چیک پوسٹ کو ختم کرائیں، آپ نے دہشت گرد ڈھونڈنے ہیں تو اس کے لئے انٹیلی جنس ایجنسیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا دہشت گرد اسمگلنگ کرتے ہیں؟ چیک پوسٹوں پر اراکین اسمبلی کو بھی روکا جاتا ہے چیک پوسٹوں کو ختم کیا جائے، نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ حکومت گیس پریشر کا مسئلہ بھی حل کرے۔ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر پانچ پانچ گھنٹے روکا جاتا ہے چیک پوسٹوں پر شہریوں کا وقت ضائع کیا جاتا ہے لکپاس چیک پوسٹ کو نہیں اور منتقل کریں۔ صوبائی وزیر تعلیم میر راحیلہ حمید خان درانی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایس بی کے تحت بھرتی کا مسئلہ پانچ سال سے چل رہا ہے ہم نے ان کی بھرتیوں کے لئے کمیٹیاں بنائی تھیں، کچھ لوگ عدالت میں چلے گئے جس کی وجہ سے تاخیر ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک 23 اضلاع کے رزلٹ آئے ہیں مزید اضلاع کے رزلٹ آجائیں تو بھرتی کریں ابھی کابینہ کے فیصلے کے مطابق کنٹریکٹ پر بھرتی ہو رہی ہے۔ جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پالیسی کے مطابق تمام بھرتیاں کی جائیں گی، تمام رزلٹ آنے کے بعد باقاعدہ بھرتیاں کی جائیں گی۔ وزیر تعلیم اور دو تین اراکین اسمبلی جاکر دھرنے والوں سے بات کر لیں تمام رزلٹ آنے کے بعد اس حوالے سے فیصلہ کریں گے۔ اجلاس میں سابق وزیراعلیٰ چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری نے اجلاس میں نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میں علی حسن زہری کو رکن اسمبلی کا حلف اٹھانے پر مبارک باد دیتا ہوں علی حسن زہری حب کے مزدوروں کے حقوق کو تحفظ دیں گے، نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ بلوچستان میں چیک پوسٹ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ ہے صوبے کے دیہاتوں میں بجلی نہیں ہے کیسکو چیف کو چیمبر میں بلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میں بلوچستان بہت سے مسائل سے دوچار ہے چیک پوسٹوں پر عوام سے رشوت لی جاتی ہے رات کے وقت کراچی سے کوئٹہ آیا رات کو مجھے ایک پولیس، لیویز اور ایف سی والے نظر نہیں آیا وزیراعلیٰ بلوچستان امن وامان، بجلی پر اجلاس بلائیں، نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ اب لوگوں کا پارلیمانی سیاست سے اعتماد اٹھ گیا ہے لوگ پارلیمانی سیاست چھوڑ کر پہاڑ پر چلا گئیں میں سمجھتا ہوں کہ اس دفعہ فارم 47 چل گیا آئندہ کوئی ووٹ دینے نہیں آئے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں فورسز بہت مشکل میں کام کر رہی ہیں چیک پوسٹ پر چار چار گھنٹے لوگوں کو روکنا مناسب نہیں ہے چیک پوسٹوں پر تعینات اہلکاروں کو ہدایت کریں گے کہ عام لوگوں کو تنگ نہ کریں سیکورٹی اداروں کا کام ہے کہ امن وامان کو بہتر بنائیں میں کمانڈر 12 کور اور دیگر حکام سے آج ہی بات کروں گا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوادر میں دس روز سے آل پارٹیز دھرنا دیئے ہوئے ہیں یہ چیک پوسٹیں ہمارے لئے نہیں ہیں بلکہ پیسے لینے کیلئے ہیں کیسکو چیف ہماری بات نہیں سنتا ہے یہاں پیش قرارداد، پوائنٹس اور بات کا حل ہونا چاہیے۔ اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے رکن انجینئر زمرک خان اچکزئی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بی ایریا کو ختم کر کے اے ایریا میں تبدیل کیا جارہا ہے، لیویز کا نظام صدیوں سے چل رہا ہے، تمام معاملات مشاورت سے طے ہونے چاہئیں متعلقہ منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ معاملے کو حل کریں۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ صوبے بھر میں بجلی فراہم نہیں کی جارہی، کیسکو کے چیف برطانیہ کے بادشاہ ہیں جو ایوان کو خاطر میں نہیں لاتے، ایس بی کے کے تحت بھرتی ہونے والوں کو مستقل تعینات کیا جائے۔ پیپلز پارٹی کے رکن اسفند یار کاکڑ نے کہا کہ مصور کاکڑ کو تاحال بازیاب نہیں کروایا گیا حکومت جلد از جلد انکے والدین کو پیش رفت سے آگاہ کرے۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر آغا نے کہا کہ پشین سمیت صوبے کے دیگر اضلاع کو لیویز کے انتظام سے لیکر پولیس کے حوالے کیا جارہا ہے اس اقدام کی مذمت کرتے ہیں اور اس کے خلاف ایوان سے علامتی واک آؤٹ کریں گے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے کہا کہ لیویز کے زیر انتظام علاقے میں 12.5 لاکھ لوگ پشین میں آباد ہیں جہاں پر جرائم کی شرح کم ہے جبکہ محض 15 کلو میٹر میں تعینات پولیس کے علاقے میں جرائم کی شرح انتہائی زیادہ ہے لیویز کو ختم کرنے کی بجائے مستحکم اور مضبوط کیا جائے۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے رولنگ دی کہ ارکان اسمبلی اے اور بی ایریا کے معاملے پر وزیراعلیٰ سے ملاقات کر کے تحفظات سے آگاہ کریں یہ اسمبلی کمیٹی کا فیصلہ تھا اس پر عملدرآمد ہو رہا ہے انہوں نے پیر کو کیسکو چیف کو طلب کرنے کی بھی رولنگ دی۔ نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ ابھی خاصی لیویز فورس کو ختم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے اراکین کو اگر اہمیت نہیں دی جاتی ہے تو صوبائی اسمبلی کی سیٹوں کو نیلام کر دیا جائے۔ جس پر اسپیکر نے انکے الفاظ حذف کرنے کی رولنگ دی۔

### بقیہ 2 — وزیراعلیٰ

کی تقاریب کی تیاریوں کے حوالے سے مشاورت کی گئی اور اس ضمن میں ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان بھر میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی برسی کے موقع پر تقاریب منعقد کر کے شہید رانی کو بھرپور انداز میں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو تاریخ کی عظیم رہنماء تھیں جن کی لازوال جدوجہد اور قربانیوں کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا پیپلز پارٹی کا ہر نظریاتی کارکن محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن و مشن کا وارث ہے پارٹی کارکن ہمارا سرمایہ افتخار ہیں خود بھی ایک عام کارکن ہوں اور کارکن کی حیثیت سے شہید جمہوریت کی برسی کے قافلوں کی معاونت و رہنمائی کروں گا اور ذاتی طور پر انتظامات کا جائزہ لوں گا پارٹی کا ہر کارکن شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کے نظریات کا سفیر ہے پارٹی کارکنوں کے مسائل حل کریں گے پارٹی کارکن نچلی سطح پر عوام کو درپیش مسائل کی نشاندہی کریں عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی سے جو توقعات وابستہ کر رکھی ہیں ان پر پورا اترنے کے لئے پارٹی کے تمام عہدیداروں اور کارکنوں کو عوام میں رہ کر ان کے دکھوں ومصائب کا ازالہ کرنا ہوگا صوبائی حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سروس ڈیلیوری کے نظام میں بہتری لارہی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کے مشن کو جاری رکھتے ہوئے صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی رہنمائی میں عام آدمی کی فلاح و بہبود کیلئے دستیاب وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنا رہے ہیں ہماری کوشش اور پختہ عزم ہے کہ بلوچستان کی ترقی کے لئے ایسی درست سمت کا تعین کریں جس سے گڈ گورننس کو فروغ حاصل ہو اور حکومتی اقدامات کے ثمرات عام بلوچستانی تک پہنچیں، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدور و جنرل سیکرٹریز نے حکومتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی کارکردگی اور محکمہ جاتی اصلاحات کے عمل کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد رکن صوبائی اسمبلی سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری، سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو نو منتخب رکن صوبائی اسمبلی میر علی حسن زہری اور سینیٹر ثمینہ زہری نے ملاقات کی اور بلوچستان کی مجموعی سیاسی وسماجی صورتحال، امن وامان اور عوامی فلاح و بہبود پر تبادلہ خیال کیا اس ملاقات میں بلوچستان کی اعلیٰ سیاسی شخصیات نے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کو بار آور بنانے پر اتفاق کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام نے صوبائی حکومت سے جو توقعات وابستہ کر رکھی ہیں اس پر پورا اتریں گے اور مشاورت و اتفاق رائے سے صوبے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے پوری تندہی سے کام کریں گے خوشگوار ماحول میں ہونے والی اس غیر رسمی ملاقات میں بلوچستان کی ترقی اور صوبے کو درپیش چیلنجز سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

### بقیہ 3 — وزیراعظم

جوہری پروگرام ملک کے 24 کروڑ عوام کا پروگرام ہے جس پر ہم کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، پاکستان کے خلاف کوئی جارحیت کی جاتی ہے تو ہم صرف اپنا دفاع کریں گے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل ڈیفنس کمپلیکس اور دیگر اداروں پر امریکی پابندیوں کا کوئی جواز نہیں ہے، پاکستان ایسا قطعی کوئی ارادہ نہیں رکھتا کہ ہمارا جوہری نظام جارحانہ عزائم پر مبنی ہو، یہ سو فیصد دفاعی نظام ہے، پاکستان کے خلاف کوئی جارحیت کی جاتی ہے تو ہم صرف اپنا دفاع کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دفتر خارجہ نے مربوط جواب دیا ہے تاہم ایک بات طے ہے کہ پاکستان کا نیوکلیئر پروگرام پاکستان کے 24 کروڑ عوام کا ہے، جو انہیں اپنے دلوں سے زیادہ عزیز ہے، اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، پوری قوم اس پروگرام پر یکسو ہے اور پوری طرح متحد ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اسپیکر کی تجویز پر میں نے مشاورت سے کمیٹی بنائی اور کل ہماری پی ٹی آئی سے پہلی ملاقات بھی ہوگئی ہے، 2 جنوری کو اگلی ملاقات ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی مفاد کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم اپنے ذاتی مفادات کو قومی مفادات کے تابع کریں اور ذاتی پسند و ناپسند کو قوم کی خاطر قربان کریں، اس ہدف کو سامنے رکھ کر گفت و شنید ہوگی تو ملک کے اندر سکون آئے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں کسی کی نیت پر کوئی شک نہیں کرتا، مجھے پوری امید ہے کہ فریقین مل کر کوئی ایسا حل نکالیں گے جس سے ہم دونوں مل کر پاکستان کے بہترین مفاد میں فیصلے کریں گے جس کا ملک و قوم کو بے پناہ فائدہ ہوگا اور معاشی استحکام مزید مستحکم ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شرح سود 15 فیصد سے گھٹ کر 13 فیصد پر آگئی ہے جبکہ مہنگائی بھی 5 فیصد سے کم ہے، جو کہ 2018 کے بعد سب سے کم ہے، اسی طرح برآمدات، ترسیلات زر اور آئی ٹی ایکسپورٹ میں اضافہ ہورہا ہے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ بنگلہ دیش سے پاکستان کا نئے مرحلے میں تعلق بن رہا ہے، قاہرہ میں ڈاکٹر یونس سے بہت مثبت گفتگو ہوئی، انڈونیشیا کے صدر اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور دیگر رہنماؤں سے بھی مثبت ملاقاتیں ہوئیں۔ وزیراعظم نے بتایا کہ بنگلہ دیش میں پاکستانی چاول کی 100 فیصد اسکیننگ کیا جاتا تھا، جو کہ اب ختم کر دیا گیا ہے، اسی طرح ڈھاکہ ایئرپورٹ پر پاکستانیوں کی علیحدہ ڈیسک پر اسکریننگ ہوتی تھی جسے اب ختم کر دیا گیا ہے، یہ بنگلہ دیش کی طرف سے مثبت اشارے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم بھی بنگلہ دیش کو مثبت اشارے دے رہے ہیں، ہمارے چاول بنگلہ دیش برآمد کیا جارہا ہے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار جنوری میں بنگلہ دیش جا رہے ہیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ساری کوششیں قومی یکجہتی اور اتحاد کو فروغ دینے سے ہی کارگر ثابت ہوں گی۔ وزیراعظم نے اسپیکر کے پی ٹی آئی سے مذاکرات کو مثبت اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم پورے خلوص کے ساتھ اس عمل میں اپنا حصہ ڈالیں گے اور مجھے امید ہے کہ دوسرا فریق بھی ایسا ہی کرے گا چونکہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے تو مجھے امید ہے کہ دونوں فریق پاکستان کے بہترین مفاد میں ملک کو امن اور استحکام دیں گی۔ وزیراعظم نے جنوبی وزیرستان میں خوارج کے حملے میں شہید ہونے والے سیکورٹی اہلکاروں کے لیے فاتحہ خوانی کروانے کے بعد کہا کہ پاکستان میں دوبارہ اندر آنے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک ملکی ترقی کے ثمرات قوم کو نہیں مل پائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ صوبوں کے ساتھ مل کر بھرپور وسائل سے دہشت گردی کا مقابلہ کیا جارہا ہے، جب تک دہشت گردوں کا سر نہیں کچلا جاتا ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں دہشتگردوں کی پاکستان کے خلاف مذموم کوششیں بہرکیف ناکام ہوں گی۔ وزیراعظم نے کرم میں فرقہ وارانہ کشیدگی کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں جانب سے بہت زیادہ جانیں ضائع ہوئیں، دونوں گروپ مسلح ہیں جن کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ہے، وزیراعظم نے کہا کہ شومئی قسمت ہے کہ جس وقت یہ کارروائی ہو رہی ہے اس وقت اسلام آباد پر چڑھائی کی جا رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ کاش یہ وسائل، یہ وقت اور یہ توانائی پارا چنار میں کشیدگی کو ختم کرنے کے لیے صرف کی جاتی تو اتنا نقصان نہیں ہوتا۔ پاکستان نے فوجی عدالتوں سے شہریوں کو ملنے والی سزاؤں پر بین الاقوامی ردعمل کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اپنے اندرونی مسائل کا حل جانتا ہے، پاکستان کی سیکورٹی کے فیصلے پاکستانی قوم کرے گی، کسی بیرونی مداخلت کی ضرورت نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے فوجی عدالتوں سے متعلق یورپی یونین کے تحفظات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے آئین اور عدالتوں میں اندرونی معاملات حل کرنے کی مکمل صلاحیت موجود ہے، پاکستانی قوم اپنے اندرونی مسائل کو حل کرنا جانتی ہے اور اس معاملے میں کسی بیرونی مداخلت کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پاکستان کی سیکورٹی کے فیصلے پاکستانی قوم کرے گی اور کسی بیرونی دباؤ کا اثر نہیں ہونے دے گی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے امریکا کی جانب سے پاکستانی میزائل پروگرام پر عائد پابندیوں کو غیر ضروری اور ناانصافی پر مبنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکی پابندیوں کا پاکستان کے دفاعی فیصلوں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، یہ اقدامات پاکستان کی دفاعی پوزیشن کو کمزور نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں میزائل سسٹم اور جوہری ٹیکنالوجی کی دوڑ کا آغاز بھارت نے کیا ہے اور بڑی طاقتوں کو بھارت کے خلاف سخت اقدامات اٹھانے چاہیے تاکہ اس دوڑ کو روکنے میں مدد ملے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ماضی میں بھی مختلف پابندیوں کا سامنا کیا ہے مگر ملک نے ہمیشہ اپنی سیکورٹی پر توجہ مرکوز رکھی ہے اور مستقبل میں بھی ایسا ہی ہوگا۔

### بقیہ 4 — پیپلز پارٹی

اتحاد میں شامل دونوں جماعتوں کی کوآرڈینیشن کمیٹیوں کا لاہور میں ہونے والا اہم اجلاس 2 گھنٹے تک جاری رہا، اجلاس کے آغاز میں پیپلز پارٹی نے کہا ن لیگ اتحادی حکومت کے معاملات کو آگے نہیں بڑھانا چاہتی تو واضح کردے، اپنا آئندہ کا لائحہ عمل خود طے کرلیں گے، مسلم لیگ (ن) نے اجلاس میں موقف اختیار کیا کہ مختلف امور پر اتفاق رائے ہوگیا، پیپلز پارٹی کے تحفظات کو دور کر کے معاملات کو آگے بڑھا جائیں گے، رپورٹ کے مطابق اجلاس میں اتفاق کیا گیا رحیم یار خان اور ملتان کی ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹیوں کی سربراہی پیپلز پارٹی کو دی جائے گی، جیتنے والے حلقوں میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے منتخب ارکان اسمبلی کو مساوی فنڈز دیئے پر بھی اتفاق کیا گیا جبکہ ضلعی سطح پر مختلف کمیٹیوں میں پیپلز پارٹی کو نمائندگی دی جائے گی۔

### بقیہ 5 — امریکہ

عدالتوں کی جانب سے شہریوں کو سزائیں سنائے جانے پر سخت تشویش کا اظہار کر دیا، امریکی محکمہ خارجہ نے پاکستان کی فوجی عدالتوں کی کارروائی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا واشنگٹن کو 9 مئی کے مظاہروں میں ملوث شہریوں کیخلاف فوجی ٹریبونلز کی جانب سے سزاؤں کی سنائی جانے والی کارروائی پر تحفظات ہیں، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی حکومت نے سزاؤں کو منصفانہ ٹرائل کے اصولوں کیخلاف قرار دیا، ترجمان امریکی محکمہ خارجہ میتھیو ملر نے کہا پاکستانی شہریوں کو 9 مئی احتجاج میں ملوث ہونے پر فوجی عدالت نے سزا سنائی، فوجی عدالتوں میں عدالتی آزادی، شفافیت اور انصاف کی ضمانتوں کی کمی ہے، پاکستانی حکام آئین میں درج منصفانہ مقدمے اور انصاف کے حق کا احترام کریں۔

### بقیہ 6 — عارف علوی

حصہ لینے والے تمام فوجی افسروں کیخلاف تحقیقات ہونی چاہئیں، پشاور میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سابق صدر عارف علوی نے کہا سارا وقت اس بات پر گزر جاتا ہے اس کو پکڑو، ملک کا وقت ضائع ہو رہا ہے، مذاکرات کیلئے مقدمات تو ختم کرو، ملک کو اربوں کا نقصان ہو رہا ہے، تبدیلی آنے والی ہیں ایسے حرکتیں کریں گے تو پوری دنیا مذمت کرے گی، عمران خان کو اندر کرنے پر ملک کو تباہ کر دیا گیا، اسمگلنگ رکی نہیں، ہر ادارہ پیسہ بنا رہا ہے، عارف علوی نے کہا عمران خان کا نام نہیں لے سکتے، میچ میں عمران خان کے حق میں کتنے نعرے لگے، حکمرانوں کے دن گنے جاچکے، اب بھی وقت ہے رجیم چینج کو چھوڑ دو، اچھا وقت آئے گا تبدیلی آنے والی ہے، لاشوں کو چھپایا جا رہا ہے، لاپتہ افراد کے حق کیلئے آواز اٹھا رہے ہیں، تحقیقات کرنا حکومت کا کام ہے، ظلم کا نظام بدل رہا ہے، عمران خان رہا ہوں گے، عمران نے کہا ہے مذاکرات کرو، بات چیت صاحب حکومت کے ساتھ نہیں، مقتدر لوگوں سے ہونی چاہیے، دریں اثنا سابق صدر عارف علوی کی راہداری ضمانت درخواستوں پر سماعت ہوئی، عدالت نے عارف علوی کو 40 دن کی حفاظتی ضمانت دیدی۔

### بقیہ 7 — جی ایچ کیو حملہ کیس

کیا، انسداد دہشت گردی عدالت نے سماعت 6 جنوری تک ملتوی کردی، عدالت نے 6 جنوری سے اڈیالہ جیل میں ریگولر ٹرائل شروع کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے تمام ملزموں کو نوٹس جاری کر دیئے، آئندہ تاریخ تفتیشی ٹیم سے گواہ طلب کر لیے گئے، عدالت نے 2 مسلسل غیر حاضر ملزموں کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع کردی اور دائمی وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے، دریں اثنا راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے جی ایچ کیو گیٹ حملہ کیس میں 5 دسمبر کی عدالتی کارروائی کی سی سی ٹی وی فوٹیج فراہم کرنے سے متعلق سابق وزیراعظم عمران خان، عمر ایوب اور فواد چوہدری کی درخواستوں کو مسترد کر دیا، عدالت نے پراسیکیوٹر کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے تینوں رہنماؤں کی جانب سے 5 دسمبر کی عدالتی کارروائی کی سی سی ٹی وی فوٹیج فراہم کرنے کی درخواستوں کو مسترد کیا، پراسیکیوٹر ظہیر شاہ نے درخواستیں مسترد کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا عدالت کا علاقہ پنجاب حکومت کے زیر انتظام ہے لہٰذا سی سی ٹی وی فوٹیج کے حصول کے لیے ہوم ڈیپارٹمنٹ اور ہائیکورٹ ہی اختیار رکھتی ہے۔

### بقیہ 8 — عمر ایوب

سکتے، پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا میڈیا پر ہمارے خلاف کہا جارہا ہے مذاکرات میں دلچسپی نہیں رکھتے یہ جھوٹ ہے، اپنے مطالبات کمیٹی کے سامنے رکھ دیئے، گرفتار سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ ہے، 9 مئی اور 24 نومبر کے واقعات کی جوڈیشل انکوائری، عام انتخابات کی تحقیقات چاہتے ہیں، بتایا جائے نہتے شہریوں کو کیوں مارا گیا، کس کے کہنے پر اور کس نے گولی چلائی، ملٹری کورٹس کے فیصلے کی مذمت کرتے ہیں، پارلیمان ریاست کا ستون ہے عدلیہ بھی ستون ہے، ملٹری کورٹ کے فیصلے کو اعلیٰ عدلیہ میں چیلنج کریں گے، پوری دنیا مذمت کررہی ہے، مقدمات کے اندراج کا سلسلہ بند ہونا چاہیے۔

### بقیہ 9 — پی اے سی

مطابق اسپیکر قومی اسمبلی کی ہدایات پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے پی ٹی آئی سے رابطہ کیا، سیکرٹریٹ نے کہا چیئرمین پی اے سی کے انتخاب کیلئے نام دیئے جائیں اگر نام نہیں دیئے گئے تو الیکشن کرالیں گے، پی ٹی آئی چیئرمین پی اے سی کیلئے نام فوری دے، ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی نے مشاورت کیلئے وقت مانگ لیا، پی ٹی آئی نے مؤقف اپنایا الیکشن چاہتے ہیں، مشاورت کے بعد جلد نام دے دیں گے۔

### بقیہ 10 — عمران خان

حکومت کے سرکاری پروٹوکول میں اڈیالہ جیل پہنچیں، سیکورٹی پر 12 سرکاری اہلکار تعینات تھے جبکہ 2 بلٹ پروف گاڑیاں بھی سرکاری پروٹوکول میں شامل رہیں، بشریٰ کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، سابق صدر سپریم کورٹ بار قاضی انور، وکلاء علی بخاری اور علی اعجاز بٹر اور فیصل چودھری نے بھی اڈیالہ جیل پہنچ کر عمران خان سے ملاقات کی، سابق وزیراعظم عمران خان نے پارٹی کو حکومت سے مذاکرات جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے سول نافرمانی کی کال واپس لینے کا مطالبہ مسترد کر دیا، عمران خان نے کہا جب تک حکومت مذاکرات سے متعلق سنجیدگی نہیں دکھاتی کال واپس نہیں لی جائے گی، 9 مئی اور 26 نومبر کے واقعات پر جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، حکومت مذاکرات کو لٹکائے گی، مذاکرات کو جلد از جلد پایہ تکمیل کی طرف لے کر جائیں اور سنجیدہ اور بامعنی مذاکرات ہونے چاہئیں، ذرائع کے مطابق عمران خان نے حامد رضا کو مذاکراتی کمیٹی کا ترجمان مقرر کرنے کی ہدایت کردی، عمران خان نے کہا سپریم کورٹ کے ججز کے حالیہ ریمارکس حوصلہ افزا ہیں، شکر ہے موجودہ حالات کا سپریم کورٹ کو احساس ہوگیا۔

### بقیہ 11 — بلاول بھٹو

حکومت کے سامنے مزاحمت کرنا ہوگی، سکھر آئی بی اے کیمپس میں طلبا سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا حکومت کا کام ہے ہر چیز کو اپنے کنٹرول میں کرلیتا وہ آپ کو بھی کنٹرول کرنے کی کوشش کرے گی آپ کے اداروں اور آپ کی چیزوں کو بھی مگر نوجوانوں نے حکومت کو قابو میں رکھنا ہے، آپ کو اپنے حقوق حاصل کرنے ہیں، چیئرمین پی پی نے کہا نوجوانوں نے اپنی تعلیم آواز اور ہنر سے ایک کے بعد ایک سارے بندوقوں والوں کو شکست دلوائی، انگریز کے دور سے نوجوان صف اول میں رہے۔

### بقیہ 12 — اسپیکر

کو وزراء کی حاضری یقینی بنانے کی تاکید۔ منگل کو بلوچستان اسمبلی میں صوبائی وزراء کھیل اور پی ایچ ای کی عدم موجودگی پر قائد حزب اختلاف سمیت سوالات کے محرکین نے جوابات تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزراء کی حاضری کو یقینی بنایا جائے۔ جس پر اسپیکر نے وزیراعلیٰ کو ہدایت کی کہ وزراء کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اگر آئندہ اجلاس میں وزراء نہ آئے تو ان کے سوالات متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیئے جائیں گے۔

### بقیہ 13 — بیرسٹر گوہر

کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا خان صاحب کو مذاکرات کے آغاز کے بارے میں آگاہ کر دیا مگر انہوں نے کہا ٹائم فریم ہونا چاہیے، جو ہمارے جائز مطالبات ہیں ان پر جلد از جلد مگر ایک مقررہ وقت کے اندر کوئی پیش رفت ہونی چاہیے، بیرسٹر گوہر نے کہا عمران خان سے کوئی بین الاقوامی معاملہ ڈسکس نہیں ہوا۔

### بقیہ 14 — صالح بھوتانی

پیپلز پارٹی کے علی حسن زہری کی درخواست پر بلوچستان کے صوبائی حلقہ پی بی 21 حب میں دوبارہ گنتی کا حکم دیا تھا، صالح بھوتانی نے سپریم کورٹ میں دی گئی درخواست میں موقف اپنایا الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق عمل نہیں کیا، سپریم کورٹ نے معاملہ الیکشن کمیشن کو بھیجتے ہوئے آئین و قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کا حکم دیا تھا مگر الیکشن کمیشن نے الیکشن ایکٹ 2017 اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے روح کے مطابق عمل نہیں کیا، صالح بھوتانی نے سپریم کورٹ سے استدعا کی الیکشن کمیشن کا 19 دسمبر کا فیصلہ اور ری کاؤنٹنگ کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے۔

### بقیہ 15 — مصور کاکڑ

(نظریاتی) کے مرکزی و صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی صدارت میں مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے دفتر میں منعقد ہوا اجلاس میں عبدالرحیم کاکڑ، میر یاسین مینگل، احمد جان، چنگیز حئی بلوچ، عبدالحمید منصوری سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور قبائلی معتبرین نے شرکت کی اجلاس میں مغوی مصور خان کاکڑ کی عدم بازیابی کے حوالے سے مختلف فیصلے کئے گئے جس کا آج 3 بجے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس میں اعلان کیا جائے گا۔

### بقیہ 16 — وزارت خارجہ

کے اینٹی کرپشن سرکل لاہور نے کارروائی کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے رابطہ آفس لاہور کے گارڈ اور سویپر سمیت 4 ایجنٹس کو گرفتار کرلیا، ایف آئی اے ترجمان نے بتایا رابطہ آفس سے ملزم کرامت، عباس، ظفر اور عدنان کو گرفتار کیا گیا

### بقیہ 17 — بلوچستان انسٹیٹیوشن

انسٹیٹیوشن کا ترمیمی مسودہ قانون 2024 منظور جبکہ دو قوانین کو متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد کر دیا گیا۔ منگل کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں قائمہ کمیٹی برائے محکمہ محنت و افرادی قوت کی مجلس کی رپورٹ چیئرمین دستگیر بادینی نے ایوان میں پیش کی۔

### بقیہ 18 — میر سرفراز بگٹی

نے کہا کہ مسیحی برادری ملک و قوم کی تعمیر و ترقی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے اس حوالے سے ان کا کردار قابل تحسین ہے حکومت صوبے میں آباد تمام اقلیتوں بشمول مسیحی برادری کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنا رہی ہے، ملازمتوں میں اقلیتوں کے لیے مختص کوٹہ پر عملدرآمد کیا جارہا ہے اور ان کے لیے خصوصی مالی معاونت کے پیکج کا اعلان بھی کیا گیا ہے مسیحی برادری سمیت ملک اور بلوچستان میں بسنے والی دیگر تمام اقلیتوں کو اپنی مذہبی عبادات کی ادائیگی کی مکمل آزادی حاصل ہے جس کی مثال پوری دنیا بھر میں نہیں ملتی۔ دوسری جانب۔ قائداعظم محمد علی جناح کے زریں اصول اتحاد، تنظیم اور یقین محکم پاکستان کو ایک مستحکم ریاست بنانے کی بنیاد فراہم کرتے ہیں

### بقیہ 19 — شیخ رشید

دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا میں نے تو 40 دن کا چلہ کاٹا ہے، پھر 2 بار سسرال بھی گیا

### بقیہ 20 — مسیحی برادری

، جھاڑیاں سمیت ملک بھر میں مسیحی برادری کے زیر اہتمام مذہبی تقریبات کا انعقاد اور ملکی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعائیں مانگی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سمیت دنیا بھر میں مسیحی برادری 25 دسمبر بروز بدھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یوم ولادت کے سلسلے میں کرسمس کا تہوار منائے گی۔ اس سلسلے میں ملک کے دیگر شہروں میں کرسمس کے موقع پر تقریبات منعقد کر کے ملکی ترقی اور خوشحالی کے لیے دعائیں مانگی جائیں گی۔ کرسمس ٹریز کی تیاری کے ساتھ ساتھ تمام چرچز کو انتہائی خوبصورتی سے سجا دیا گیا ہے۔ کرسمس کی مناسبت سے گرجا گھروں میں خصوصی عبادات اور دعائیہ تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے

### بقیہ 21 — حلف اٹھالیا

عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی میر علی حسن زہری نے اپنی رکنیت کا حلف اٹھا لیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء راحیلہ حمید درانی، میر سلیم احمد کھوسہ، نواب ثناء اللہ زہری، قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، رکن اسمبلی اصغر علی ترین، میر زابد علی ریکی و دیگر نے میر علی حسن زہری کو مبارکباد پیش کی۔ صوبائی حکومت نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے تحت اساتذہ کی تعیناتیوں کے مسئلے کے حل کے قریب ہیں، کابینہ کا فیصلہ ہے کہ تمام بھرتیاں کنٹریکٹ پر کی جائیں، اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی غلام دستگیر بادینی نے مجلس قائمہ برمحکمہ محنت وافرادی قوت مجلس کی رپورٹ برہ بلوچستان ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹیٹیوشن کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 (مسودہ قانون نمبر 05 مصدرہ 2024) کی بابت رپورٹ ایوان پیش کی

### بقیہ 22 — رائٹ سائزنگ

ٹیکنالوجی، وزارت تجارت، وزارت ہاؤسنگ و ورکس سے متعلق ہیں، اعلامیے کے مطابق وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، متعلقہ اداروں کی رائٹ سائزنگ سے متعلق بھی سفارشات پیش کی گئیں

### بقیہ 23 — سریاب

شب نامعلوم ملزمان کی جانب سے تخریب کاری کی غرض سے کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب میں ریلوے ٹریک کے نیچے سے گزرنے والے نالے میں دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے زوردار دھماکہ ہوا جس کی آواز دور دور تک سنی گئی تاہم دھماکے سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا

### بقیہ 24 — گورنر

پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور پاکستان مسلم لیگ نواز (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کے یوم پیدائش اور کرسمس ڈے کے حوالے سے تین علیحدہ کیک کاٹے جائیں گے

### بقیہ 25 — بیرسٹر علی ظفر

کا کہنا ہے حکومت سے مذاکرات کرنے والی کمیٹی کو فیصلے کا اختیار نہیں، سینیٹر علی ظفر نے انکشاف کیا بات چیت کے ذریعے فیصلے کا اختیار کمیٹی کو حاصل نہیں، مذاکراتی کمیٹی بات چیت کرے گی لیکن کوئی بھی فیصلہ کرنا مینڈیٹ نہیں، فیصلہ صرف بانی پی ٹی آئی کریں گے۔

### بقیہ 26 — جعفر ایکسپریس

حکام نے سیکورٹی وجوہات کی بناء پر منسوخ کردیا محکمہ ریلوے کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق سیکورٹی وجوہات کی بناء پر آج کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس ٹرین کو منسوخ کردیا گیا جبکہ چمن پسنجر ٹرین اپنے مقررہ وقت پر کوئٹہ سے چمن روانہ ہوگی ریلوے حکام کے مطابق منسوخ ہونے والی ٹرین کے مسافروں کو مکمل ریفنڈ دیا جائے گا۔

### بقیہ 27 — جعفر خان مندوخیل

گورنر مندوخیل نے کہا کہ اس وقت متعدد بیرونی اور اندرونی چیلنجز کا سامنا ہے۔ تاہم قائداعظم کے بتائے ہوئے تنظیم، اتحاد اور ڈسپلن کے اصولوں کو اپنا کر ہم ان درپیش مشکلات کو دور کر کے اپنے ملک و صوبے کو حقیقی ترقی اور خوشحالی کی طرف گامزن کر سکتے ہیں۔ قائداعظم محمد علی جناح کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ہمیں نہ صرف ان کے اصولوں پر کاربند رہنا چاہیے بلکہ اپنے ملک و قوم کی بہتری کیلئے مخلصانہ اور ٹھوس کوششیں کرنی چاہیے۔

### بقیہ 28 — جمالی

اور اری قتل کا معاملہ بھاگ کے قبائلی شخصیت میر محمد عمر جتوئی، سبی کے سابق تحصیل ناظم میر محمد جان رند اور سابق تحصیل چیئرمین زکوات وعشر کمیٹی سبی میر سلیم گشکوری کی کوششوں سے حل ہوا تقریباً ڈیڑھ سال قبل جمالی قوم کے ایک نوجوان نے اری قبیلے کے نوجوان کو قتل کر دیا تھا قتل کے معاملے کو حل کرانے کے لئے بھاگ کے معتبر شخصیت میر محمد عمر جتوئی سبی تحصیل کے سابق ناظم میر محمد جان رند اور سابق تحصیل چیئرمین زکوات وعشر کمیٹی سبی میر سلیم گشکوری نے اپنا کردار ادا کیا اور سبی و بھاگ کے، سادات کرام، علماء کرام اور معتبرین و معززین پر مشتمل بلوچی میڑھ لے کر اری قبیلے کے پاس گئے اری قبیلے نے بلوچی میڑھ کو عزت دیتے ہوئے اپنے قبیلے کی جانب سے قتل کے فیصلے کا اختیار سردار زادہ میر بھرگ رند کو دیا۔

### بقیہ 29 — واسا

شہر میں غیر قانونی ٹیوب ویلز اور کنکشن لگانے والوں کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی مدد سے کارروائی کی جائے انہوں نے کہا کہ شہریوں کو درپیش پانی کے مسائل حل کرنا واسا کی بنیادی ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں میں کھلی کچہری اور کمیونٹی میٹنگز منعقد کریں گے جس کیلئے انہوں متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں

### بقیہ 30 — زرعی پانی

حوالے سے تفصیل سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ آپ کے احکامات کی روشنی میں پٹ فیڈر کینال کیرتھر کینال کی تمام شاخوں کو ٹیل تک زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے آپ کے وژن کے مطابق 90 فیصد کامیابی حاصل کی گئی ہے مزید امور زیر عمل ہیں سسٹم میں مزید بہتری لانے کیلئے تمام اقدامات کئے جارہے ہیں اس موقع پر چیف انجینئر کینالز ناصر مجید ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ ایگزیکٹو انجینئر سکندر زہری غلام محمد بادینی سب ڈویژنل آفیسران امان اللہ گاجانی عبدالغفار مینگل ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ظہیر عمرانی امداد علی ابڑو محمد رحیم لہڑی امتیاز علی عبدالرزاق پہنور حاجی عبدالقدیر قریشی اور ارشاد علی جمالی سمیت کثیر تعداد میں دیگر لوگ موجود تھے

### بقیہ 31 — بلوچستان

ہمارے نوجوان اور بہنیں اس وقت سخت سردی میں سراپا احتجاج ہیں مگر حکومت کو کوئی احساس نہیں بلوچستان میں نوجوان اب جینے کا حق مانگ رہے وسائل پر تو فورسز نے قبضہ کر رکھا اب نوجوانوں کو تعلیم سے بھی محروم کیا جا رہا ہے جو بلوچستان کو روزگار، ترقی، خوشحالی سے محروم کرنا چاہتی ہیں بلوچستان کے ساتھ ہمیشہ سوتیلی ماں جیسا سلوک رکھا گیا

### بقیہ 32 — عوام

کا انتخاب کرے انتخابات عوام کے پانچ سال کے مستقبل کا فیصلہ ہیں قوم اپنے مسائل کا حل چاہتی ہے تو شعور اور ذمہ داری کے ساتھ انتخاب کرے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کو قوم اور مذہب پرستوں نے ہمیشہ نظر انداز کیا بنیادی مسائل کے حل کی طرف توجہ نہیں دی گئی عوام باشعور ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں اجتماعی تقاضوں کا احساس ہم سب کی ذمہ داری ہے علی مدد جتک نے پہلے بھی علاقے کی بہتری اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا علاقے کی تعمیر و ترقی اور بہتری کیلئے جو خدمات انجام دیں وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں آئندہ بھی اپنے وعدوں کی پاسداری کریں گے انہوں نے کہا کہ انتخابات کیلئے تیاریوں کا آغاز کیا جائے دفاتر کھولے جائیں جمعیت نظریاتی یونٹوں کے ذمہ داران علماء، خطباء اور گھر گھر تک حاجی علی مدد جتک کی کامیابی کیلئے کوششیں کریں۔

### بقیہ 33 — اسلام آباد

کے ایک ارب 2 کروڑ ڈالرز ملا کر فنانسنگ کا مجموعی حجم 3 ارب 68 کروڑ ڈالرز سے تجاوز کر جائیگا، ماہ نومبر کے دوران 94 کروڑ 42 لاکھ ڈالرز کی غیر ملکی فنانسنگ ہوئی، جولائی تا نومبر 2 ارب 57 کروڑ ڈالرز کا غیر ملکی قرضہ لیا گیا، مالی سال کے 5 ماہ میں 9 کروڑ 44 لاکھ ڈالرز کی گرانٹس موصول ہوئیں، نومبر 2024 تک سعودی عرب کا 5 ارب ڈالرز کا ڈیپازٹ نہیں ملا اسی طرح چین سے 4 ارب ڈالرز کا سیف ڈیپازٹ بھی موصول نہیں ہوا۔

### بقیہ 34 — صوبائی

کا شعار بنا کر پاکستان کی تعمیر و ترقی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کر سکتے ہیں۔ صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ پاکستان کا استحکام اور بقاء اور سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان ہماری حتمی منزل ہے دریں اثناء صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس کے موقع بلوچستان کی تمام مسیحی برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو بحیثیت ملکی شہری ہر قسم کے مساوی حقوق حاصل ہیں، ہمارا مذہب اسلام اقلیتوں کو مساوی حقوق دینے کا درس دیتا ہے اور ہمارا آئین انہیں اپنی مذہبی عبادات رسومات اور تہواروں کو پوری آزادی سے منانے کی ضمانت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت اسلامی تعلیمات اور ملکی آئین کے تقاضوں کے عین مطابق ملک میں بسنے والی اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود ان کے جان و مال کے تحفظ اور ان کے تمام حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے۔

### بقیہ 35 — بلوچستان

شہناز عمرانی، سردار فیصل جمالی، میر لیاقت علی لہڑی، مجید بادینی، مینہ مجید اور میر جہانزیب مینگل کی رخصت کی درخواستیں پیش کی گئیں جنہیں ایوان نے منظور کرلیا۔

### بقیہ 36 — سوراب

5 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں کو آر ایچ سی ہسپتال ناگ ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کیلئے خضدار اور سوراب منتقل کر دیا گیا زخمیوں میں جہانزیب سکنہ سوراب، امان اللہ سکنہ سوراب جبکہ عنایت اللہ، عزیز اللہ اور خاتون کا تعلق تحصیل ناگ سے ہے۔

### بقیہ 37 — اقوام ڈوکی

وژن اور آباؤ اجداد کی بے مثال خدمات تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی گئی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے شاہین آرٹس اینڈ ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ سوسائٹی کے صدر و پروگرام آرگنائزر عبدالکریم شاہین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں شاہین آرٹس اینڈ ایجوکیشنل ڈویلپمنٹ سوسائٹی کے صدر عبدالکریم شاہین نے تمندار اقوام ڈوکی کو بابائے قوم قائداعظم کے یوم پیدائش پر جرگہ ہال سبی میں ہونے والے پروقار تقریب کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کرتے ہوئے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی دعوت دی تھی

### بقیہ 38 — اگر برصغیر

کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم پیدائش قائداعظم کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا چیف آف رند سردار یار محمد رند نے مزید کہا کہ آج سے 78 سال قبل برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں نے ناقابل فراموش قربانیاں دیں بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح نے حضرت ڈاکٹر علامہ اقبالؒ کے خواب کو پورا کرنے کیلئے برصغیر کے کروڑوں مسلمانوں کو اپنے ساتھ ملا کر یہ ملک حاصل کرنے کیلئے جو جدوجہد کی ان کی لازوال قربانیوں کی بدولت یہ ملک حاصل ہوا

### بقیہ 39 — ارباب کرم

ملنے پر موقع پر پہنچ کر نعش قبضے میں لے کر ہسپتال منتقل کر دی جس کی شناخت رب نواز شاہ سکنہ کلی کرانی کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے

### بقیہ 40 — چیئرمین سینیٹ

پر اکھٹا کر کے علیحدہ ملک کیلئے جدوجہد شروع کی اور برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کیلئے دو قومی نظریے کی بنیاد پر پاکستان کے قیام کو عملی جامہ پہنایا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ قیام پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ پوری قوم بانی پاکستان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور تادم ان کی احسان مند رہے گی بابائے قوم کی دور اندیشی اور سیاسی بصیرت نے قوم کی تقدیر بدلنے کیلئے اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط جیسے رہنما اصول وضع کئے۔ قیام پاکستان کی تحریک کیلئے محمد علی جناح ایسے ڈٹ کر کھڑے ہوئے کہ اس وقت کی سپر پاور کو ان کے سامنے سرنگوں ہونا پڑا

### بقیہ 41 — دھرنا

سے ہوتی ہوئی اسمبلی کے باہر پہنچے جہاں انہوں نے دھرنا دیا۔ شدید سردی میں دھرنا رات گئے تک جاری رہا۔ دھرنے کے موقع پر تقرر ناموں کے اجرا کے خلاف کامیاب امیدواروں کی احتجاجی تحریک کی سینٹرل کمیٹی کے رکن محمد اکرم نے بتایا کہ محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی 9 ہزار سے زائد خالی اسامیوں کے لیے فروری 2023 میں امیدواروں نے ٹیسٹ دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب 2 سال کا عرصہ مکمل ہونے کو ہے لیکن حکومت کامیاب ہونے والے امیدواروں کے تقرری کے احکامات جاری نہیں کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں اس وقت اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے 3 ہزار سے زائد اسکول بند ہیں جبکہ موجودہ حکومت میں مزید اسکول بند ہوئے ہیں مگر اس کے باوجود مختلف حیلے بہانوں سے کامیاب ہونے والے امیدواروں کے تقرر ناموں کے اجراء میں تاخیر کی جارہی ہے۔

### بقیہ 42 — مدارس

دور میں غیر ملکی طلبہ کے ویزوں پر پابندی عائد کی گئی تھی جس سے بے شمار مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، مفتی نعیم کی کوششوں سے 2019 میں تمام مکاتب فکر کے اکابر علما کا وفاقی وزارت تعلیم سے معاہدہ ہوا جس کے تحت مدارس کی رجسٹریشن کا عمل شروع ہوا اور طلبہ کے مسائل حل ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں نے سنجیدگی سے مسائل کا حل نکالا جس سے مدارس کا عالمی وقار بلند ہوا اور پاکستان کی مذہبی و تعلیمی حیثیت مزید مستحکم ہوئی، جامعہ کے مسائل وزارت تعلیم سے حل ہوئے لہٰذا اسی رجسٹریشن کے تحت رہنا چاہتے ہیں تاکہ معاملات چلتے رہیں۔

### بقیہ 43 — شکایات مندرجہ ذیل

بوقت صبح 00:11 تا 00:01 بجے سہ پہر کو نیب کے دفتر شکایات واقع ڈپٹی کمشنر آفس انسکمب روڈ کوئٹہ میں کیا جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ نام بمعہ ولدیت۔ کاپی قومی شناختی کارڈ، مکمل پتہ/ ایڈریس نشان انگوٹھا/ دستخط رابطہ نمبر موبائل/ گھر/ ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/ فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں ان پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا

### بقیہ 44 — پولیس ٹیم

پر پھینک دی گئی تھی قتیل شہید پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے کیا جس کے بعد ایس ایس پی سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ زوہیب محسن کی قیادت میں ٹیم تشکیل دی گئی ٹیم نے 24 گھنٹے کے اندر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزم کا سراغ لگایا، قاتل واقعہ کے بعد لورالائی فرار ہوگیا تھا پولیس ٹیم نے لورالائی جا کر ملزم کو گرفتار اور کوئٹہ منتقل کر دیا پولیس ذرائع کے مطابق گرفتار ملزم مقتول کا پارٹنر اور دوست تھا، اور قتل لین دین کے تنازعے پر کیا گیا تھا مقدمے میں نامزد دوسرے ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

### بقیہ 45 — انوار الحق کاکڑ

سے خطاب میں انوار الحق کاکڑ نے کہا معیشت میں سیالکوٹ اہم کردار ادا کر رہا ہے اگر یہ نہ ہوں تو لوگ غربت کی چکی میں پسیں گے، سب سے اہم صنعت کاروں کو احترام دینا ہے، مجھے آئی ٹی کیس نیٹ میں ریفارمز کی اشد ضرورت ہے، سابق نگران وزیراعظم نے کہا آئی پی پیز کو ہرا اعجاز نے جو اقدام لیے وہ سب کے سامنے ہیں، آئی پی پیز میں بھوک کو زہر سے منانے کا کام کیا، ٹیکسیشن اور صنعت کی بہتری کیلئے ڈیجیٹلائزیشن کریں گے، یونیورسٹی کے طلبا سے کام لیں گے۔

### بقیہ 46 — اسد قیصر

کے سامنے 3 نکات رکھے کہ ملک میں غیر قانونی اقدامات بند کیے جائیں، پی ٹی آئی کارکنوں سے جیل میں روا سلوک کا خاتمہ، عمران خان، پارٹی قیادت اور کارکنوں کو رہا کیا جائے، رہائی کا یہ مطلب نہیں کوئی رعایت مانگ رہے ہیں، عالمی ادارے بھی ملٹری کورٹ میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں، بانی پی ٹی آئی سمیت قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کوئی رعایت نہیں، قانونی حق مانگ رہے ہیں۔

### بقیہ 47 — ملک

دلچسپی کے امور اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں عوام کو ریلیف دینے اور مسائل کے دیرپا حل کیلئے اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی، محسن نقوی نے کہا پاکستان مشکل حالات سے باہر نکل رہا ہے، معاشی اشاریئے بہتری کی طرف گامزن ہیں، ہر آنے والا دن پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید سنا رہا ہے

### بقیہ 48 — پاکستان

۔ انہوں نے کرسمس کے موقع پر بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ایک دوسرے کے عقائد کو عزت واحترام دینا ہم سب کی بنیادی ذمہ داری ہے اور پرامن بقائے باہمی کے تحت ہی ہم ترقی کی نئی منزلیں طے کر سکتے ہیں

### بقیہ 49 — ڈاکٹر ربابہ بلیدی

لئے ترقی اور استحکام کی بنیاد فراہم کرتے ہیں ان اصولوں کو اپنانے سے ہی ہم ایک روشن اور خوشحال پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ رواداری، باہمی احترام اور جمہوری رویوں کو فروغ دینا قائداعظم کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ مشیر ترقی نسواں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے

### بقیہ 50 — بورڈ اجلاس

اداروں کی پرائیویٹائزیشن کے امور پر غور و خوض کیا اور اہم سفارشات پیش کی گئیں، پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ کے 229 ویں اجلاس میں گزشتہ بورڈ اجلاس کی کارروائی کی بھی منظوری دی گئی، وفاقی وزیر پرائیویٹائزیشن عبدالعلیم خان کی نجکاری کے تمام منصوبوں پر شفافیت کے ساتھ کام کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کردی

### بقیہ 51 — اللہ پاک

ٹیلی فون کر کے اس دلخراش واقعہ پر اظہار افسوس اور تعزیت کی انہوں نے کہا کہ مرحوم ملکری غلام رسول کھیازئی میرے کاروان کے ایک مخلص رہنماء تھے ان کی شہادت سے دل بہت رنجیدہ ہے انکی موت میرے اور علاقے کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے

### بقیہ 52 — پی ٹی آئی

ہے، بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے بات چیت کے آغاز سے اندازہ ہوتا ہے اسٹیبلشمنٹ کی حمایت یافتہ حکمران جماعت نے بالآخر پی ٹی آئی کے کچھ مطالبات مان لیے تاہم بڑھتا ہوا بین الاقوامی دباؤ طویل مدت سے التواء کے شکار مذاکرات کی وجہ ہے

### بقیہ 53 — آئین وقانون

ہمارے جائز و آئینی مطالبات عملی اور تحریری طور پر فوری تسلیم کرے، مشرق سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے جی ایچ اے کے سربراہ ڈاکٹر بہار شاہ نے کہا کہ حکومت نے ینگ ڈاکٹرز سمیت تمام یونینز پر پابندی عائد کی ہے جو آئین وقانون کے متصادم عمل ہے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز تنظیمیں اور جی ایچ اے غیر آئینی فیصلے کسی صورت نہیں مانیں گے

### بقیہ 54 — بے چینی

اساتذہ کی تعیناتیوں سے تعلیم کو فروغ ملے گا انہوں نے کہا کہ ایک طرف صوبے میں زندگی کے مختلف شعبے جو عوامی خدمت پر مامور ہیں پہلے سے تباہی سے دوچار ہیں دوسری جانب صوبے کے عوام بدترین بیروزگاری، بدامنی اور لاقانونیت کی وجہ سے انتہائی گھمبیر صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں۔ نااہل فارم 47 کی نااہل صوبائی حکومت سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی شارٹ لسٹڈ کامیاب اساتذہ کے ساتھ تاخیری حربوں سے کام لے رہی ہے اور کنٹریکٹ پالیسی غیر منصفانہ شرائط کی وجہ سے تمام امیدوار سخت بے چینی اور شدید کوفت مبتلا ہیں حکومت جلد از جلد اپنی تعلیم دشمن عوام دشمن پالیسیوں کو ترک اور تمام کامیاب امیدواروں کے مستقل آرڈرز جاری کرے

### بقیہ 55 — بابائے قوم

نے اپنے اعلیٰ کردار، مستقل مزاجی اور جدوجہد سے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے علیحدہ ملک کیلئے جدوجہد شروع کی اور برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کیلئے دو قومی نظریے کی بنیاد پر پاکستان کے قیام کو عملی جامہ پہنایا قیام پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ ہے پوری قوم بانی پاکستان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے

### بقیہ 56 — پی ٹی آئی

پی ٹی آئی ورکرز، یوتھ اور وکلا بھی نالاں ہیں، انصاف لائرز فرنٹ (آئی ایل ایف) کے عہدیدار کا وائس نوٹ منظر عام پر آیا جس میں کہا گیا مشال یوسفزئی کی غلط بیانی معاملات کے بگاڑ کا باعث بنے گی ہے

### بقیہ 57 — یقین دہانی

جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے وفد کے ہمراہ قبائلی رہنماء میر نصیب اللہ مری، سردار کوہیار ڈومکی سے الگ الگ ملاقات کی اور 29 دسمبر قومی قبائلی مشاورت کا دعوت نامہ دیا وفد میں جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر صوبہ مولانا عبدالکبیر شاکر، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، عبدالنعیم رند، اعجاز محبوب، مولانا عبدالحمید منصوری ودیگر شامل تھے اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے میر نصیب اللہ مری کو 29 دسمبر قومی قبائلی سربراہان مشاورت کا دعوت نامہ دیا

### بقیہ 58 — شرکت

سے جماعت کے عہدیداروں اور ذمہ داروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اول المؤمنین، سسر رسولﷺ، یار غار و مزار، امام الصحابہ خلیفہ بلافصل حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کے یوم وفات 22 جمادی الثانی پر ان سے اظہار عقیدت کے لئے عظیم الشان، فقید المثال، تاریخ ساز، سالانہ، روایتی، مطالباتی مدح صحابہؓ جلوس نکالا جائے گا اہل ایمان جوق در جوق شرکت فرما کر عظمت صحابہؓ کے جھنڈے کو بلند رکھنے میں اپنا موثر کردار ادا کریں

### بقیہ 59 — اسلام آباد ہائیکورٹ

بازیابی کیس میں عدالت نے ڈی جی ایم آئی کو بند لفافہ رپورٹ جمع کرانے کا حکم دیا، جسٹس محسن اختر کیانی نے کیس پر سماعت کی، جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیئے کیا فائدہ اس کمیشن کا جو کام ہی نہ کرے، کمیشن کو تو بند کر دیں اگر کمیشن کام کرتا تو درخواست گزار ہائیکورٹ کیوں آتی؟ اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے کہا درخواست گزار کا شوہر مظفر آباد سے لاپتہ ہوا وہاں ایف آئی آر درج ہے

### بقیہ 60 — پی ٹی آئی

نہیں مانگ رہے بلکہ فیکٹ اینڈ فائنڈنگ چاہتے ہیں، ایسا کوئی مطالبہ نہیں کر رہے جو ماورائے آئین ہو، سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کوئی اعتراض نہیں پی ٹی آئی کی مذاکراتی کمیٹی بانی پی ٹی آئی کو معلومات پہنچائے اور ہدایات لے

### بقیہ 61 — سیکورٹی فورسز

کررہی ہے صوبے میں پیپلز پارٹی کے اتحادی ہیں بلوچستان اسمبلی میں اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ڈھائی سال بعد بلاول بھٹو وزیراعظم بنانے پر راضی ہو تو صوبے میں وزارت اعلیٰ مسلم لیگ (ن) کو دینے پر تیار ہیں

### بقیہ 62 — اسرائیل

ساتھ کیا، حوثیوں کو واضح پیغام دینا چاہتا ہوں حماس اور حزب اللہ کو شکست دی، ایران کے دفاعی اور پیداواری نظام کو نقصان پہنچایا، شام میں بشار الاسد حکومت کو گرایا اب حوثیوں کے سٹرٹیجک انفرا سٹرکچر کو نقصان پہنچائیں گے۔

### بقیہ 63 — عوام

کے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کر رہے تھے جس میں سینکڑوں امیدواروں نے شرکت کیں احتجاجی مظاہرے سے پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری رحمت اللہ صابر، مداسنگر، پشتونخوا ایس او کے زونل سیکرٹری وارث افغان اور اساتذہ کے نمائندوں نے بھی خطاب کیا صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے کہا کہ صوبائی اسمبلی صوبے کے اقوام وعوام کا سب سے اہم اور نمائندہ فورم ہے اور اس فورم پر صوبے کے عوام کی ترقی و خوشحالی کے فیصلے ہونے چاہئے لیکن موجودہ اسمبلی میں اکثریت ان ممبران کی ہے جو فارم 47 کے ذریعے جعلی طریقے سے لائے گئے ہیں اور انہیں اپنے ذاتی وگروہی مفادات کے علاوہ صوبے کے اقوام وعوام کو درپیش سنگین صورتحال سے کوئی واسطہ نہیں

### بقیہ 64 — آئندہ سماعت

، سلیم الرحمان و دیگر کی مقدمات کی تفصیل درخواستوں پر سماعت کی، دوران سماعت درخواست گزاروں کے وکلانے کہا درخواست گزاروں نے مقدمات کی تفصیل کیلئے عدالت سے رجوع کیا ہے، عدالت نے ڈپٹی اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کیا آپ نے مقدمات پر رپورٹ جمع کرادی؟، ڈپٹی اٹارنی جنرل نے کہا تھوڑا ٹائم دیا جائے

### بقیہ 65 — علی وزیر

شاہانہ زندگی گزارنے میں معاونت فراہم کرتی جبکہ دوسری جانب حق گوئی وسائل پر اختیار ظلم وجبر کے خلاف کلمہ حق ادا کرنیوالے اس ملک کے سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کو مسلسل جھوٹے مقدمات میں پابند سلاسل ہے ان جیسے رویوں اور اقدامات سے احساس محرومی واحساس بیگانگی میں اضافہ فطری عمل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سابق رکن قومی اسمبلی پشتون تحفظ موومنٹ کے مرکزی اسیر رہنما علی وزیر سے گڈانی جیل میں ملاقات کے دوران کیا اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر منان افغان صوبائی سیکرٹری برائے امور محنت نواز علی برفت ایڈووکیٹ ضلعی جنرل سیکرٹری گوہر خان ایڈووکیٹ سیکرٹری اطلاعات عبید مشوانی اور اخونزادہ آغا شامل تھے

### بقیہ 66 — معاشرے

اور ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے ذاتی اور گروہی مفادات کی بجائے اجتماعی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے آپس میں پیار محبت کا پرچار کرتے ہوئے رہیں اور بھائی چارگی کو فروغ دے کر معاشرے میں اچھی مثال قائم کریں

### بقیہ 67 — سوشل میڈیا

جانب سے جاری نوٹس میں ملزموں کو طلب کیا گیا، ملزموں نے سوشل میڈیا پر جھوٹے پروپیگنڈے کے ذریعے پاکستان میں انتشار پھیلایا، جے آئی ٹی ملزموں، ساتھیوں کے پس پردہ مقاصد کا تعین کرنے کیلئے تحقیقات کر رہی ہے، جے آئی ٹی کے پاس ملزموں کیخلاف ٹھوس شواہد بھی موجود ہیں۔

### بقیہ 68 — کرسمس

ہے کہ قائداعظم کی والہانہ اور دانشمندانہ قیادت میں مسلم رہنماؤں کی انتھک جدوجہد اور عظیم قربانیوں کے نتیجے میں مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آیا جس کی بقاء وسلامتی ہماری اولین ذمہ داری اور ترجیح ہے۔ قائداعظم کے اصولوں ایمان، اتحاد تنظیم کو اپنی زندگی کا شعار بنا کر پاکستان کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کر سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کے حوالے سے جاری اپنے پیغام میں کیا ہے

### بقیہ 69 — غیر یقینی صورتحال

اس وقت مختلف مکتبہ فکر کے لوگ سراپا احتجاج ہیں جمعیت علماء اسلام ہی مسائل سے نجات دہندہ جماعت ہیں عوام کی امیدیں اسی عوامی جماعت سے وابستہ ہیں حالات سے ایسا لگ رہا ہے کہ جلد حکومتی اراکین اپنی بے بسی کا اعلانیہ اعتراف کریں گے انہوں نے کہ اب بھی وقت ہے کہ صوبے کی مجموعی صورتحال پر سنجیدہ غور کیا جائے، صوبے کو اس غیر یقینی صورتحال سے نکالنے اور واضح سمت متعین کرنے کیلئے صوبے کے تمام اسٹیک ہولڈر کے ساتھ سنجیدہ نوعیت کی مشاورت کی جائے

### بقیہ 70 — پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

حکومت فوری طور پر پاک افغان اور پاک ایران بارڈر کھولنے کا اعلان کرے، مصور کاکڑ کو اغواء ہوئے ایک ماہ ہونے کو ہے لیکن حکومت اور پولیس تاحال بچے کو بازیاب کرانے میں ناکام ہیں صوبے میں آباد پشتون اور بلوچ قبائلی عمائدین کو عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا

### بقیہ 71 — وزیرخزانہ

لائی گئی تھیں، وزارت خزانہ حکام نے کہا بل میں جو بھی اقدامات لیے جارہے ہیں وہ ٹیکس قوانین کو ریگولیٹ کرنے کیلئے لائے جارہے ہیں، رکن کمیٹی شبلی فراز نے کہا جو سمجھ آئی ہے وہ یہ بل کے ذریعے کوئی ٹیکس نہیں لگایا جارہا، بل ٹیکس ریونیو بڑھانے کیلئے ریگولیشن کو بہتر بنانے سے متعلق ہے ایسا لگتا ہے، سینیٹ کا ووٹ تو نہیں ہوتا، ہوتا تو وہی ہے جو قومی اسمبلی نے کہنا ہے، باہر بھی کوئی خوشی سے ٹیکس نہیں دیتا مگر لوگوں کو یقین ہے جو پیسہ ٹیکس کی مد میں لیا جاتا ہے وہ لوگوں پر خرچ ہوگا، وزیرخزانہ نے کہا شبلی فراز کی باتوں سے اتفاق کرتا ہوں، ٹیکس اتھارٹیز اور عوام کے درمیان اعتماد بحال کرنا ضروری ہے

### بقیہ 72 — بلوچستان

کے باوجود سویلینز کے ساتھ ایسا سلوک روا رکھنا یقیناً درست نہیں ہے بی این پی جمہوری سیاسی، ترقی پسند، روشن خیال جماعت ہے انسانی حقوق کے حوالے سے واضح موقف رہا ہے آمرانہ فیصلوں پر پارٹی نے ہمیشہ اپنی رائے کا اظہار کیا ہے آج جو پارٹیاں حکومتی فیصلوں کی تائید کر رہی ہیں وہ مستقبل میں جمہوریت کے چیمپئن ہونے کے دعوے نہیں کر سکیں گی بلوچستان اور ملک کی انسانی حقوق کی تنظیمیں جان چکی ہیں کہ ان پارٹیوں میں، جمہوریت اقتدار کے حصول تک ہے بلوچستان میں ماضی میں ان کا کردار دیکھا جائے تو ان کا مقصد ہمیشہ اقتدار کا حصول ہی رہا ہے

### بقیہ 73 — ایف بی آر

، بصرف نان فائلنگ اور انڈر فائلنگ کو ٹھیک کر رہے ہیں، انکم ڈیکلیریشن اور اخراجات میں فرق بہت زیادہ ہے، زیادہ تر کاروبار غیر رجسٹرڈ ہیں یا کم ٹیکس ادا کرتے ہیں، سیلز ٹیکس رجسٹریشن میں ٹیکنالوجی کا استعمال بڑھایا گیا، فعال ٹیکس گزار نہ ہونے کی صورت میں کاروبار سیل کیا جائے گا اور منقولہ جائیداد قبضے میں لی جائے گی، نئی تجاویز سے 95 فیصد لوگ متاثر نہیں ہوں گے

# ملک و قوم کی بہتری کیلئے مخلصانہ اور بھرپور کوششیں کی جائیں، جعفر مندوخیل

قائداعظم کے بتائے ہوئے تنظیم، اتحاد اور ڈسپلن کے اصولوں کو اپنا کر ملک کو حقیقی خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے

کوئٹہ میں تعلیم اور صحت کے شعبے میں مسیحی برادری کی گرانقدر خدمات ناقابل فراموش ہیں، کرسمس کے موقع پر مبارکباد

[illegible] ......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible]

## بولان: تیز رفتار گاڑی الٹنے سے 2 افراد جاں بحق

[illegible]

## 5 ماہ کے دوران 2.66 ارب ڈالرز کی غیرملکی فنڈنگ موصول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے رواں مالی سال کے ابتدائی 5 ماہ میں 2 ارب 66 کروڑ 79 لاکھ ڈالرز کی غیر ملکی فنڈنگ حاصل کی، وزارت اقتصادی امور نے رواں مالی سال 2024 کے ابتدائی 5 ماہ (جولائی تا نومبر) کے دوران بیرونی فنڈنگ پر رپورٹ جاری کردی، رپورٹ میں بتایا گیا آئی ایم ایف ........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

## بلوچستان میں تعلیم یافتہ نوجوان جینے کا حق مانگ رہے ہیں' مولانا لونی

[illegible] ......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

## کارکن پی بی 45 کے انتخابات میں حاجی علی مدد جتک کی کامیابی کیلئے اہم کردار ادا کریں، قاری مہراللہ

اسلام کے نام پر بددیانت اور مفاد پرست لوگوں نے سیاست کو بدنام کیا' رہنما جمعیت (ن)

کوئٹہ (پ ر) مرکزی جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ نے حلقہ پی بی 45 کے انتخابات کے حوالے سے تمام یونٹوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام یونٹیں حلقہ پی بی 45 کے انتخابات میں حاجی علی مدد جتک کی کامیابی کیلئے بھرپور کمپین چلائیں اسلام کے نام پر بددیانت اور مفاد پرست لوگوں نے سیاست کو بدنام کیا انہوں نے کہا کہ ووٹ ایک ملی وقومی ذمہ داری ہے عوام ذمہ داری اور شعور کے ساتھ نمائندے ......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شہید جمہوریت بینظیر بھٹو کی برسی کی تقاریب کی تیاریوں کے حوالے سے پارٹی کے ڈویژنل صدور، جنرل سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## جمالی اور ایری اقوام کے درمیان قتل کا تصفیہ ہو گیا

سادات، علماء کرام اور معتبرین پر مشتمل میڑھ کا ایری قبیلے نے استقبال کیا

ایری قبیلے نے بلوچی میڑھ کو عزت دی اور مجموعی طور پر 9 لاکھ بخش کر دیئے

سبی (نمائندہ مشرق) جمالی اور ایری اقوام کے درمیان قتل کا تصفیہ ہوگیا، فیصلے میں 32 لاکھ جمالی برادری کو تاوان ادا کرنا ہوگا، ایری برادری نے فیصلے میں سردارزادہ میر مہرک خان رند کو 5 لاکھ، اور بلوچی میڑھ کو 4 لاکھ روپے بخش دیا۔ جمالی ......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

## افسران کوئٹہ کو درپیش پانی کے سنگین مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھائیں' ایم ڈی واسا

خراب ٹیوب ویلز کی مرمت میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی' محمد گل خروٹی

کوئٹہ (آن لائن) منیجنگ ڈائریکٹر واسا محمد گل خروٹی کی زیر صدارت واسا کے تمام افسران اور انجینئرز کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے منیجنگ ڈائریکٹر نے انجینئرز اور افسران پر زور دیا کہ وہ کوئٹہ کے عوام کو درپیش پانی کے سنگین مسائل کے فوری حل کیلئے ضروری اقدامات اٹھائیں تاکہ عوام کو پینے کا پانی بروقت میسر ہو انہوں نے کہا کہ ٹیوب ویلز کی مرمت میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

## ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان ہماری حتمی منزل ہے، سلیم کھوسہ

پاکستان میں تمام اقلیتوں کو بحیثیت ملکی شہری ہر قسم کے مساوی حقوق حاصل ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے صوبائی پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے 25 دسمبر قائداعظم محمد علی جناح کی یوم ولادت پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کی والہانہ اور دانشمندانہ قیادت میں مسلم رہنماؤں کی انتھک جدوجہد اور عظیم قربانیوں کے نتیجے میں مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آیا جس کی بقاء وسلامتی ہماری اولین ذمہ داری اور ترجیح ہے۔ قائداعظم کے اصولوں ایمان، اتحاد اور تنظیم کو اپنی زندگی ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

## خریف سیزن میں پانی چوروں کیخلاف ایف آئی آر درج کی جائیگی، صادق عمرانی

حقدار زمینداروں کو بروقت پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے' افسران اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں، صوبائی وزیر ایریگیشن

[illegible] ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible]

## بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 10 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور

[illegible] ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

## قائداعظم کی مسلسل جدوجہد کے باعث آزاد ریاست کے مالک ہیں، کوہیار ڈومکی

[illegible] ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

## واشک: [illegible]

[illegible] ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

## ارباب کرم خان روڈ پر فائرنگ، ایک شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے ارباب کرم خان روڈ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے علاقے تھانہ سریاب کی حدود میں ارباب کرم خان روڈ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے پولیس نے واقع کی اطلاع ......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

## بابائے قوم کی انتھک محنت و لگن سے ہمیں آزاد ملک نصیب ہوا، سردار رند

ہمارے بزرگوں نے قائداعظم کی قیادت میں جان و مال کی قربانیاں دیں' یوم قائد پر پیغام

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سابق وفاقی وصوبائی وزیر سینئر پارلیمنٹرین سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح برصغیر پاک وہند کے وہ عظیم شخصیت ہیں جن کی ولولہ انگیز قیادت میں برصغیر کے لاکھوں مسلمانوں نے ایک الگ ریاست کیلئے جدوجہد کی جسے رہتی دنیا تک بھلایا نہیں جاسکتا تعلیم کا راستہ اپنانے والی قومیں ہی ترقی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن ہوتی ہیں بلوچستان کی ترقی خوشحالی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں ......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

## پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ، چیئرمین سینیٹ

قائداعظم محمد علی جناح ایک عظیم لیڈر اور ذہانت وفراست کے پیکر تھے' یوسف رضا گیلانی

مسائل کی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ ہم نے بابائے قوم کی تعلیمات بھلا دیں' یوم قائد پر پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح ایک عظیم لیڈر اور ذہانت وفراست کے پیکر تھے محمد علی جناح نے اپنے اعلیٰ کردار، مستقل مزاجی اور جدوجہد سے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

# اساتذہ کی اسامیوں کیلئے ٹیسٹ پاس کرنیوالے امیدواروں کا اسمبلی کے باہر دھرنا

2 سال قبل انٹرویو ٹیسٹ پاس کئے حکومت نے تقرری کے احکامات جاری نہیں ہورہے، مظاہرین کی نعرے بازی

اپوزیشن رہنماؤں میر یونس زہری، میر زابد علی ریکی ودیگر کا مظاہرین سے یکجہتی کا اظہار، مطالبات کی حمایت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان میں محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی خالی اسامیوں کے لیے ٹیسٹ پاس کرنے والے امیدواروں نے تقرر ناموں کے اجرا میں تاخیر کے خلاف منگل کو بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دیا۔ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے کامیاب ہونے والے امیدوار احتجاج کے لیے کوئٹہ میں جمع ہوئے تھے۔ انھوں نے کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن سے ریلی نکالی اور مختلف شاہراہوں ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی موجودگی میں سینئر پروگرام آفیسر آئی آر آئی ایاز اچکزئی کرسمس ڈے کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

## مدارس کی رجسٹریشن وزارت تعلیم کے تحت چاہتے ہیں، جامعہ بنوریہ

کراچی (بیورو رپورٹ) جامعہ بنوریہ عالمیہ کے نائب مہتمم شیخ فرحان نعیم نے کہا ہے کہ جامعہ کے مسائل وزارت تعلیم سے حل ہوئے اسی رجسٹریشن کے تحت رہنا چاہتے ہیں، کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مفتی فرحان نعیم نے کہا پرویز مشرف کے ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

## پی ٹی آئی سے مذاکرات کا آغاز عالمی دباؤ کا نتیجہ، بھارتی میڈیا کا دعویٰ

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارتی میڈیا نے کہا ہے مذاکرات کا اقدام سیاسی قیدیوں بشمول عمران خان کی رہائی سمیت متعدد متنازع معاملات کو حل کرنے کی طرف قدم ہے، عمران خان کیخلاف فوجی عدالت میں مقدمہ نہ چلانے کا معاملہ میز پر ہے اگرچہ کسی بھی فریق نے اپنے کارڈز شو نہیں کئے، پی ٹی آئی نے باقاعدہ تحریری مطالبات مانگے تاہم خیال یہی ہے عمران کی رہائی سرفہرست مطالبات میں شامل ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

## تمام یونینز پر پابندی عائد آئین و قانون کی خلاف ورزی ہے، جی ایچ اے

حکومت و جی ایچ اے کے درمیان وزیر صحت کی سربراہی میں مذاکرات جاری ہیں' ڈاکٹر بہار شاہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ نے کہا ہے کہ حکومت اور جی ایچ اے کے درمیان وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی سربراہی میں مذاکرات جاری ہے امید ہے کہ وہ جی ایچ اے کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر من وعن عملدرآمد کریگے، ابھی تک تحریری طور پر ہمیں کچھ نہیں ملا لیکن زبانی طور پر ہمارے تمام مطالبات تسلیم کرلئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے میں پولیو مہم بائیکاٹ کا سلسلہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے تاکہ حکومت ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

## حکومت بیروزگاری کے خاتمے میں مسلسل رکاوٹیں حائل کررہی ہے' پشتونخوا میپ

ایس بی کے امیدواروں کے تعیناتی آرڈرز جاری کئے جائیں' گل خلجی کا اسمبلی کے سامنے دھرنے سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی نے صوبائی اسمبلی کے سامنے ایس بی کے ٹیسٹ اور اساتذہ کی بھرتیوں میں شارٹ لسٹ کامیاب امیدواروں کے زیر اہتمام احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بیروزگاری کے خاتمے میں مسلسل رکاوٹیں حائل کررہی ہے، کامیاب امیدواروں کو تعیناتی کے آرڈرز جاری کئے جائیں اور ان میں پائی جانیوالی بے چینی کا خاتمہ کیا جائے میرٹ اور قابل باصلاحیت ......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

# عمران خان اور پارٹی کارکنوں کی رہائی سمیت 3 مطالبات پیش کریئے، اسد قیصر

معاشی حالات اور امن وامان کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے حکومت کو ایک راستہ دیا، رہنما پی ٹی آئی

کوئی رعایت نہیں مانگ رہے، عالمی ادارے بھی ملٹری کورٹ میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف آواز اٹھارہے ہیں، صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے حکومت سے مذاکرات میں عمران خان اور پارٹی قیادت کی رہائی سمیت 3 نکات رکھے ہیں، معاشی حالات اور امن وامان کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے حکومت کو ایک راستہ دیا، دیکھتے ہیں حکومت کتنی سنجیدگی ظاہر کرتی ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا حکومت ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سے آل پاکستان مائن اونرز ایسوسی ایشن کا وفد صدر میر بہروز ریکی، سیکرٹری جنرل فتح شاہ عارف کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

## ہر طبقے کا ایک دوسرے کو غلط تصور کرنا بڑا چیلنج ہے، انوار الحق کاکڑ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سابق نگران وزیراعظم اور صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے ہر طبقہ ایک دوسرے کو غلط تصور کررہا ہے یہی وہ بڑا چیلنج ہے جو میرے سامنے آیا، صنعت کاروں ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

## ہر آنیوالا دن پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید سنا رہا ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے معاشی اشاریئے مثبت ہیں، ہر آنیوالا دن پاکستان کے روشن مستقبل کی نوید سنا رہا ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی سے ایم کیو ایم کے چیئرمین و وفاقی وزیر خالد محمود صدیقی نے ملاقات کی، باہمی ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

## پی آئی اے کی نجکاری اب زیادہ آسان اور پرکشش بنادی، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے پی آئی اے کی نجکاری اب زیادہ آسان اور پرکشش بنادی، ڈسکوز کی نجکاری کے امور کو حتمی شکل دی جائے، وفاقی وزیر نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ کا اجلاس ہوا، اجلاس میں مختلف ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

## سابق صوبائی وزیر جعفر جارج کی قوم کو کرسمس کی مبارکباد

ترقی و خوشحالی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، پیغام

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، سابق صوبائی وزیر جعفر جارج نے کرسمس کے موقع پر پوری مسیحی قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج کا دن قوم کیلئے بڑا مقدس دن ہے پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے مسیحی قوم پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور امن کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں گے کرسمس کے پرمسرت موقع پر ہمیں پاکستان کی خوشحالی اور قومی یکجہتی اور امن کیلئے خصوصی دعائیں کی جائیں ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

## قوم کے عظیم رہنماء کے اصول، اتحاد، تنظیم، یقین محکم ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، ربابہ بلیدی

انہی اصولوں پر عمل پیرا ہوکر وطن عزیز کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنا ہوگا' یوم قائد پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) مشیر محکمہ ترقی نسواں بلوچستان ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قوم کے عظیم رہنماء کے اصول، اتحاد، تنظیم اور یقین محکم، ہماری رہنمائی کے لئے مشعل راہ ہیں۔ آج ہمیں بحیثیت قوم ان اصولوں پر عمل پیرا ہوکر وطن عزیز کو درپیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنا ہوگا ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ قائداعظم کی بصیرت اور عزم کی بدولت پاکستان کا قیام ممکن ہوا، اور ان کے زریں اصول ہمارے ......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

## نیب کی شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کل ہوگی

شکایات کنندگان روبرو ڈی جی نیب شکایتی درخواست جمع کراسکتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد بمقام نیب دفتر شکایات واقع ڈپٹی کمشنر آفس انسکب روڈ کوئٹہ صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد 26 دسمبر 2024 ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

## کوئٹہ' ائیر پورٹ روڈ سے ایک روز قبل ملنے والی لاش کا معمہ حل

قاتل مقتول کا دوست ہی نکلا جسے لورالائی سے گرفتار اور کوئٹہ منتقل کر دیا گیا' پولیس ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ ائیر پورٹ روڈ سے ایک روز قبل ملنے والی لاش کا معمہ حل ہوگیا، جس میں قاتل مقتول کا دوست نکلا پولیس کے مطابق 22 دسمبر کو صبح چھ بجے جمیل شہید پولیس کو ائیر پورٹ روڈ پر نادرا آفس کے قریب سے پشتون آباد کے رہائشی محمد یعقوب کی لاش ملی تھی مقتول کو خنجر کے وار اور فائرنگ کر کے قتل کیا گیا تھا اور اس کی لاش ائیر پورٹ روڈ ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

## ٹکری غلام رسول کھیازئی کا قتل قابل مذمت ہے، نواب زہری

دل رنجیدہ ان کی جدائی میرے اور علاقے کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے' بھائی سے ٹیلی فون پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنماء سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں قبائلی رہنماء ٹکری غلام رسول کھیازئی کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقامی انتظامیہ قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھاکر سوگوار خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے نواب ثناء اللہ خان زہری نے گزشتہ روز مرحوم کے بھائی کو ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی محتسب کوئٹہ کے ہیڈ غلام سرور بروہی اور ڈپٹی رجسٹرار امیر محمد رند ہزارہ کمیونٹی کی جانب سے کھلی کچہری کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# پی ٹی آئی سے تحریری مطالبات مانگے مذاکرات کیلئے کوئی غیر ملکی دباؤ نہیں، راجہ پرویز اشرف

کوئی اعتراض نہیں پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی بانی پی ٹی آئی کو معلومات پہنچائے اور ہدایات لے، عرفان صدیقی

ریلیف نہیں مانگ رہے بلکہ فیکٹ اینڈ فائنڈنگ چاہتے ہیں، کوئی مطالبہ نہیں کر رہے جو ماورائے آئین ہو، حامد رضا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے رہنما راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے مذاکرات کیلئے تحریک انصاف سے تحریری چارٹر آف ڈیمانڈ مانگا، کوئی غیر ملکی دباؤ ہے نہ عدالتی فیصلہ مؤخر ہونے کا اس سے کوئی تعلق ہے، رہنما ایم کیو ایم فاروق ستار نے کہا انہیں تو ٹرمپ کا فون نہیں آیا کہ وہ ان کیساتھ بیٹھیں اور بات کریں، مل کر بات چیت کرنے سے مسائل حل ہوتے ہیں، صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ریلیف ......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، نواب ثناء اللہ زہری، میر علی حسن زہری، سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری بات چیت کر رہے ہیں

## لاپتہ افراد کمیشن کام کرتا نہ کرنے دیتا، صرف دھوکہ دے رہا ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) لاپتہ شہری بازیابی کیس کی سماعت کے دوران اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے ریمارکس دیئے لاپتہ افراد کمیشن کام کرتا ہے اور نہ کرنے دیتا ہے بلکہ صرف دھوکہ دے رہا ہے، آزاد کشمیر کے لاپتہ شہری مدثر خان کی ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

## شاندانہ گلزار ودیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ نے رکن قومی اسمبلی شاندانہ گلزار ودیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی، پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور جسٹس صاحبزادہ اسدنے شاندانہ گلزار، جنید اکبر، آصف خان، فضل خان ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

## سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا کرنے والے 11 ملزموں کو نوٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا کرنے پر آئی جی اسلام آباد نے 11 ملزموں کو نوٹس جاری کر دیئے، ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر جرائم کی روک تھام کیلئے ایکٹ 2016 کے سیکشن 30 کے مطابق وفاقی حکومت نے آئی جی پولیس کے ماتحت مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) بنائی، جے آئی ٹی سربراہ آئی جی اسلام آباد کی ......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

## پشتونوں کیساتھ ظلم سے احساس بیگانگی میں اضافہ فطری عمل ہے' اصغر اچکزئی

علی وزیر پرامن جدوجہد پر یقین رکھتے ان کے صبر واستقامت کو سلام پیش کرتے ہیں' رہنما اے این پی

حب (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے پشتونوں اور بلوچوں کیساتھ گزشتہ 77 سالوں سے حکمران اشرافیہ کی جانب سے روا معاندانہ طرز عمل امتیازی سلوک عدل وانصاف کے دہرے و امتیازی معیار 'جمہوریت کے دعویداروں انسانی حقوق کے علمبرداروں کی چپ سادھ کو المیہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف ریاست ہزاروں پشتونوں کے قاتل احسان اللہ احسان کو پروٹوکول کے ساتھ دیار غیر ......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

## قائداعظم کی دانشمندانہ قیادت میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا' سردار کھیتران

ایمان، اتحاد و تنظیم کو شعار بنا کر پاکستان کی تعمیر و ترقی کیلئے کردار ادا کر سکتے ہیں' پیغام

ملک بھر خصوصاً بلوچستان میں مسیحی برادری کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے' کرسمس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران نے برصغیر کے مسلمانوں کیلئے علیحدہ ریاست کے قیام کے سلسلے میں قائداعظم محمد علی جناح کی والہانہ قیادت اور انتھک جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

## بلوچستان کے عوام حکمرانوں سے مایوس ہیں' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

اتحاد واتفاق ویکجہتی کی ضرورت ظلم وجبر کیخلاف منظم ومتفقہ جدوجہد ناگزیر ہے' امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی قیادت میں وفد کے ہمراہ میر نصیب اللہ مری، سردار اسد جان مینگل، سردار کمال خان ہنگلزئی، سردار محمد عظیم محمد شہی، سردار سعید جان لانگو، سردار کوہیار ڈومکی، نواب زادہ گہرام بگٹی، سردار جلال خان لاشاری، میر ظفر اللہ کھیتی، ملک محمد ہاشم خان کاکڑ، حاجی یوسف خان کاکڑ سے ملاقات ورابطہ 29 دسمبر قومی قبائلی مشاورت میں شرکت کی دعوت دی امیر ......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

## آج سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی یوم شہادت پر مدح صحابہؓ جلوس نکالا جائیگا، مولانا رمضان مینگل

اہل ایمان جلوس میں شرکت فرما کر عظمت صحابہؓ کے جھنڈے کو بلند رکھنے میں کردار ادا کریں' سربراہ سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ آج سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی یوم شہادت کے موقع پر 22 جمادی الثانی 25 دسمبر کو اکرم ہسپتال سے کوئٹہ پریس کلب تک مدح صحابہؓ جلوس نکالا جائے گا تاجران، وکلاء، برادری و دیگر بھرپور انداز میں شرکت کر کے حضور ﷺ اور صحابہ کرام سے اپنی محبت کا اظہار کریں اور انتظامیہ سیکورٹی کے موثر انتظامات یقینی بنائے یہ بات انہوں نے مدح صحابہؓ ریلی کے حوالے ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

## ایس بی کے پاس اساتذہ کرام کی تعیناتیوں میں تاخیری حربے قابل مذمت ہیں' نصر اللہ زیرے

صوبائی اسمبلی اہم فورم اس میں صوبے کے عوام کی ترقی کے فیصلے ہونے چاہئے' امیدواروں کے دھرنے سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے کہا ہے کہ ایس بی کے ٹیسٹ میں پاس اساتذہ کرام کی تعیناتیوں میں تاخیر فارم 47 کی حکومت شعوری منصوبے کے تحت کرری ہے اور 2019' کے ٹیسٹ کی پالیسی کے برخلاف اقدامات صوبے کے اقوام وعوام کو قبول نہیں بلکہ فوری طور ایس بی کے ٹیسٹ کے تحت 9000 اساتذہ کی تعیناتی لازمی ہے وہ صوبائی اسمبلی کے سامنے ایس بی کے ٹیسٹ میں پاس شدہ اساتذہ ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

## مسیحی برادری بھائی چارگی کو فروغ دیکر متحد رہیں' ٹائٹس جانسن

کرسمس کے پرمسرت موقع پر مسیحی برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں' رہنما بی این پی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سابق اقلیتی رکن صوبائی اسمبلی ٹائٹس جانسن نے کہا ہے کہ کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری آپس میں پیار محبت اور بھائی چارگی کو فروغ دے کر آپس میں متحد ہوکر رہیں اپنے جاری کردہ کرسمس کے پیغام میں انہوں نے کہا کہ کرسمس کے پرمسرت موقع پر میں مسیحی برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

## اسمبلی فلور پر اہم نوعیت کے مسائل نظر انداز کئے گئے تو بھیانک نتائج نکلیں گے' مولانا واسع

ہر شہری حکومت سے مایوس صوبے کو تاریکی میں دھکیلا جارہا ہے' صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ صوبے کے معتززین اور عوامی نمائندوں کے اسمبلی فلور پر سنجیدہ نوعیت کے مسائل نظر انداز کئے گئے تو اچھے نتائج مرتب نہیں ہوں گے صوبے کا ہر شہری حکومت سے مایوس ہو چکا ہے صوبے کو تاریکی میں دھکیلا جارہا ہے، حکومت عوام کے مسائل سننے میں سنجیدہ نہیں ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

## فوجی عدالتوں سے پی ٹی آئی کارکنوں کی سزائیں قابل تشویش ہیں' بی این پی

بی این پی روشن خیال جماعت' کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں فوجی عدالتوں سے پی ٹی آئی رہنماؤں و کارکنوں کو سزاؤں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ عمل انسانی حقوق کی پامالی کے مترادف عمل ہے سویلینز کو سزاؤں پر ملکی وغیر ملکی انسانی حقوق کی تنظیمیں خدشات وتحفظات کا اظہار کر رہے ہیں ملک میں آئین، عدالتیں موجود ہیں مگر اس ......... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

# بابائے قوم کے اصولوں پر عمل پیرا ہوکر ہمیں صرف ملک کیلئے سوچنا ہوگا، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی

قائداعظم محمد علی جناحؒ نے قوم کی تقدیر بدلنے کیلئے اتحاد، ایمان، نظم وضبط جیسے رہنما اصول وضع کئے' سلیم کھوسہ' بخت کاکڑ' نور محمد دمڑ' عاصم کرد گیلو

قیام پاکستان قائداعظمؒ کی انتھک کاوشوں کا نتیجہ، پوری قوم تادم احسان مند رہے گی' ولی نورزئی' زرک مندوخیل' عبید گورگیج

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ' بخت محمد کاکڑ' نور محمد دمڑ' میر عاصم کرد گیلو' میر صادق عمرانی' حاجی ولی محمد نورزئی اور اراکین اسمبلی سردار مسعود خان لونی' شیخ زرک خان مندوخیل' میر عبید گورگیج نے بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناحؒ کے یوم ولادت اور پاکستان اور دنیا بھر میں بسنے والی مسیحی برادری کو کرسمس تہوار پر مبارکباد کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

## پی ٹی آئی میں مشال یوسفزئی کو جنرل رانی کا خطاب مل گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) میں مشال یوسفزئی کو جنرل رانی کا خطاب مل گیا، ذرائع کے مطابق انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد میں مشال یوسف زئی اور پی ٹی آئی وکلا کے مابین تلخ کلامی ہوئی، مشال یوسفزئی کے ناروا رویئے سے ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ وفد کے ہمراہ سردار کوہیار ڈومکی، میر نصیب اللہ مری کو 29 دسمبر قبائلی سربراہان مشاورت کا دعوت نامہ دے رہے ہیں

## اسرائیل نے اسماعیل ہنیہ کو شہید کرنے کا باقاعدہ اعتراف کرلیا

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیل نے پہلی بار عوامی سطح پر حماس کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کو شہید کرنے کا اعتراف کر لیا، اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا حوثی رہنماؤں کیساتھ بھی وہی کریں گے جو اسماعیل ہنیہ، یحییٰ السنوار اور حسن نصر اللہ کے ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

## پی پی و مسلم لیگ (ن) کے درمیان ڈھائی سالہ معاہدے کا علم نہیں' قدوس بزنجو

مسلم لیگ بلاول بھٹو کو وزیراعظم بنانے پر راضی ہو تو وزارت اعلیٰ دینے پر تیار ہیں' سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سینیٹر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے درمیان ڈھائی ڈھائی سالہ حکومتی فارمولے کا علم نہیں ایک سازش کے تحت صوبے میں حالات خراب کئے گئے اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہمارے لوگ غیروں کے ہاتھ میں کھیل رہے ہیں وفاق میں پیپلز پارٹی مسلم لیگ (ن) کو سپورٹ ......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

## آئندہ سال 8 طیارے پی آئی اے بیڑے میں شامل ہوں گے، سی ای او

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سی ای او قومی ایئرلائن نے کہا ہے آئندہ سال 8 طیارے قومی ایئرلائن کے بیڑے میں شامل ہوں گے، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ایوی ایشن کا اجلاس چیئرمین کمیٹی نوابزادہ افتخار کی زیر صدارت ہوا، سی ای او قومی ایئرلائن نے بریفنگ دی، اجلاس کے دوران کمیٹی چیئرمین نے ارکان سے کہا سی ای او قومی ایئرلائن سے آئے ہیں ان کے سامنے سوالات رکھ دیں

## اسمبلیوں میں بیٹھے نمائندے عوام کے منتخب کردہ نہیں' مظلوم اولسی تحریک

پشتون اور بلوچ قبائلی عمائدین کو عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا' صادق خان اچکزئی

مصور کاکڑ کی بازیابی میں ادارے ناکام نظر آرہے ہیں' پریس کلب میں شمولیتی پروگرام سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مظلوم اولسی تحریک پاکستان کے سربراہ حاجی صادق خان اچکزئی نے کہا ہے کہ اسمبلیوں میں بیٹھے نمائندے عوام کے منتخب کردہ نہیں بلکہ وہ عوام پر زبردستی مسلط کئے گئے ہیں، بلوچستان کے عوام کا روزگار بارڈر سے وابستہ ہے ......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران کے دفتر میں مصور کاکڑ کی بازیابی کمیٹی آل پارٹیز کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان امیونائزیشن توسیعی پروگرام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# فعال ٹیکس گزار نہ ہونیکی صورت میں کاروبار سیل کیا جائیگا، چیئرمین ایف بی آر

صرف نان فائلنگ اور انڈر فائلنگ کو ٹھیک کر رہے ہیں، انکم ڈیکلیریشن و اخراجات میں فرق بہت زیادہ ہے

قوانین ترمیمی بل میں کوئی نیا ٹیکس نہیں، ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 5 سال میں 18 فیصد تک جائیگی، راشد محمود لنگڑیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی ریونیو بورڈ (ایف بی آر) کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے فعال ٹیکس گزار نہ ہونے کی صورت میں کاروبار سیل کیا جائے گا اور منقولہ جائیداد قبضے میں لی جائے گی، سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس ہوا، کمیٹی کو ٹیکس قوانین ترمیمی بل پر بریفنگ دی گئی، چیئرمین ایف بی آر نے شرکا کو بتایا ٹیکس قوانین ترمیمی بل میں کوئی نیا ٹیکس نہیں ......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مقامی ہوٹل میں کرسمس ٹری کو خوبصورتی سے سجایا گیا ہے

# معاشی شرح نمو بڑھانے کیلئے خامیاں دور نہ کی گئیں تو نتیجہ صفر بٹا صفر ہوگا، وزیر خزانہ

ٹیکس اتھارٹیز اور عوام کے درمیان اعتماد بحال کرنا ضروری، ایف بی آر صرف ٹیکس محصولات کے امور کو دیکھے گا، سینیٹر اورنگزیب

ٹیکس پالیسی کیلئے علیحدہ یونٹ قائم کیا جائیگا، رواں سال ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح کو 10.3 فیصد سے بڑھائینگے، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر خزانہ اورنگزیب نے کہا ہے ٹیکس اتھارٹیز اور عوام کے درمیان اعتماد بحال کرنا ضروری ہے، سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس ہوا، اجلاس میں قومی اسمبلی کی جانب سے ٹیکس قوانین پر بھجوائے گئے بل کا شق وار جائزہ لیا گیا، وزیر خزانہ اورنگزیب نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا بل کا مقصد کمپلائنس کو بڑھانا ہے، بجٹ میں مختلف تجاویز ......... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر